www.mashriqquetta.com.pk

کوئٹہ اور حب سے شائع ہونیوالا واحد قومی روزنامہ

ABC CERTIFIED باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

Daily MASHRIQ QUETTA

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)

روزنامہ مشرق کوئٹہ

چیف ایگزیکٹو: سید ممتاز احمد

جلد 54 | اتوار 15 صفر 1447ھ 10 اگست 2025ء، صفحات 24 | شمارہ 36

رجسٹرڈ BC-m-1 | Email. mashriqqta2008@gmail.com | PTCL 081-2827345 081-2827344 | قیمت 40 روپے

بلوچستان میں امن لوٹ رہا ہے چند سو مسلح افراد کا جتھا 25 کروڑ عوام پر اپنا نظریہ مسلط نہیں کرسکتا، میر سرفراز بگٹی

بلوچستان پاکستان کا دل ہے اور اس کے بغیر ملک کا وجود نا ممکن ہے، بدقسمتی سے صوبے کی خوبصورت حقیقت کو بیان کرنے والے بہت کم لوگ ہیں اور ان کی آواز کو بھی اکثر نظر انداز کر دیا جاتا ہے

سوشل میڈیا موجودہ دور کا سب سے بڑا فتنہ ہے، بدقسمتی سے اب معصوم لوگوں کے قتل کو بلوچ روایات کے برعکس قبائلی اور حقوق کے حصول کا رنگ دینے کی کوشش کی جا رہی ہے، وزیر اعلیٰ بلوچستان

صوبے کے مسائل ضرور ہیں لیکن پسماندگی کسی کو ہتھیار اٹھانے اور ریاست کے خلاف بغاوت کا جواز نہیں دیتی، آئین میں وفاداری لازم قرار دی گئی ہے، قومی استحکام پاکستان کانفرنس سے خطاب

گوادر میں پانی کی قلت اور برقی مسائل کے مستقل حل کے لیے وزیر اعظم شہباز شریف کی زیر صدارت ویڈیو لنک اجلاس، اعلیٰ حکام کو وزیر اعلیٰ بلوچستان سے مشاورت کرکے مسائل کرنے کی ہدایات

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ بلوچستان پاکستان کا دل ہے اور اس کے بغیر ملک کا وجود ناممکن ہے، مگر بدقسمتی سے صوبے کی خوبصورت حقیقت کو بیان کرنے والے بہت کم لوگ ہیں اور ان کی آواز کو بھی اکثر نظر انداز کر دیا جاتا ہے انہوں نے کہا کہ قیام پاکستان میں بلوچستان کے عوام کا کردار تاریخ میں سنہری حروف سے لکھا جائے گا کیونکہ صوبے کے قبائلی مشران نے قائد اعظم محمد علی جناح کی قیادت میں جرگہ بلا کر پاکستان کے ساتھ الحاق کا تاریخی فیصلہ کیا وہ ہفتہ کو کوئٹہ میں "فتح معرکہ حق" اور جشن آزادی کی مناسبت ...... بقیہ 1 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ (خ ن) گوادر میں پانی کی قلت اور برقی مسائل کے مستقل حل کے لیے وزیر اعظم محمد شہباز شریف کی زیر صدارت ہفتہ کو اسلام آباد میں اعلیٰ سطحی اجلاس منعقد ہوا جس میں وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کوئٹہ سے بذریعہ ویڈیو لنک شرکت کی اجلاس میں گوادر کے آبی مسائل، موجودہ چیلنجز اور جاری اقدامات پر تفصیلی غور کیا گیا وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے وزیر اعظم کو آگاہ کیا کہ برقی عدم استحکام اور ایران سے بجلی کی بندش کے باعث گوادر میں ڈی سیلینیشن پلانٹ کو بلاتعطل چلانے میں مشکلات درپیش ہیں انہوں نے کہا...... بقیہ 2 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان کا آذربائیجان، آرمینیا میں امن معاہدے کا خیر مقدم

خطوں میں امن کے فروغ میں صدر ٹرمپ کی کوششوں کا اعتراف کرتے ہیں

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان نے آذربائیجان اور آرمینیا کے درمیان ہونے والے امن معاہدے کا خیر مقدم کیا ہے، ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق تاریخی لمحہ آذربائیجان قیادت کی دانشمندی کا عکاس ہے، تاریخی لمحہ لمبے عرصے تک جاری رہنے والے تنازع کو پرامن حل تک پہنچانے کی عکاسی کرتا ہے، پاکستان تنازعات کے حل دونیا کے...... بقیہ 6 صفحہ نمبر 7 پر

وزیر اعظم شہباز شریف سے نیشنل پارٹی کے صدر ڈاکٹر مالک بلوچ ملاقات کر رہے ہیں

بلوچستان کے نوجوانوں کو تعلیم و روزگار کے یکساں مواقع فراہم کرینگے، وزیر اعظم

بلوچستان کی ترقی و خوشحالی اور وہاں کے عوام کی فلاح و بہبود حکومت کی اولین ترجیح ہے' میاں شہباز شریف

ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ سے ملاقات میں گفتگو' سربراہ نیشنل پارٹی نے خصوصی کوششوں پر وزیر اعظم کا شکریہ ادا کیا

اسلام آباد (شاکر رحمان) وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ بلوچستان کی ترقی و خوشحالی اور وہاں کے عوام کی فلاح و بہبود حکومت کی اولین ترجیح ہے، حکومت بلوچستان کے نوجوانوں کو تعلیم اور روزگار کے یکساں...... بقیہ 7 صفحہ نمبر 7 پر

ڈی جی آئی ایس پی آر کی طلبہ کیساتھ خصوصی نشست، یکجہتی کا بھرپور اظہار

دشمن عناصر چاہے جتنی بھی کوشش کرلیں، نوجوان نسل کو فوج سے دور نہیں کر سکتے، طلبہ

راولپنڈی (زاہد احمد خان) راولپنڈی میڈیکل یونیورسٹی میں...... بقیہ 8 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ، اے این پی کے مرکزی صدر ایمل ولی خان اے این پی کے بعد لشکری رئیسانی، مولانا واسع، مولانا ہدایت الرحمٰن، خوشحال خان، اصغر اچکزئی، شاہینہ کاکڑ عبدالرحیم زیارتوال ودیگر کے ہمراہ پریس کانفرنس کر رہے ہیں

دونوں ممالک اپنے طیاروں کے موجودہ ذخیرے کی آزادانہ تصدیق کرالیں، بھارت کو چیلنج، وزیر دفاع کا

بھارتی ایئر چیف کا پاکستان کے طیارے گرانے کا دعویٰ مضحکہ خیز و بے بنیاد، 3 ماہ تک کوئی دعویٰ نہیں کیا گیا

تمام پاکستانی طیارے محفوظ رہے، جنگیں جھوٹ نہیں، اخلاقی برتری، قومی عزم مہارت سے جیتی جاتی ہیں، خواجہ آصف

اسلام آباد (زاہد احمد خان) پاکستان نے بھارتی فضائیہ ایئر چیف کے حالیہ بیانات کو بے بنیاد اور غیر حقیقی قرار دے دیا، وزیر دفاع خواجہ آصف نے بھارتی ایئر چیف کے کئی ماہ بعد جنگ کے دوران پاکستان کے طیارے گرانے کے بیان کو مضحکہ خیز قرار دیتے ہوئے کہا بھارتی فوج کے سینئر افسروں کو ناکامیوں کا چہرہ بنایا جا رہا ہے جو دراصل بھارتی سیاسی قیادت کی سٹریٹجک کوتاہیوں کا نتیجہ ہیں، 3 ماہ تک بھارت...... بقیہ 5 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ، وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی فتح معرکہ حق و جشن آزادی کی مناسبت سے قومی استحکام پاکستان کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

دہشتگردی کیخلاف جنگ میں پوری قوم سیکیورٹی فورسز کیساتھ کھڑی ہے، وزیر اعظم سرحدی علاقے سے دہشتگردوں کا صفایا بڑی کامیابی ہے، صدر مملکت

ژوب میں فورسز کا آپریشن 14 دہشتگرد ہلاک، دو روز میں تعداد 47 ہو گئی

ضلع ژوب میں سمبازہ کے گردونواح میں بھارتی حمایت یافتہ خوارج کی موجودگی پر کلیئرنس آپریشن کیا گیا، دہشت گردوں کے قبضے سے بھاری مقدار میں اسلحہ، گولہ بارود اور بارودی مواد برآمد

پاک فوج اور دیگر ادارے پاک سرزمین کو دہشتگردوں کے ناپاک وجود سے محفوظ رکھنے کیلئے پر عزم ہیں، دو روز میں کارروائیوں کے دوران دہشتگردوں کو ہلاک کرکے امن قائم کیا، آئی ایس پی آر

فورسز کے جوانوں نے اپنی جان پر کھیل کر دہشت گردوں کی دراندازی ناکام بنائی، شہباز شریف، فورسز نے بلوچستان میں امن کو سبوتاژ کرنے کی گھناؤنی سازش کو ناکام بنایا، صدر آصف علی زرداری

سیکورٹی فورسز نے فوری ایکشن کرکے فتنہ الہندوستان کے دہشتگردوں کی سرحدی علاقے میں پیش قدمی ناکام بنائی، بھارتی سپانسرڈ دہشتگردوں کے مکمل خاتمے کیلئے پوری قوم متحد و منظم ہے، وفاقی وزیر محسن نقوی

کوئٹہ (آن لائن، این این آئی) سیکورٹی فورسز نے پاک افغان سرحد...... بقیہ 3 صفحہ نمبر 7 پر

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے...... بقیہ 4 صفحہ نمبر 7 پر

5 مغربی ممالک نے اسرائیل کے فوجی آپریشن اور غزہ پر قبضے کے منصوبے کو مسترد کر دیا

منصوبہ پہلے سے تباہ کن انسانی بحران کو مزید سنگین بنانے کیساتھ خطے میں امن کے امکانات کو نقصان پہنچائے گا

فوری و مستقل جنگ بندی یقینی بنا کر مسئلہ فلسطین کا دو ریاستی حل نکالا جائے، برطانیہ، آسٹریلیا، جرمنی، اٹلی، نیوزی لینڈ

لندن (بیورو رپورٹ) 5 مغربی ممالک نے اسرائیل کے فوجی آپریشن اور غزہ پر قبضے کے منصوبے کو مسترد کر دیا، برطانیہ، آسٹریلیا، جرمنی، اٹلی اور نیوزی لینڈ نے مشترکہ بیان میں کہا منصوبہ پہلے سے تباہ کن انسانی بحران کو مزید سنگین بنا دیگا، یرغمالیوں کی...... بقیہ 9 صفحہ نمبر 7 پر

جناح ہاؤس، عسکری ٹاور حملہ کیس، عمر ایوب کی ضمانت درخواستیں خارج

سزا یافتہ مجرم کو حفاظتی راہداری ضمانت نہیں ملتی، سرنڈر سے پہلے اپیل بھی نہیں کرسکتا، عدالت

لاہور (بیورو رپورٹ) لاہور کی انسداد دہشت گردی عدالت نے جناح ہاؤس، عسکری ٹاور حملہ اور تھانہ شادمان کو جلانے کے مقدمات میں پی ٹی آئی رہنما عمر ایوب کی ضمانت درخواستیں خارج کر دیں، مقدمات کی سماعت لاہور کی انسداد دہشت گردی عدالت...... بقیہ 10 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستانی مشنز میں ویزا اجرا کا عمل تیز کیا جائے، نائب وزیر اعظم

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے پاکستانی مشنز میں ویزا اجرا کا عمل تیز کرنے کی ہدایت کر دی، دفتر خارجہ سے جاری بیان کے مطابق اسحاق ڈار نے اہم اجلاس کی صدارت...... بقیہ 12 صفحہ نمبر 7 پر

اے این پی کا مائنز اینڈ منرل ایکٹ کیخلاف قرارداد لانے کا اعلان

مرکزی صدر نے صوبائی پارلیمانی لیڈر کو اسمبلی میں قرارداد جمع کرانے کی ہدایت کر دی

کوئٹہ (یو این اے) عوامی نیشنل پارٹی کے رہنما ایمل ولی خان نے بلوچستان اسمبلی میں مائنز اینڈ منرل ایکٹ کے خلاف قرارداد لانے کا اعلان کرتے ہوئے...... بقیہ 11 صفحہ نمبر 7 پر

پاک بھارت جنگ رکوانا بڑا کارنامہ 5 سے 6 طیارے گرائے گئے، ٹرمپ

کشیدگی بڑھتی تو صورتحال اور بھی خراب ہو سکتی تھی، میں نے تجارت کے ذریعے معاملہ حل کرایا

ایسے ممالک کیساتھ ڈیل نہیں کرنا چاہتا جو خود اور شاید دنیا کو تباہ کرنے پر تلے ہوں، صحافیوں سے گفتگو

واشنگٹن (بیورو رپورٹ) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ایک بار پھر پاک بھارت جنگ بندی کا ذکر چھیڑ دیا، وائٹ ہاؤس میں آذربائیجان اور آرمینیا میں...... بقیہ 13 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان کی نیشنل آرٹیفیشل انٹیلی جنس پالیسی منظور کر لی گئی

2030 تک مصنوعی ذہانت کے شعبے میں 30 لاکھ نوکریوں کا اضافہ ہوگا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان کی نیشنل آرٹیفیشل انٹیلی جنس پالیسی منظور کر لی گئی، وفاقی وزیر انفارمیشن ٹیکنالوجی شزہ فاطمہ نے کہا 2030 تک مصنوعی...... بقیہ 14 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان تعلیم و صحت پر اخراجات کا ہدف پورا کرنے میں ناکام

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان گزشتہ مالی سال بین الاقوامی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) کی جانب سے مقرر...... بقیہ 15 صفحہ نمبر 7 پر

بیجنگ: پاکستان کا دفاعی و سیکیورٹی تعاون کسی تیسرے فریق کیلئے نہیں، چین

چین اپنے سازوسامان کی ترقی کی کامیابیوں کو پاکستان سمیت دوست ممالک کیساتھ شیئر کرنے کیلئے تیار ہے

پاکستانی فوج نے اپنے دفاعی سازوسامان کو جدید بنانے کیلئے چینی ساختہ Z-10ME اٹیک ہیلی کاپٹر کو شامل کیا

بیجنگ (بیورو رپورٹ) چین کی وزارت دفاع نے پاکستان کو چینی ساختہ Z-10ME اٹیک ہیلی کاپٹر شامل کرنے پر جواب دیتے ہوئے کہا چین پاکستان کا دفاعی و سیکیورٹی تعاون کسی تیسرے فریق کیلئے نہیں، چین کی وزارت قومی دفاع کے ترجمان جیانگ بن نے کہا چین اپنے سازوسامان کی ترقی کی کامیابیوں کو پاکستان سمیت دوست ممالک کے ساتھ شیئر کرنے کیلئے تیار ہے، پاکستانی فوج نے اپنے دفاعی سازوسامان کو جدید بنانے کیلئے چینی ساختہ Z-10ME اٹیک ہیلی کاپٹر کو شامل کیا، جیانگ بن نے...... بقیہ 19 صفحہ نمبر 7 پر

9 مئی مقدمات میں عمران خان کی 8 اپیلیں سماعت کیلئے مقرر

سپریم کورٹ کا 3 رکنی بینچ چیف جسٹس یحییٰ آفریدی کی سربراہی میں سماعت کرے گا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) بانی چیئرمین پی ٹی آئی عمران خان...... بقیہ 16 صفحہ نمبر 7 پر

ایم ڈی کیٹ فیس میں 80 فیصد اضافے کی خبریں بے بنیاد ہیں، ترجمان

امتحان کا یکساں نصاب پی ایم اینڈ ڈی سی نے تمام سٹیک ہولڈرز کی مشاورت سے تیار کیا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان میڈیکل اینڈ ڈینٹل کونسل...... بقیہ 17 صفحہ نمبر 7 پر

پرتگال سکینڈل کی آزادانہ تحقیقات ہونی چاہئیں، بیرسٹر سیف

وزیر دفاع خواجہ آصف نے اپنے فرنٹ مین کو بچانے کیلئے استعفے کا شوشہ چھوڑا

پشاور (بیورو رپورٹ) وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا کے مشیر برائے...... بقیہ 18 صفحہ نمبر 7 پر

اسلام آباد ایئرپورٹ کو 8 دن کیلئے بند کرنے کا فیصلہ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان ایئرپورٹ اتھارٹی نے اعلان کیا ہے یوم آزادی پریڈ کی ریہرسل کے باعث اسلام آباد انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر پروازوں کی آمد و روانگی عارضی طور پر معطل رہے گی نوٹس ٹو ایئرمین (NOTAM) کے مطابق 11، 12 اور...... بقیہ 20 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان کے 6 طیارے گرائے، بھارتی ایئر چیف کا جنگ کے 3 ماہ بعد مضحکہ خیز دعویٰ

پاکستان کے 5 لڑاکا اور ایک ریڈار طیارہ تباہ کیا، لارج ایئر کرافٹ کو 300 کلومیٹر دور سے گرایا گیا، امر پریت سنگھ

زیادہ تر طیارے زمین سے فضا میں میزائل فائر کرنیوالے روسی ساختہ ایس 400 دفاعی سسٹم سے تباہ کیے، نیا شوشہ

نئی دہلی (بیورو رپورٹ) پاکستان کے 6 طیارے گرائے، بھارتی ایئر چیف نے جنگ کے 3 ماہ بعد مضحکہ خیز دعویٰ کر دیا، ایئر چیف مارشل امر پریت سنگھ نے نیا شوشہ چھوڑتے ہوئے کہا پاکستان کے 5 لڑاکا اور ایک ریڈار طیارہ تباہ کیا زیادہ تر طیارے زمین سے فضا میں میزائل فائر کرنیوالے روسی ساختہ ایس...... بقیہ 23 صفحہ نمبر 7 پر

سرکاری حج سکیم کیلئے درخواستوں کی وصولی کا پہلا مرحلہ مکمل

آن لائن پورٹل اور نامزد بینکوں میں حج درخواستوں کی تعداد 71 ہزار سے تجاوز

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) ترجمان مذہبی امور کے مطابق سرکاری حج سکیم 2026 کیلئے درخواستوں کی وصولی کا پہلا مرحلہ مکمل ہو گیا، آن لائن پورٹل...... بقیہ 22 صفحہ نمبر 7 پر

شیر افضل مروت پی ٹی آئی کا حصہ نہیں، سلمان اکرم راجہ کا دوٹوک پیغام

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) تحریک انصاف کے سیکرٹری جنرل سلمان اکرم راجہ نے دوٹوک بیان میں شیر افضل...... بقیہ 24 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان، تاجکستان کی مشترکہ انسداد دہشتگردی مشق "دوستی ٹو" اختتام پذیر

مشق کے دوران تمام تربیتی و فوجی سفارت کاری کے مقاصد کامیابی سے حاصل کیے گئے

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) پاکستان اور تاجکستان کی 6 روزہ مشترکہ انسداد دہشتگردی مشق "دوستی ٹو" کامیابی سے مکمل ہو گئی، آئی ایس پی آر کے مطابق مشق میں پاکستان آرمی کی لائٹ کمانڈو بٹالین اور 2 کمپنی ٹیموں نے شرکت کی، تاجکستان کی اسپیشل فورسز کی 4 کمپنی...... بقیہ 25 صفحہ نمبر 7 پر

عمران، بشریٰ کیخلاف توشہ خانہ ٹو کیس کی سماعت ملتوی

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) بانی پی ٹی آئی عمران خان اور اہلیہ بشریٰ کیخلاف توشہ خانہ ٹو کیس کی سماعت ملتوی کر دی گئی، ذرائع کے مطابق توشہ خانہ ٹو کیس کی سماعت اڈیالہ جیل میں سپیشل جج سینٹرل اسلام آباد کے روبرو مقرر تھی جسے عدالت نے ملتوی کر دیا، عدالتی...... بقیہ 21 صفحہ نمبر 7 پر

پی ٹی آئی اراکین نے ارکان کی رکنیت معطلی کو ہائیکورٹ میں چیلنج کر دیا

لاہور (بیورو رپورٹ) تحریک انصاف نے اپنے ارکان کی رکنیت معطلی کو لاہور ہائیکورٹ میں چیلنج کر دیا، پی ٹی آئی کے رکن پنجاب اسمبلی امتیاز محمود شیخ نے اظہر صدیق ایڈووکیٹ کے توسط سے عدالت میں درخواست دائر کی، درخواست میں موقف اپنایا...... بقیہ 26 صفحہ نمبر 7 پر

ضمنی الیکشن لاہور، حماد اظہر کے کاغذات نامزدگی مشروط طور پر منظور

لاہور (بیورو رپورٹ) این اے 129 ضمنی الیکشن کے سلسلے میں پی ٹی آئی کے رہنما حماد اظہر کے کاغذات نامزدگی کی جانچ پڑتال کا عمل مکمل ہو گیا، حماد اظہر کے کاغذات نامزدگی کی جانچ پڑتال وکیل ابوذر سلمان نے مکمل کرائی، ریٹرننگ افسر نے کہا مختلف محکموں سے ڈیٹا منگوا لیا، جائزہ لینے کے بعد...... بقیہ 28 صفحہ نمبر 7 پر

وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی گوادر میں پانی سے متعلق وزیر اعظم کی زیر صدارت اجلاس میں ویڈیو لنک کے ذریعے شریک ہیں

مسلسل 3 روز اضافے کے بعد سونا 300 روپے تولہ سستا

کراچی (بیورو رپورٹ) ملک بھر میں سونے کی قیمت میں مسلسل اضافے کے بعد معمولی کمی دیکھی گئی، آل پاکستان جیمز اینڈ جیولرز ایسوسی ایشن کے مطابق ملک بھر میں سونے کی قیمت میں 300 روپے کی کمی ہوئی، فی تولہ قیمت 3 لاکھ 62 ہزار 400 روپے...... بقیہ 27 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان اور پشتونخوا وطن میں جاری دہشتگردی غلط پالیسیوں کا نتیجہ ہے، ایمل ولی خان

تمام جماعتیں مائنز اینڈ منرلز ایکٹ کی منظوری کے خلاف بلوچستان اسمبلی میں مشترکہ قرارداد پیش کریں گی

دونوں صوبوں میں جانی و مالی نقصانات معلوم کرنے کیلئے ٹروتھ کمیشن بنانے اور آپریشن بند کرنے کا مطالبہ کرتے ہیں

فارم 47 کے حکمران اور اسمبلیاں عوام کی نمائندگی کا حق نہیں رکھتے، پریس کلب میں آل پارٹیز کانفرنس میں ہوئے فیصلوں کے اعلان کے موقع پر گفتگو

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) عوامی نیشنل پارٹی کے مرکزی صدر و سینیٹر ایمل ولی خان نے کہا ہے کہ بلوچستان کے سلگتے ہوئے مسائل کے حل کیلئے صوبے کی تمام اپوزیشن اور...... بقیہ 31 صفحہ نمبر 7 پر

بھارتی انتخابی عمل کی شفافیت پر سوالات، مودی کے فراڈ کا پردہ چاک

نئی دہلی (بیورو رپورٹ) بھارت کے انتخابی عمل کی شفافیت پر سوالات اٹھنا شروع ہو گئے، مودی کے فراڈ کا پردہ چاک ہو گیا، راہول گاندھی نے پریس کانفرنس میں بی جے پی دور کے انتخابی فراڈ کا پردہ چاک کرتے ہوئے کہا کروڑوں لوگوں کو انتخابات میں دھاندلی کا شک تھا کیونکہ بی جے پی کو کبھی عوامی ناراضی کا سامنا نہیں ہوا، رائے شماری اور ایگزٹ پولز کچھ اور دکھاتے...... بقیہ 29 صفحہ نمبر 7 پر

9 مئی جلاؤ گھیراؤ کے مزید 2 مقدمات کا فیصلہ محفوظ

کوٹ لکھپت جیل میں دلائل مکمل، فیصلہ 11 اگست کو سنایا جائے گا



لاہور (م ڈ) انسداد دہشت گردی عدالت لاہور نے تھانہ شادمان جلاؤ گھیراؤ اور جناح ہاؤس کے قریب راحت بیکری چوک پر پولیس کی گاڑیاں نذر آتش کرنے کے مقدمات کا فیصلہ محفوظ کر لیا ہے، دونوں مقدمات...... بقیہ 32 صفحہ نمبر 7 پر

سندھ ہائیکورٹ نے ایکس کیڈر عہدوں کیلئے جج نامزد کر دیئے

کراچی (بیورو رپورٹ) سندھ ہائیکورٹ نے ایکس کیڈر عہدوں کیلئے ججز نامزد کر دیئے، ممبر انسپکشن ٹیم ون نے سیکرٹری وزارت قانون و انصاف کو خط لکھ...... بقیہ 30 صفحہ نمبر 7 پر

میڈیکل چیک اپ کیلئے چیف جسٹس کی پولی کلینک ہسپتال آمد، سٹاف کی دوڑیں

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) چیف جسٹس یحییٰ آفریدی میڈیکل چیک اپ کیلئے پولی کلینک ہسپتال گئے، ذرائع کے مطابق چیف جسٹس کی پولی کلینک آمد...... بقیہ 33 صفحہ نمبر 7 پر

ایف بی آر نے مشروبات مینوفیکچرنگ یونٹس کی نگرانی سخت کر دی

لاہور (بیورو رپورٹ) فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) نے مبینہ ٹیکس چوری کی اطلاعات پر کارروائی شروع کرتے ہوئے مشروبات مینوفیکچرنگ یونٹس کی نگرانی سخت کر دی، لاہور، گوجرانوالہ و...... بقیہ 34 صفحہ نمبر 7 پر

امریکی صدر نے ایک اور جنگ رکوا دی، آذربائیجان آرمینیا کے درمیان امن معاہدہ

آذربائیجان کے صدر الہام علیوف، آرمینیا کے وزیر اعظم نکول نے امریکی صدر سے ملاقات میں معاہدے پر دستخط کیے

دونوں ممالک بڑی جنگ کی طرف جا رہے تھے، میں نے کہا لڑائی نہیں تجارت کرو، پاک بھارت لڑائی بھی رکوائی، ڈونلڈ ٹرمپ

واشنگٹن (بیورو رپورٹ) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے آذربائیجان اور آرمینیا کے درمیان امن معاہدہ کرا دیا، وائٹ ہاؤس میں آذربائیجان کے صدر الہام علیوف اور آرمینیا کے وزیر اعظم نکول پشینیان نے امریکی صدر سے ملاقات میں جنگ بندی معاہدے...... بقیہ 35 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان کے مسائل کا حل قائد اعظم کے اصولوں پر عمل میں پوشیدہ ہے، مرکزی مسلم لیگ

حکومتیں عوامی مسائل کے حل میں ناکام رہی ہیں، ملک کو بچانے کے لیے تمام سیاسی قوتوں کو سر جوڑ کر بیٹھنا ہوگا، ادریس مغل

بی این پی کے رہنما حافظ خلیل الرحمٰن کی اپنے ساتھیوں سمیت مستعفی ہوکر پاکستان مرکزی مسلم لیگ میں شمولیت خوش آئند قرار

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) پاکستان مرکزی مسلم لیگ کے مرکزی صدر خالد مسعود سندھو، صوبائی صدر ادریس مغل نے کہا ہے کہ موجودہ حکومت بلوچستان کو امن کا گہوارہ بنانے میں مکمل طور پر ناکام ہو چکی ہے جس کی وجہ سے بدامنی عروج پر ہے۔ تمام مسائل کا حل صرف مذاکرات کے ذریعے ہی ہو سکتا ہے ...

سابق وفاقی وزیر خلیل جارج اقلیتی برادری کی جشن آزادی کی ریلی کے بعد میڈیا سے بات چیت کر رہے ہیں

نظام کی تبدیلی کے بغیر عوام کو حقوق نہیں مل سکتے، کامریڈ امداد قاضی

سرمایہ دار، جاگیردار، ملا گٹھ جوڑ نے چاروں اکائیوں میں تفریق ڈال رکھی ہے

کوئٹہ کے نواحی علاقے بنیادی سہولیات سے محروم ہیں، مکینوں کا وزیراعلیٰ سے نوٹس لینے کا مطالبہ

گنجان آباد علاقوں اچکزئی روڈ، کاکڑ کالونی، جمعیت روڈ، خیزی چوک، کلی سبیل اور ملحقہ بستیوں میں چوری، رہزنی اور منشیات فروشی عام ہے

بجلی کی لوڈشیڈنگ کا دورانیہ 12 سے 16 گھنٹے ہو چکا ہے، مولوی خدائے نظر، حاجی محمود، اخوندزادہ، گاجی خان، نظام کاکڑ و دیگر کی مشرق سروے ٹیم سے بات چیت

کوئٹہ (ایریا رپورٹر) آئین پاکستان میں شہری حقوق پر فوری عملدرآمد کا مطالبہ کرتے ہوئے کوئٹہ کے عوام نے تمام اداروں کی غفلت اور لاپرواہی کا اظہار کرتے ہوئے بتایا ہے کہ کوئٹہ کے معروف اور گنجان آباد علاقوں اچکزئی روڈ، کاکڑ کالونی، جمعیت روڈ، خیزی چوک ...

کوئٹہ، پاکستان مرکزی مسلم لیگ میں حافظ خلیل اللہ اور دیگر کی شمولیت کے موقع پر مرکزی صدر خالد مسعود سندھو دیگر پریس کانفرنس کر رہے ہیں

بلوچستان کے بیشتر اضلاع میں موسم گرم اور مرطوب، سبی میں درجہ حرارت 44 ڈگری تک پہنچ گیا

کوئٹہ (یو این اے) محکمہ موسمیات کے مطابق بلوچستان کے بیشتر اضلاع میں موسم گرم اور مرطوب رہے گا۔ کوئٹہ اور ژوب میں زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 37 ڈگری، قلات میں 31، زیارت میں 26، تربت اور چمن میں 38، نوکنڈی میں 43 جبکہ سبی میں 44 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا۔ ساحلی علاقوں گوادر اور جیوانی میں زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 31 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ ہوا۔

ٹیکنیکل کیڈر کے ملازمین کی ترقیوں کا مسئلہ جلد حل ہوگا، ڈائریکٹر افرادی قوت و تربیت

کوئٹہ (پ ر) ڈائریکٹر افرادی قوت و تربیت ارشاد احمد سے اٹیچڈ ڈیپارٹمنٹس آفیسرز ایسوسی ایشن کے صدر عبداللہ درانی کی قیادت میں وفد نے ملاقات کی۔ وفد میں میر محمد اعظم ریئسانی، خیر محمد رند اور حاجی ظہور احمد درانی بھی شامل تھے ...

قلعہ عبداللہ قوم ملیزئی کے سربراہ خان امان اللہ اچکزئی سے انکے بھائی کی وفات پر اے این پی کے مرکزی صدر ایمل ولی خان فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

انجمن فلاح بہبود اخبار فروشاں کا اجلاس آج 4 بجے اخبار مارکیٹ میں ہوگا

گزشتہ 2 سالہ کارکردگی اگست 2025 تا اگست 2027 کے انتخابات کا اعلان ہوگا

کوئٹہ (این این آئی) انجمن فلاح بہبود اخبار فروشاں کا اجلاس مورخہ 10 اگست بروز اتوار 4 بجے اخبار مارکیٹ میں ہوگا، اجلاس کی صدارت حاجی غازی خان محمد شہی کریں گے۔ انجمن فلاح بہبود اخبار فروشاں کوئٹہ بلوچستان کے سیکرٹری جنرل حاجی اللہ گل محمد حسنی نے کابینہ اور مجلس عاملہ کے ممبران کو تاکید کی جاتی ہے کہ وہ اجلاس میں شرکت کر کے وقت کا پابندی کریں۔ اجلاس میں گزشتہ 2 سالہ کارکردگی اگست 2025 تا اگست 2027 کے انتخابات کا اعلان ہوگا۔

ایمل ولی خان کے اعزاز میں خوشحال خان کاکڑ کا عشائیہ

مسلم باغ (آن لائن) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے چیئرمین خوشحال خان کاکڑ نے عوامی نیشنل پارٹی کے سربراہ ایمل ولی خان اور ان کے وفد کے اعزاز میں مسلم باغ میں اپنی رہائش گاہ "افغان کور" میں پرتکلف عشائیہ دیا ...

ڈائریکٹر افرادی قوت و تربیت ارشاد احمد سے اٹیچڈ ڈیپارٹمنٹ آفیسرز ایسوسی ایشن کا وفد ملاقات کر رہا ہے

عمران خان نے تین سالہ دور حکومت میں گالی گلوچ کلچر کو فروغ دیا، سمندر خان کاسی

قوم کو جو سبز باغ دکھائے گئے آج خود خمیازہ بھگت رہا ہے، قبائلی و سیاسی رہنما کا بیان

کوئٹہ (آن لائن) خان عبدالولی خان کے پیروکار ملک سمندر خان کاسی ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ عمران خان سیاست کے الف ب سے ناواقف ...

کوئٹہ، اے پی ایف ٹی یو کے زیر اہتمام سیمینار بموضوع آئین و قانون کی پاسداری اور انسانی بنیادی حقوق کے حوالے سے مزدور رہنما، حاجی رمضان اچکزئی، خان زمان، ارشد یوسفزئی، حسن بلوچ، محمد یار علی زئی، محمد عمر جنگ، عابد بٹ، سید آغا محمد خطاب کر رہے ہیں

پارلیمانی سیکرٹری سماجی بہبود ولی محمد نورزئی سے حلقے کے عوام ملاقات کے موقع پر بات چیت کر رہے ہیں

بلوچستان میں کرپشن کی نئی تاریخ رقم ہو رہی ہے، چوہدری نوید احمد

سوشل میڈیا پر کرپشن کی داستانیں سن کر رونگٹے کھڑے ہو جاتے ہیں، کنوینر جے ڈبلیو پی

کوئٹہ (آن لائن) جمہوری وطن پارٹی کے مرکزی کنوینر چوہدری نوید احمد نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ ...

پاکستان چلڈرن اکیڈمی کوئٹہ کے انتخابات 11 اگست کو ہونگے

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) پاکستان چلڈرن اکیڈمی کا ایک اہم اجلاس زیر صدارت محمد آصف وائس چیئرمین منعقد ہوگا اجلاس بسلسلہ الیکشن 2025 تا 2028 منعقد ہوگا تمام اراکین مجلس عاملہ سے گزارش ہے کہ مورخہ 11-08-2025 بروز پیر بوقت 5 بجکر 30 منٹ پر ایوان اطفال خوجک روڈ پر تشریف لائیں

رکنیت سازی کا مقصد اکابرین کے نظریاتی مشن کو آگے بڑھانا ہے، مفتی شفیع الدین

دہشتگردوں کا خاتمہ کرنے کی بجائے انٹرنیٹ کی سہولت چھین لی گئی ہے، عالم خان کاکڑ

طلبہ کی تعلیم، نوجوانوں کے روزگار اور تاجروں کے کاروبار کو مفلوج کر دیا گیا ہے، پی ٹی آئی رہنما

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) پاکستان تحریک انصاف بلوچستان کے سابق ایڈیشنل جنرل سیکرٹری عالم خان کاکڑ نے کہا ہے کہ دنیا انٹرنیٹ اور جدید ٹیکنالوجی اپنا کر نہ صرف اپنے عوام کو سہولت دے رہی ہے ...

بلوچستان پولیس کے ڈی آئی جی اور ایس پیز کے تبادلے

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) بلوچستان پولیس کے ڈی آئی جی اور ایس پیز کے تبادلے کر دیئے گئے ...

چیئرمین قائمہ کمیٹی مواصلات میر اعجاز حسین جھکرانی سے انکی پھوپھی کے انتقال پر پی پی پی بلوچستان کے رہنما انجینئر ہادی عسکری کی قیادت میں وفد فاتحہ خوانی کر رہا ہے

پریس کلب، بیورو چیف سماء کے خلاف بے بنیاد پروپیگنڈہ قابل مذمت ہے، بی یو جے

یکطرفہ بیانیہ پھیلانا صحافتی اخلاقیات کے منافی اور عوامی اعتماد کو بھی مجروح کرتا ہے

بلوچستان کی صحافتی برادری کی ساکھ کو نقصان پہنچانا اور انتشار پیدا کرنے کا نوٹس لیا جائے

حکومت بلوچستان کو امن کا گہوارہ بنانے میں ناکام ہوئی ہے، خالد مسعود سندھو

تمام مسائل کا حل صرف مذاکرات کے ذریعے ہی ہو سکتا ہے، مرکزی صدر مرکزی مسلم لیگ

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان مرکزی مسلم لیگ کے مرکزی صدر خالد مسعود سندھو، صوبائی صدر ادریس مغل نے کہا ہے کہ موجودہ حکومت بلوچستان کو امن کا گہوارہ بنانے میں مکمل طور پر ناکام ہے ...

ہوائی فائرنگ کرنے والے شریعت، قانون دونوں کے مجرم ہیں، حافظ حسین احمد شرودی

گرمیوں کے موسم میں لاتعداد قیمتی معصوم جانیں ضائع ہو چکی ہیں، جمعیت علماء اسلام ضلعی امیر کوئٹہ

کچلاک کو آبادی کے تناسب سے سہولیات فراہم کی جائیں، پشتونخوا میپ

ایران و عراق جانے والے زائرین کیلئے بائی روڈ پابندی سمجھ سے بالاتر ہے، کاشف حیدری

ویزے جاری ہونے کے باوجود بائی روڈ سفری راستہ بند کرنا غیر منطقی اور عوام دشمن فیصلہ ہے

زیارت اوکی جرگہ کمیٹی کا اجلاس 11 اگست صبح 11 بجے طلب کر لیا گیا

پشتون دشمن قوتیں قوم کو دہشتگرد ثابت کرنے پر تلی ہوئی ہیں، احمد خان

انتقال پرملال / اظہار تعزیت



کوئٹہ، ماہ ربیع الاول کے پروگراموں کے حوالے سے میلاد کمیٹی کوئٹہ کے اجلاس کی صدارت صدر نعیم احمد مدنی کر رہے ہیں

NOTICE INVITING TENDER

The Executive Engineer, Urban Planning & Development Department ,Kalat Division invites the sealed tenders based on Composite Schedule of Rates 2023, Government of Balochistan, amended up-to-date from interested Contractors / Firm , for the following works:

S.#	Name of Works.	E/Cost
1	CONSTRUCTION OF FOOTSAL GROUND AT YOUSAFZAI KHALIQ DISTRICT KALAT (PSDP No.5576) **TSE-252608804893**	29,702,774
2	CONSTRUCTION OF FOOTSAL GROUND AT BRINCHNA KHALIQABAD DISTRICT KALAT (PSDP No.5571) **TSE-252608804913**	29,702,774
3	CONSTRUCTION OF FOOTSAL GROUND AT ZARD KHALIQABAD DISTRICT KALAT (PSDP No.5578) **TSE-252608805303**	29,702,774

The Procurement shall be carried out in accordance with Balochistan Public Procurement Regulatory Authority rules, 2014 amended up to date. **BASIC ELIGIBITY:** The Firm/ Contractors must have valid registration with Pakistan Engineering Council who also has deposited case for renewal (2024-25) in relevant Category. Firms (Single Entity) having valid registration with Pakistan Engineering Council (PEC) in the Category C 5 or above and the relevant Specialized code. The firm must register in Balochistan Revenue Authority and presence in active tax payer list (ATL) Valid Registration with Income Tax & Presence in Active Tax Payer List in FBR (ATL) Turnover at least of last three years. The bidder must have completed 3 Assignment of similar nature of work. The bids must accompany Bid Security in the form of Call Deposit or Bank Guarantee of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan. Other Mandatory conditions and Detail Criteria mentioned in the Bidding Documents. **METHOD OF PROCUREMENT:** Single Stage-Two Envelope Procedure. **ISSUANCE:** The firms/contractors can also download the bidding documents from the BPPRA website at www.bppra.org.pk. The tender processing fee of Rs. 1,000/- for each tender must be deposited in the government treasury under the head of account C-03870 through the Green Challan Form at the National Bank of Pakistan (NBP) detail mentioned in bidding documents. **Deadline of Submission**: The bidding Documents duly filled and attached with supporting documents must be delivered in sealed envelopes by hand or through registered mail to the address mentioned below on or before on 27/08/2025 at 1:00 PM. **Tender Opening:** All tenders will be opened on same day at the office of the undersigned at 2:00 PM. Address: Office of the Executive Engineer Urban Planning & Dev: Department, Kalat Division at Khuzdar. Telephone No. 0848413467 Bid Validity Period: Ninety (90) Days.
Email: eeupddsibi4201@gmail.com

PRQ No.470/08-08-2025

EXECUTIVE ENGINEER
Urban Planning & Dev: Department
Kalat Division at Khuzdar

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

TENDER NOTICE

TSE-252608804213 Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB. The Executive Engineer invites bids from Eligible Bidders for execution of following works for the Year 2025 based on Composite schedule rates 2023 on Percentage Rates Tender Fee Rs1000 PKR & Bid Security 3%

S.No	Name of Work/s	E/Cost
1	REHABILITATION OF FLOOD PROTECTION WALL AT KILLI MOLVI MUHAMMAD KHAN SHERANI	10,000,000

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** The bidder must have completed 1 Assignment of similar nature of work Turn over of at least 7,000,000 PKR Amount in5 subsequent previous years showing financial capacity of the firm **Procedure Of Procurement:** Single Stage One Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of Bank Gurantee,Deposit at Call of 3 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The bidding documents can be obtained from the office of the under-signed 1,000 PKR **Issuance of tender Documents:** From the date of publication of NIT to 25 August, 2025during office hours on working days **Last Date of bid submission:** The Tenders must be submitted latest by 25 August, 2025till 12:00 PM. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at the office of the under-signed at 01:00 PM **Address:** office of the Executive Engineer irrigation division Sherani Phone no: 3337815121
Email: engrkareemkakar@gmail.com

PRQ No.483/08-8-2025

EXECUTIVE ENGINEER
IRRIGATION DIVISION
SHERANI

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

Daily MASHRIQ QUETTA & Hub
روزنامہ مشرق کوئٹہ و حب
ایگزیکٹو ایڈیٹر سید ممتاز احمد

RDMC کے زیر اہتمام کمیونٹی مینٹورشپ ٹریننگ پروگرام کا آغاز

پروگرام کے تحت HR ڈیپارٹمنٹ کے سینئر آفیسران مقامی تعلیم یافتہ اور ہنر مند نوجوانوں کو ملازمت کے حصول کیلئے خصوصی تربیت دینگے

ٹریننگ میں مقامی افراد کو سی وی بنانے، انٹرویو کی تیاری، اور پیشہ ورانہ تربیت دی جائیگی تاکہ وہ کسی بھی بھرتی کے عمل میں کامیاب ہو سکیں

چاغی (ن ن) ریکوڈک مائننگ کمپنی (RDMC) نے کمیونٹی مینٹورشپ ٹریننگ پروگرام کا آغاز کر دیا اس پروگرام کے تحت HR ڈیپارٹمنٹ کے سینئر آفسران مقامی تعلیم یافتہ اور ہنر مند نوجوانوں کو ملازمت کے حصول کیلئے خصوصی تربیت دینگے۔ اس پروگرام کے دوران مقامی افراد کو سی وی بنانے، انٹرویو کی تیاری، اور پیشہ ورانہ تربیت دی جائیگی تاکہ وہ مستقبل میں کسی بھی بھرتی کے عمل میں شامل ہونے کے ساتھ ساتھ ملازمت کے حصول کیلئے اچھے انداز میں تیاری کر سکیں۔ گزشتہ دنوں RDMC کے ہیومن ریسورس ڈیپارٹمنٹ کی جانب سے قریبی دیہات جن میں ہمئے، دورہن چاہ، تنگ کچاؤ کے 114 تعلیم یافتہ اور ہنر مند نوجوانوں کیلئے مختلف سیشنز کا انعقاد کیا گیا جہاں شرکاء کو اس پروگرام کے تحت تربیت دی گئی۔ اس مینٹورشپ کا مقصد قریبی دیہاتوں کے نوجوان مرد وخواتین کو ایسی مہارتیں، اعتماد اور علم فراہم کرنا ہے جو انہیں کامیابی سے افرادی قوت میں شامل ہونے کے قابل بنائے۔ یہ اقدام RDMC کے اس عزم کی عکاسی کرتا ہے جو مقامی صلاحیتوں کو فروغ دینے اور بلوچستان میں معاشی و سماجی ترقی کو آگے بڑھانے کے لیے پر عزم ہے۔ اس پروگرام کے حوالے سے ایچ آر لیڈ، عنایت اللہ کبدانی کا کہنا ہے کہ ہماری ان سرگرمیوں کا مقصد لوگوں کیلئے آسانیاں پیدا کرنے کے علاوہ خصوصاً ہمارے قریبی دیہات اور ضلع چاغی کے لیے ملازمت کے مواقع پیدا کرنے میں ہے اور مقامی صلاحیت کو بڑھا کر خصوصاً نوجوانوں اور خواتین میں ہم نہ صرف اپنے کاروبار بلکہ ان کمیونٹیز کی طویل مدتی پائیداری میں سرمایہ کاری کر رہے ہیں۔ ریکوڈک مائننگ کمپنی کمیونٹی ڈیولپمنٹ کو اپنے مشن کا بنیادی ستون سمجھتی ہے۔ کمپنی مقامی روزگار میں بہتری، تعلیم صحت اور روزگار کے مواقع فراہم کرنے کے لیے پر عزم ہے۔ یہ مینٹورشپ پروگرام ان متعدد اقدامات میں سے ایک ہے

اسلام آباد، وفاقی وزیر خالد خان مگسی سے رومانیہ کے سفیر بات چیت کر رہے ہیں

عوام کے حق پر ڈاکہ مزید برداشت نہیں: حافظ نعیم الرحمن

فلسطین وکشمیر سے غافل نہیں، غزہ کے بچوں کو قحط سالی میں دھکیلا جا رہا ہے

جنوبی پنجاب کے عوام، خصوصی طور پر کسان شدید مشکلات سے دوچار ہیں

ملتان (آن لائن) امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمن نے کہا ہے کہ جمہوریت کی پامالی اور عوام کے حق پر ڈاکہ مزید برداشت نہیں، نومبر میں جماعت اسلامی کا اجتماع مظلوموں کے لیے امید کی کرن بنے گا، تین روزہ اجتماع کے بعد عوامی حقوق کی عظیم الشان تحریک برپا کریں گے۔ ملتان میں ہفتہ کو پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے جنوبی پنجاب کے عوام اور خصوصی طور پر کسانوں کی زبوں حالی اور زراعت کی تباہی کا تذکرہ کیا اور کہا کہ انہوں نے مشاہدہ کیا کہ علاقہ کے لوگ شدید مشکلات سے دوچار ہیں، چھوٹا کسان رل گیا، خواتین کے لیے کوئی پروگرام نہیں، غریب اور مڈل کلاس بچوں کی تعلیم کے بارے میں پریشان ہیں اور جماعت اسلامی کے علاوہ ملک بھر کی سیاسی پارٹیوں میں کوئی آواز ایسی نہیں ہے کہ عوام کے مسائل و مشکلات پر بات کرے۔ 21 سے 23 نومبر تک اجتماع عام سے قبل جماعت اسلامی تمیں سے چالیس ہزار عوامی کمیٹیاں بنائے گی اور اس کے بعد منظم جدوجہد کا آغاز کیا جائے گا۔

امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمن ملتان میں پریس کانفرنس کر رہے ہیں

غزہ پر قبضہ نہیں حماس سے آزاد کرانے جا رہے ہیں، اسرائیلی وزیراعظم

تل ابیب (بیورو رپورٹ) اسرائیلی وزیراعظم بنیامین نیتن یاہو نے اپنے تازہ بیان میں کہا ہے اسرائیل غزہ پر قبضہ کرنے نہیں جا رہا بلکہ حماس سے آزاد کرانے کا منصوبہ بنا رہا ہے، نیتن یاہو نے اپنے بیان میں مزید کہا غزہ کو غیر مسلح کر کے پرامن شہری انتظامیہ قائم کی جائے گی، فلسطینی اتھارٹی، حماس یا کسی دہشت گرد تنظیم کو شامل نہیں کیا جائے گا، اقدام اسرائیلی یرغمالیوں کی رہائی میں مددگار ثابت ہوگا۔

کمیونٹی اسکولز ٹیچرز کو تھرڈ پارٹی کے حوالے کرنا علم دشمنی ہے امین اللہ میانی

ادارہ BEF نے گاؤں کی کمیٹیوں سے معاہدے کیے ہیں جنہوں نے آگے کمیونٹی اسکولز ٹیچرز سے معاہدہ کیا ہے، جو انتہائی ناقص عمل ہے

گاؤں کی کمیٹیاں 95 فیصد ان پڑھ لوگوں پر مشتمل ہیں جو ٹیچرز کو ذاتی ملازم سمجھتے ہیں اور استاد سے ایک مزدور جیسا رویہ رکھتے ہیں

بلوچستان کمیونٹی اسکولز ٹیچرز ایسوسی ایشن کا مطالبات کے حل کیلئے کوئٹہ پریس کلب کے سامنے احتجاجی کیمپ 65 ویں روز بھی جاری رہا

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) بلوچستان کمیونٹی اسکولز ٹیچرز ایسوسی ایشن کا اپنے جائز مطالبات کے حل کیلئے کوئٹہ پریس کلب کے سامنے احتجاجی کیمپ 65 ویں روز بھی جاری رہا۔ احتجاجی کیمپ میں اساتذہ سے بات چیت کرتے ہوئے بلوچستان کمیونٹی اسکولز ٹیچرز ایسوسی ایشن کے صدر امین اللہ خان میانی نے کہا کہ کمیونٹی اساتذہ عرصہ 18 سال سے انتہائی قلیل تنخواہوں پر بلوچستان کے دور دراز علاقوں میں باقاعدگی سے ڈیوٹیاں سرانجام دے رہے ہیں اور ادارہ بی ای ایف نے گاؤں میں ایک کمیٹی بنائی ہے اور معاہدہ کمیٹی سے کیا ہے اور کمیٹی نے ہم سے معاہدہ کیا ہے تھرڈ پارٹی سے معاہدہ انتہائی ناقص عمل ہے تھرڈ پارٹی 95 فیصد ان پڑھ لوگوں پر مشتمل ہے وہ ٹیچرز کو ذاتی ملازم سمجھتے ہیں اور استاد سے ایک مزدور جیسا رویہ رکھتے ہیں جو کہ علم دشمن پالیسی ہے ہم اس طرح غلط پالیسیوں کو مسترد کرتے ہیں جس کی وجہ سے علم کی روشنی پر برے اثرات مرتب ہوں۔ انہوں نے کہا کہ کمیٹی جب چاہے ادارے کے ساتھ ملکر ٹیچرز کو ملازمت سے نکال دیتے ہیں اور کمیونٹی صدر اپنے من پسند ٹیچرز (اپنی بیٹی یا بیٹے) کو تعینات کرتے ہیں جس کی وجہ سے اساتذہ کی تمام محنت ضائع ہو جاتی ہے بلوچستان کمیونٹی اسکولز ٹیچرز ایسوسی ایشن کو یہ پالیسی ہرگز قابل قبول نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم وزیر تعلیم بلوچستان راحیلہ حمید خان درانی، وزیر فنانس میر شعیب نوشیروانی، چیف سیکرٹری بلوچستان، سیکرٹری تعلیم اور ادارے کے مینجنگ ڈائریکٹر میر عبدالواحد شاکر سے اپیل کرتے ہیں کہ اساتذہ کا تھرڈ پارٹی سے معاہدہ ختم کر کے براہ راست بی ای ایف کے ساتھ معاہدہ کیا جائے تاکہ اساتذہ غلامی سے آزاد ہو کر مزید بہتر طریقے سے بچوں کو تعلیم دے سکیں۔

پیٹ مارکیٹ میں کارروائی 3 مقدمات درج، 4 افراد گرفتار

4 بلیاں، 4 کتے، 10 کبوتر، ایک خرگوش قبضہ میں لے لیا گیا

راولپنڈی (زاہد احمد خان) پنجاب پولیس بے زبان جانوروں کے حقوق کے تحفظ کے لیے مصروف عمل، پولیس اینیمل ریسکیو سینٹر راولپنڈی کی جانوروں پر ظلم کے خلاف کارروائی، اسسٹنٹ کمشنر سٹی اور وائلڈ لائف ڈیپارٹمنٹ کے افسران بھی ہمراہ تھے، کارروائی پیٹ مارکیٹ عالم خان روڈ پر کی گئی، 3 مقدمات درج، 4 افراد گرفتار، 4 بلیاں، 4 کتے، 10 کبوتر، ایک خرگوش قبضہ میں لے لیا گیا، جانوروں اور پرندوں کو گنجائش سے کم جگہ پر بھوکا، پیاسا اور بیمار حالت میں رکھنے پر 4 دکانیں سیل، جانوروں کے حقوق کی خلاف ورزی یا ان پر ظلم سے متعلق کسی بھی قسم کی شکایت کے لئے 15 یا پولیس اینیمل ریسکیو سینٹر کے نمبر 0515538833 پر رابطہ کریں۔ تفصیلات کے مطابق پنجاب پولیس بے زبان جانوروں کے حقوق کے تحفظ کے لیے مصروف عمل ہے، پولیس اینیمل ریسکیو سینٹر راولپنڈی کی جانوروں پر ظلم کے خلاف کارروائی اس دوران اسسٹنٹ کمشنر سٹی اور وائلڈ لائف ڈیپارٹمنٹ کے افسران بھی ہمراہ تھے، کارروائی پیٹ مارکیٹ عالم خان روڈ پر کی گئی، 3 مقدمات درج کر کے 4 افراد کو گرفتار کر لیا گیا، زیر حراست افراد سے 4 بلیاں، 4 کتے، 10 کبوتر، ایک خرگوش قبضہ میں لے لیا گیا،

اراکین پنجاب اسمبلی ایک سال میں 15 کروڑ کی بجلی اڑا گئے

لاہور (بیورو رپورٹ) اراکین پنجاب اسمبلی ایک سال میں 15 کروڑ کی بجلی اڑا گئے بجلی کی بے تحاشا کھپت کے باعث پنجاب حکومت نے صوبائی اسمبلی کی عمارت کو سولر پر منتقل کرنے کا فیصلہ کر لیا، پنجاب اسمبلی کی چھت کی بناوٹ کے باعث مکمل عمارت سولر پر منتقل کرنے میں مشکلات کا سامنا ہے، نئی و پرانی دونوں عمارتوں کی چھتیں گنبد کی بناوٹ میں ہیں، ذرائع کے مطابق گنبد کے باعث چھت پر جگہ کم ہے اور صرف 35 فیصد عمارت سولر پر منتقل ہو سکتی ہے، صرف 35 فیصد عمارت سولر پر منتقل ہونے سے بجلی کے بل میں 5 کروڑ کی بچت ہوگی۔

انٹر پارلیمانی اسپیکرز کانفرنس، کثیر الجہتی فورم ہے، مشیر مصباح کھر

اسلام آباد میں اٹلی کے سفارتخانے کا دورہ، مختلف امور پر بات چیت کی گئی

اسلام آباد، (زاہد احمد خان) چیئرمین سینیٹ کی مشیر مصباح کھر نے اسلام آباد میں اٹلی کے سفارتخانے کا دورہ کیا اور پاکستان میں اٹلی کی سفیر محترمہ مارلینا آرمیلن سے ملاقات کی۔ ملاقات میں مصباح کھر نے سفیر کو انٹر پارلیمانی اسپیکرز کانفرنس (Inter-Parliamentary Speakers' Conference–ISC) کے قیام سے آگاہ کیا۔ انہوں نے بتایا کہ یہ ایک نیا کثیر الجہتی پارلیمانی فورم ہے جس کا مقصد دنیا بھر کی قومی پارلیمانوں کے مابین تعاون اور مکالمے کو فروغ دینا ہے۔ اب تک دنیا کے 45 ممالک کی قانون ساز اسمبلیوں کے سربراہان اس فورم میں شامل ہو چکے ہیں۔ حال ہی میں ملائیشیا میں ہونے والے اجلاس میں چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی کو متفقہ طور پر آئی ایس سی کا پہلا صدر منتخب کیا گیا۔

سابق وفاقی وزیر خلیل جارج کی قیادت میں اقلیتی برادری کی جشن آزادی کے سلسلے میں ریلی زرغون روڈ سے گزر رہی ہے

اپنی سرزمین پر امریکی کارروائیوں کی اجازت نہیں دیں گے، میکسیکن صدر

میکسیکو (بیورو رپورٹ) میکسیکو کی صدر کلاڈیا شین بام نے واضح الفاظ میں اعلان کیا ہے اپنی سرزمین پر امریکی فوجی کارروائیوں کی اجازت نہیں دینگے، کلاڈیا شین بام نے کہا میکسیکو، امریکہ کے درمیان تعاون ضرور جاری ہے مگر مطلب یہ نہیں امریکی فوجی ملکی سرزمین پر تعینات کیے جائیں، ہر قسم کی مداخلت کو مکمل طور پر مسترد کرتے ہیں یہ کسی معاہدے کا حصہ نہیں اور نہ ہی کبھی ہوگا۔

تین پولیس مقابلے، تین ملزمان زخمی حالت میں گرفتار

فرار ہونے والے تمام ملزمان کی گرفتاری کیلئے کارروائیاں جاری ہیں

جیکب آباد (اے این این) جیکب آباد میں تین الگ الگ پولیس مقابلے، تین خطرناک ملزمان زخمی حالت میں گرفتار، اسلحہ برآمد۔ تفصیلات کے مطابق جیکب آباد پولیس نے مختلف علاقوں میں کارروائی کرتے ہوئے تین الگ الگ پولیس مقابلوں میں تین خطرناک ملزمان کو زخمی حالت میں گرفتار کر لیا جبکہ ان کے قبضے سے اسلحہ بھی برآمد کر لیا گیا۔ ترجمان پولیس کے مطابق پہلا مقابلہ تھانہ صدر کی حدود میں شاہ نتک روڈ پر ہوا جہاں ایس ایچ او بشیر احمد مگسی کی قیادت میں پولیس اور جرائم پیشہ افراد کے درمیان فائرنگ کا تبادلہ ہوا کارروائی کے دوران ایک ملزم صدیق ولد الٰہی بخش مرہٹو کو زخمی حالت میں گرفتار کر لیا گیا جبکہ اس کے چار ساتھی واجد بروہی، زاہد مرہٹو اور دو نامعلوم ملزم فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے ملزم کے قبضے سے ایک بغیر لائسنس پستول برآمد ہوا۔ دوسرا پولیس مقابلہ تھانہ اے سیکشن ٹھل کی حدود عمر کھوکھر پل کے قریب پیش آیا

پنجاب حکومت 31 سال بعد مقامی بینکوں کے قرضوں سے آزاد

لاہور (بیورو رپورٹ) پنجاب حکومت کی کامیاب حکمت عملی کے سبب پنجاب کا گندم کموڈٹی قرض ختم، 13 ارب 80 کروڑ کی آخری قسط نیشنل بینک کو ادا کر دی گئی، پنجاب حکومت کے مطابق صوبے کی تاریخ کا نیا ریکارڈ و گڈ گورننس کی مثال ہے وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کے فیصلوں و سخت مالیاتی نظم و ضبط سے پنجاب کے شہریوں کو 30 سال پرانے قرض سے نجات ملی، بروقت ادائیگی نہ ہونے پر پنجاب حکومت ماہانہ 50 کروڑ روپے سود ادا کرنے کی پابند ہوتی، قرض ادائیگی کے بعد پنجاب حکومت اپنے گندم کے تمام ذخائر کی مکمل مالک بن گئی، سیکرٹری خزانہ مجاہد شیر دل نے کہا پنجاب کا 31 سال پرانا مقامی بینکوں کا قرض مکمل ختم کر دیا اور 675 ارب کی واپسی سے مالی خود مختاری کی مثال قائم ہوئی۔

پی ٹی اے کا سائبر فراڈ کیخلاف بڑا ایکشن، 13 ہزار یو آر ایل بلاک

یوٹیوب پر بلاکنگ کی شرح 81.15 فیصد اور انسٹاگرام پر 95.12 فیصد رہی

اسلام آباد (زاہد احمد خان) پاکستان ٹیلی کام اتھارٹی (پی ٹی اے) نے دھوکہ دہی کے خلاف بڑی کارروائی کرتے ہوئے 13 ہزار سے زائد یو آر ایل بلاک کر دیئے۔ الیکٹرانک فراڈ سے متعلق 13 ہزار 185 یو آر ایل بلاکنگ کے لیے پراسس کیے گئے۔ پی ٹی اے نے سوشل میڈیا کے ذریعے الیکٹرانک فراڈ کی شکایات موصول ہونے پر کارروائی کی۔ پی ٹی اے کی سفارش پر فیس بک، یوٹیوب، ایکس (سابق ٹوئٹر)، انسٹاگرام اور دیگر ایپس نے تقریباً 99 فیصد یو آر ایل بلاک کر دیئے۔ رپورٹ کے مطابق سوشل میڈیا کمپنیوں نے پی ٹی اے کی نشاندہی پر سائبر فراڈ میں ملوث 98.76 فیصد یو آر ایل بلاک کر دیئے۔ فیس بک نے ایک ہزار 357 یو آر ایل میں سے ایک ہزار 246 بلاک کیے۔ پی ٹی اے کی رپورٹ کے مطابق فیس بک کی کارروائی کی شرح 91.82 فیصد رہی ہے۔ اور یوٹیوب نے 122 یو آر ایل میں سے 99 بلاک کیے جبکہ 8 کے خلاف کارروائی زیر غور ہے۔ یوٹیوب پر بلاکنگ کی شرح 81.15 فیصد اور انسٹاگرام پر 95.12 فیصد رہی۔ رپورٹ کے مطابق آن لائن اسکیمز میں ملوث عناصر کے خلاف کارروائی ایف آئی اے اور این سی سی آئی اے کا اختیار ہے

ڈیرہ اللہ یار۔ ایس ایس پی جعفرآباد پولیس کارکردگی سے متعلق پریس کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

پاک فوج ملک کے دفاع کیلئے ہمہ وقت تیار ہے، خلیل جارج

معرکہ حق میں جس طرح پاکستانی مسلح افواج نے بھارت کو بدترین شکست دی اس کی خوشی میں آج پوری قوم اپنا جشن آزادی منا رہی ہے

دہشت گردی کیخلاف جنگ میں جانوں کے نذرانے پیش کرنے والے سیکورٹی فورسز کے اہلکار ہمارے ماتھے کا جھومر ہیں، ریلی سے خطاب

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) سابق وفاقی وزیر خلیل جارج نے کہا ہے کہ معرکہ حق میں جس طرح پاکستانی مسلح افواج نے بھارت کو بدترین شکست دی اس کی خوشی میں آج پوری قوم اپنا جشن آزادی منا رہی ہے، پاک فوج ملک کے دفاع اور سرحدوں کی حفاظت کیلئے ہمہ وقت تیار ہے دہشت گردی کے خلاف جنگ میں اپنی جانوں کے نذرانے پیش کرنے والے سیکورٹی فورسز کے اہلکار ہمارے ماتھے کا جھومر ہیں جن کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی۔ یہ بات انہوں نے ہفتہ کو "پاکستان کی فتح، فتنہ الہندوستان کی شکست" کے عنوان سے نکالی گئی ریلی کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کہی اس سے قبل سابق وفاقی وزیر خلیل جارج کی قیادت میں ایئرپورٹ چوک سے ایک ریلی نکالی گئی جو عالم چوک، عسکری پارک، کوئلہ پھاٹک سے ہوتے ہوئے سرینا چوک پہنچی ریلی کے شرکاء نے پاکستانی پرچم اور بینرز اٹھا رکھے تھے جن پر مختلف نعرے درج تھے۔ سابق وفاقی وزیر خلیل جارج نے کہا کہ پاکستان کیلئے پاک فوج کی تاریخی فتح اور فتنہ الہندوستان کی تاریخی شکست کو جشن آزادی کے ساتھ منا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہم پاک افواج کو خراج عقیدت پیش کرتے ہیں جن کی قربانیوں سے آج ملک پاکستان ایک مضبوط ریاست کی شکل میں دنیا بھر میں ابھرا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاک فوج کی کمانڈ مضبوط ہاتھوں میں ہے جس کی قیادت فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ آج ہم جشن آزادی منا رہے ہیں یہ ان شہدا کی بدولت ہے جنہوں نے تحریک پاکستان کی آزادی کیلئے اپنی جانیں قربان کر کے ہمیں ایک آزاد ریاست دی جہاں ہر مذہب اور زبان بولنے والے آزادی کی زندگی بسر کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بانی پاکستان قائداعظم محمد علی جناح کا 11 اگست کا تاریخی خطاب آج ہمارے ملک کیلئے مشعل راہ ہے جہاں مسلمان، ہندو، سکھ اور مسیحی آزاد ہیں اپنی مذہبی عبادت گاہوں میں جانے کیلئے اقلیتی ڈے ہو یا کوئی اور تہوار سب عظیم پرچم کے سائے تلے ایک ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اگر پاکستان کی طرف کسی نے میلی آنکھ سے دیکھنے کی کوشش کی تو پوری قوم اپنی پاک فوج کے شانہ بشانہ کھڑی ہوگی اور ملک کیلئے اپنی جانیں تک قربان کر دیں گے اور پاکستان کو ہر فتنے اور دہشت گردی سے پاک کر کے ایک محفوظ و پرامن پاکستان بنایا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ فتنہ الہندوستان کے آلہ کار پاکستان کے امن اور سلامتی کے سب سے بڑے دشمن ہیں

منشیات فروش، ڈاکو، روپوش اور پولیس مقابلے کے ملزمان گرفتار

3 کلو چرس، 250 لیٹر شراب، 18 کلو گٹکا، اسلحہ اور 5 لاکھ نقدی برآمد

جیکب آباد (اے این این) جیکب آباد پولیس کی کارروائیاں، روپوش، منشیات فروش، ڈاکو اور پولیس مقابلے کے ملزمان سمیت 9 گرفتار، اسلحہ، منشیات اور لاکھوں کی نقدی برآمد۔ تفصیلات کے مطابق جیکب آباد پولیس نے مختلف علاقوں میں کامیاب کارروائیاں کرتے ہوئے ایک روپوش ملزم، 5 منشیات فروش اور پولیس مقابلے میں ملوث 3 خطرناک ملزمان سمیت 9 افراد کو گرفتار کر لیا، کارروائیوں کے دوران 3 کلو گرام چرس، 250 لیٹر دیسی شراب، 18 کلو 660 گرام مضر صحت گٹکا، اسلحہ اور ڈکیتی میں چھینی گئی 5 لاکھ روپے نقدی بیگ اور 3 کیش بکس برآمد کیے گئے۔ ترجمان پولیس کے مطابق تھانہ صدر پولیس نے ایس ایچ او انسپکٹر بشیر احمد مگسی کی قیادت میں کارروائی کرتے ہوئے بدنام زمانہ شراب فروش افضل رند کو گرفتار کر کے 230 لیٹر دیسی شراب برآمد کی جبکہ دوسری کارروائی میں منشیات فروش محمد شاہ ولد دین شاہ سے 3 کلو چرس اور تیسری مشترکہ کارروائی میں ثناء اللہ ولد رحمت اللہ غوری سے 80 پیکٹ 18 کلو 460 گرام اسمگل شدہ انڈین گٹکا اور اسمگلنگ میں استعمال ہونے والی کار برآمد کی گئی۔

شوہر کے مبینہ تشدد سے تنگ آ کر خاتون نے خودکشی کر لی

شوہر کی مسلسل مارپیٹ اور ذہنی اذیت کے باعث خودکشی کی، ورثاء

جیکب آباد (اے این این) جیکب آباد میں شوہر کے مبینہ تشدد سے تنگ آ کر خاتون نے خودکشی کر لی۔ تفصیلات کے مطابق جیکب آباد کے مولاداد تھانے کی حدود گاؤں استو بھلیڈنو آباد میں شوہر کے مبینہ تشدد سے تنگ آ کر خاتون ثمینہ جکھرانی نے خود پر فائر کر کے خودکشی کر لی، ورثاء کے مطابق خاتون نے شوہر کی جانب سے مسلسل مارپیٹ اور ذہنی اذیت کے باعث خودکشی کی، ورثاء کا کہنا تھا کہ خاتون نے چند ماہ قبل فائر کر کے خودکشی کی کوشش کی تھی جسے نازک حالت میں لاڑکانہ کی اسپتال میں داخل کیا گیا تھا جہاں وہ چند ماہ سے زیر علاج تھی اور آج زخموں کے تاب نہ لاتے ہوئے فوت ہو گئی۔

حکومت عوامی خدمت کے جذبے سے کام کر رہی ہے، زرک مندوخیل

ہر شعبے میں بہتری کے لیے سنجیدہ اقدامات کیے جا رہے ہیں، عوام کے اعتماد کو کبھی ٹھیس نہیں پہنچنے دیں گے، رکن صوبائی اسمبلی

حلقے کے مسائل سے بخوبی آگاہ ہیں اور روزانہ کی بنیاد پر عوامی نمائندوں، آفیسران اور مقامی کمیونٹی کیساتھ مشاورت جاری ہے

کوئٹہ (اے این این) رکن صوبائی اسمبلی زرک مندوخیل نے کہا ہے کہ موجودہ حکومت عوامی فلاح و بہبود کو اپنی اولین ترجیح سمجھتی ہے اور ہر شعبے میں بہتری کے لیے سنجیدہ اقدامات کیے جا رہے ہیں، عوام کے اعتماد کو کبھی ٹھیس نہیں پہنچنے دی جائے گی، اور ہر ممکن کوشش کی جا رہی ہے کہ مسائل کا حل نچلی سطح تک پہنچایا جائے' یہ بات انہوں نے مختلف وفود سے بات چیت کرتے ہوئے کہی انہوں نے کہا کہ ہم نے اقتدار کو ذاتی فائدے کے بجائے عوامی خدمت کا ذریعہ بنایا ہے' میرا یقین ہے کہ جب تک عوام کو بنیادی سہولیات فراہم نہیں ہوتیں، ترقی کا خواب ادھورا رہے گا انہوں نے کہا کہ حلقے کے مسائل سے بخوبی آگاہ ہیں اور روزانہ کی بنیاد پر عوامی نمائندوں، افسران اور مقامی کمیونٹی کے ساتھ مشاورت جاری ہے تاکہ مسائل کا دیرپا حل نکالا جا سکے زرک مندوخیل نے کہا کہ حکومت کی سنجیدہ پالیسیوں اور نچلی سطح پر مؤثر نگرانی کے باعث اب عوام کو حقیقی ریلیف ملنا شروع ہو چکا ہے۔ انہوں نے یقین دلایا کہ وہ اپنی تمام تر توانائیاں عوامی خدمت کے لیے وقف رکھیں گے۔

نواحی علاقوں میں مہنگائی بے قابو، عوام شدید مشکلات کا شکار

ناجائز منافع خوری عروج پر، شہریوں کا ضلعی انتظامیہ سے فوری کارروائی کا مطالبہ

کندھکوٹ (یو این اے) استا محمد شہر میں مہنگائی کا جن مکمل طور پر بے قابو ہو چکا ہے اور صورتحال نہایت سنگین رخ اختیار کر چکی ہے روزمرہ استعمال کی بنیادی اشیا سبزیاں، پھل، گوشت، دالیں، آٹا، چاول اور دیگر ضروریات زندگی شامل ہیں، ان کی قیمتیں آئے روز ہوشربا حد تک بڑھتی جا رہی ہیں، جس کے باعث عام شہری خصوصاً مزدور طبقہ اور سفید پوش خاندان شدید مالی دباؤ اور مشکلات کا شکار ہیں، شہریوں کا کہنا ہے کہ دکاندار اپنی من مانی قیمتیں وصول کر رہے ہیں اور مارکیٹ میں پرائس کنٹرول کا کوئی مؤثر نظام نظر نہیں آ رہا۔ نہ تو نرخنامے نمایاں طور پر آویزاں کیے جا رہے ہیں اور نہ ہی انتظامیہ کی جانب سے باقاعدہ چیکنگ کا سلسلہ جاری ہے، جس کا فائدہ اٹھا کر ناجائز منافع خور کھلے عام عوام کی جیبوں پر ڈاکہ ڈال رہے ہیں عوامی حلقوں نے ضلعی انتظامیہ اور متعلقہ اداروں سے پرزور مطالبہ کیا ہے کہ فوری طور پر مارکیٹ چیکنگ کا نظام سخت اور مؤثر بنایا جائے، پرائس کنٹرول کمیٹیوں کو متحرک کیا جائے اور ناجائز منافع خوری کرنے والے عناصر کے خلاف کڑی قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے تاکہ غریب اور متوسط طبقے کو ریلیف فراہم کیا جا سکے

مچھ، ای ایس بی مچھ کے منیجر اعظم مری نوکل پرنس شکیل احمد، ربیعہ نوید اور مسرت شاہین طالبات میں سکول بیگز اسٹیشنری کا سامان تقسیم کر رہے ہیں

ملکی سلامتی کیلئے دشمن کی سازشوں کو ناکام بنائیں گے، پیر خالد سلطان القادری

14 اگست کا دن یوم تجدید عہد ہے، ملک بھر میں اہل سنت یوم آزادی شایان شان طریقے سے منائیں گے، ممبر اسلامی نظریاتی کونسل

پاک سرزمین کی سلامتی، خوشحالی و ترقی کے لئے ہم سب ایک پلیٹ فارم پر متحد و منظم ہیں، مرکزی ناظم اعلیٰ جماعت اہل سنت

سبی (اے این این) ممبر اسلامی نظریاتی کونسل جماعت اہل سنت کے مرکزی ناظم اعلیٰ و جماعت الصالحین پاکستان انٹرنیشنل کے بانی الحاج صاحبزادہ پیر محمد خالد سلطان القادری نے کہا ہے کہ 14 اگست کا دن یوم تجدید عہد کا دن ہے ملک بھر کی عوام اہل سنت یوم آزادی شایان شان انداز سے منائیں گے پاک سرزمین کی سلامتی خوشحالی ترقی کے لئے ہم سب ایک پلیٹ فارم پر متحد و منظم ہے پاکستان کو مضبوط بنانے کے لئے دشمن کی سازشوں کو ناکام بنائیں گے دہشت گردی کے خاتمہ کے لئے عوام سیکورٹی فورسز سے تعاون کریں ان خیالات کا اظہار انہوں نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا اس موقع پر جماعت اہل سنت و جماعت الصالحین پاکستان کے مرکزی رہنما سابق چیئرمین ڈسٹرکٹ زکوٰۃ و عشر کمیٹی جعفرآباد صاحبزادہ پیر محمد سکندر سلطان القادری، جماعت الصالحین پاکستان انٹرنیشنل بلوچستان کے صوبائی امیر صاحبزادہ پیر سلطان محمد حیات القادری، صاحبزادہ پیر تیمور سلطان القادری، صاحبزادہ پیر سلیمان سلطان، سبی پریس کلب کے صدر حاجی سعید الدین طارق، آل پاکستان جرنلسٹس کونسل (ر) کے مرکزی جنرل سیکرٹری سید طاہر علی، خلیفہ نذیر احمد سلطانی، خلیفہ ذوالفقار علی سلطانی، خلیفہ ارشد علی سلطانی کے علاوہ مریدین و عقیدت مندوں کی کثیر تعداد بھی موجود تھے۔ جماعت اہل سنت کے مرکزی ناظم اعلیٰ و جماعت الصالحین پاکستان انٹرنیشنل کے بانی و چیف آف اعوان الحاج صاحبزادہ پیر محمد خالد سلطان القادری نے کہا ہے کہ اپنا وطن اور آزادی سے بڑھ کر قیمتی چیز کیا ہو سکتی ہے اس کی قدر و قیمت ان سے پوچھیں جو اس سے محروم ہیں

شاہ عبداللطیف بھٹائی کا عرس، نفیسہ شاہ کا خراج عقیدت

اسلام آباد (این این آئی) رکن قومی اسمبلی ڈاکٹر نفیسہ شاہ نے صوفی شاعر شاہ عبداللطیف بھٹائی کو عرس پر خراج عقیدت پیش کیا ہے۔ جاری بیان میں نفیسہ شاہ نے کہا کہ سندھی ادب اور ثقافت میں شاہ عبداللطیف کی بہت خدمات ہیں، بھٹائی نے نسلوں کو اپنی لازوال حکمت اور خوبصورتی سے متاثر کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ شاہ لطیف کی شاعری محبت، ہمدردی اور اتحاد کا سبق دیتی، روحانی گہرائی اور سادگی ظاہر کرتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ شاہ عبداللطیف کی شاعری صرف ایک علاقے تک محدود نہیں بلکہ دنیا کے بیشتر حصوں میں رنگ بھرتی ہے، ان کا امن اور ہمدردی کا پیغام آج بھی اتنا ہی متعلقہ ہے جتنا کہ ان کی زندگی میں تھا۔ انہوں نے کہا کہ جب ہم ان کا عرس مناتے ہیں تو ہم نہ صرف ان کی ادبی میراث بلکہ سندھ کی ثقافتی شناخت کی تشکیل میں ان کے کردار کو بھی خراج تحسین پیش کرتے ہیں۔

منشیات فروشی میں ملوث بڑے نام پکڑے گئے، آئی جی سندھ

صوبے بھر میں اب اگلی مہم گٹکا، ماوا تیار اور فروخت کرنے والوں کے خلاف ہوگی

کراچی (بیورو رپورٹ) آئی جی سندھ غلام نبی میمن نے کہا ہے منشیات فروشوں کی فہرست میں شامل بڑے بڑے نام پکڑے گئے اب صوبے بھر میں اگلی مہم گٹکا، ماوا تیار اور فروخت کرنے والوں کیخلاف ہوگی، آئی جی سندھ غلام نبی میمن کی زیر صدارت اجلاس میں منشیات مافیا کیخلاف کریک ڈاؤن کا جائزہ لیا گیا، ڈی آئی جی سی آئی اے نے بتایا منشیات فروشوں کی فہرست میں شامل بڑے نام پکڑے گئے، ملزم واٹس ایپ اور آن لائن منشیات فروشی میں ملوث ہیں، آئی جی سندھ نے کہا منشیات کیخلاف اقدامات سے جرائم میں کمی آئی، آن لائن منشیات فروشی میں ملوث ملزموں کو تکنیکی بنیادوں پر گرفتار کیا جائے، منشیات مافیا کیخلاف ایکشن سے گٹکا ماوا کی فروخت بڑھ جانے کا خطرہ ہے

افغانستان میں طالبان نے گھریلو بیوٹی پارلرز بھی بند کرا دیئے

کابل (بیورو رپورٹ) کابل میں طالبان حکام نے خواتین کے گھروں میں چھپ کر چلائے جانے والے بیوٹی پارلرز کو بھی بند کرانا شروع کر دیا، مقامی میڈیا رپورٹس کے مطابق طالبان کے کارندوں نے مختلف علاقوں میں گھروں پر چھاپے مار کر درجنوں گھریلو بیوٹی سیلون بند کرائے، اطلاعات کے مطابق طالبان اہلکاروں نے نہ صرف بیوٹی پارلرز کا سامان ضبط کیا

پنجگور بارڈر گاڑی مالکان مشکلات کا شکار، ٹرپ تین ماہ بعد آنے لگے

پنجگور (یو این اے) پنجگور بارڈر پر کاروبار کرنے والے گاڑی مالکان کے مشکلات میں اضافہ گاڑی مالکان کا ٹرپ تین ماہ بعد آ رہے ہیں ذرائع کے مطابق اسٹیکرز میں مبینہ طور پر اضافے اور چیک کی وجہ سے عام گاڑی مالکان کے ٹرپ تین ماہ بعد آ رہے ہیں جس کی وجہ سے انہیں مالی مشکلات کا سامنا ہے ڈپٹی کمشنر عبدالرزاق ساسولی کے دور میں 20/30 روز بعد نمبر آتے تھے اس نے جدید سسٹم لگایا تھا اس سسٹم کے تحت جس گاڑی کا نمبر ہوتا اسے عام موبائل سے ایس ایم ایس موصول ہوتا کہ فلاں تاریخ کو بارڈرز جانے کا نمبر ہے اس طرح لوگ بروقت اپنے ٹرپ لگا سکتے تھے اور چیک نہ ہونے کے برابر تھا جس سے کسی کی حق تلفی نہیں ہوتا اور گاڑی مالکان بروقت ٹرپ لگاتے اسٹیکرز مافیا نے بارڈرز کے کاروبار کو مفلوج کر دیا ہے

اسلام آباد ہائیکورٹ، ریٹائرڈ پروفیسر کو پنشن کی رقم 2 ماہ میں ادا کرنے کا حکم

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائی کورٹ نے فزکس کے ریٹائرڈ پروفیسر کو پنشن کی رقم 2 ماہ میں ادا کرنے کا حکم دے دیا۔ جسٹس خادم حسین سومرو اور جسٹس محمد آصف پر مشتمل بینچ نے کیس پر سماعت کی۔ عدالت نے علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اور بلوچستان یونیورسٹی کو پنشن ادا کرنے کا حکم دیتے ہوئے کہا کہ بلوچستان یونیورسٹی نے علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی میں تعیناتی پر اعتراض نہیں کیا۔ عدالت نے فیصلے کی کاپی دونوں جامعات اور سیکرٹری فنانس بلوچستان کو بھیجنے کا حکم بھی دیا۔ عدالت نے اپنے فیصلے میں کہا ہے کہ پروفیسر ظفر الیاس 1987 سے 2009 تک بلوچستان یونیورسٹی میں پروفیسر رہے، وہ علامہ اقبال یونیورسٹی کی درخواست پر ڈیپوٹیشن پر آئے، انہوں نے مستقل پروفیسر کی پوسٹ کیلئے اپلائی کیا اور 2011 میں مستقل ہو گئے۔

گوادر، کمشنر مکران قادر بخش پرکانی پانی کے مرکزی سپلائی پمپنگ اسٹیشن (ایئرپورٹ) کا جائزہ لے رہے ہیں

کوئٹہ میں عوامی بیت الخلاؤں کی شدید کمی شہریوں کو مشکلات کا سامنا

عوامی بیت الخلاؤں کی کمی اور صفائی کی ناقص صورتحال سے ریبنل و جلدی انفیکشنز، اور دیگر وبائیں پھیلنے کا خطرہ بڑھ جاتا ہے' ماہرین صحت

کوئٹہ کے تمام مصروف عوامی مقامات پر باقاعدہ منصوبہ بندی کے تحت صاف، محفوظ اور مفت عوامی بیت الخلاء تعمیر کیے جائیں' شہریوں کا مطالبہ

کوئٹہ (اے این این) بلوچستان کا دارالحکومت کوئٹہ، جہاں آبادی میں روز بروز اضافہ ہو رہا ہے، وہاں ایک اہم بنیادی سہولت کی کمی شہریوں کے لیے روزمرہ زندگی میں بڑی پریشانی کا باعث بن رہی ہے شہر میں عوامی بیت الخلاؤں (پبلک ٹوائلٹس) کی شدید قلت۔ شہر کے مصروف علاقوں، بازاروں، بس اڈوں، پارکوں اور تفریحی مقامات پر عوامی بیت الخلاء یا تو سرے سے موجود نہیں، یا جو کچھ موجود ہیں وہ انتہائی خراب حالت میں ہیں۔ صفائی کا فقدان، پانی کی عدم دستیابی، اور بدبو سے بھرپور ماحول شہریوں کو ان سے گریز پر مجبور کر دیتا ہے۔ خواتین، بزرگوں اور بچوں کے لیے یہ مسئلہ اور بھی زیادہ سنگین ہو جاتا ہے، خاص طور پر دوران سفر یا بازار میں خریداری کے دوران۔ خواتین مسافروں کو اکثر مجبوری میں طویل دیر تک خود کو روکنا پڑتا ہے، جو طبی مسائل کا باعث بھی بن سکتا ہے۔ "ہم دکان پر ہوتے ہیں، کئی گاہک پوچھتے ہیں کہ کہیں قریبی صاف بیت الخلاء ہے؟ ہمیں کوئی جواب نہیں ہوتا،" لیاقت بازار کے ایک دکاندار نے بتایا۔ طلبہ، مزدور اور رکشہ ڈرائیورز کا بھی یہی مسئلہ ہے' کئی لوگ بازاروں یا گلیوں کے کونوں میں کھلے میں حاجت پوری کرنے پر مجبور ہو جاتے ہیں، جس سے نہ صرف شرمناک مناظر پیدا ہوتے ہیں بلکہ ماحولیاتی آلودگی بھی بڑھتی ہے۔ ماہرین صحت خبردار کرتے ہیں کہ عوامی بیت الخلاؤں کی کمی اور صفائی کی ناقص صورتحال سے پیشاب کی بیماریاں، جلدی انفیکشنز، اور دیگر وبائیں پھیلنے کا خطرہ بڑھ جاتا ہے، خاص طور پر مون سون یا سردیوں کے موسم میں۔ شہریوں کا مطالبہ ہے کہ کوئٹہ کے تمام مصروف عوامی مقامات پر باقاعدہ منصوبہ بندی کے تحت صاف، محفوظ اور مفت یا سستے عوامی بیت الخلاء تعمیر کیے جائیں تاکہ شہری وقار اور صحت کے ساتھ اپنی روزمرہ زندگی گزار سکیں۔

No.F.2/1/2022-CE

FEDERAL PUBLIC SERVICE COMMISSION

Aga Khan Road Sector F-5/1, Islamabad
UAN 051-111-000-248 Phone No.051-9205075, Fax: 051-9213386, 051-9203410
e-mail: fpsc@fpsc.gov.pk, Website: www.fpsc.gov.pk

PUBLIC NOTICE

MCQ BASED PRELIMINARY TEST (MPT)
CSS COMPETITIVE EXAMINATION-2026
(APPLY ONLINE WELL BEFORE MONDAY, 25TH AUGUST 2025)

1. **MCQ Based Preliminary Test (MPT)** will be held on **Sunday 9th November 2025**.
2. **CSS Competitive Examination (CE) Rules 2019 and onwards**, governing the entire CSS CE cycle and MPT are available on FPSC Website and will be strictly complied with no exceptions.
3. **Qualifying MPT** is mandatory for applying and appearing in main CSS CE 2026.
4. MPT is likely to be held at following **19 Centers** upon the availability of sufficient candidates:

- Abbottabad	- Bahawalpur	- D.G. Khan	- D.I.Khan
- Faisalabad	- Gilgit	- Gujranwala	- Hyderabad
- Islamabad	- Karachi	- Lahore	- Larkana
- Multan	- Muzaffarabad	- Peshawar	- Quetta
- Rawalpindi	- Sargodha	- Sukkur	

5. **ELIGIBILITY:** Candidates with at least 2nd Division Bachelor's degree and age between 21 to 30 years comprising both male and female including special persons are eligible to apply. The upper age limit is relaxed by 02 years for categories mentioned in Rule 6 of CSS CE Rules-2019 and onwards.
6. **Cutoff Date** for determining eligibility (age, qualification, domicile etc.) is **31st December 2025.**
7. **ONLINE APPLICATION:** Apply on **FPSC's website** during the period **11 ~ 25 August 2025.**
8. **CLOSING DATE** for Submission of Online Application is **25th August 2025.**
9. **SYLLABUS of MPT** may be seen on FPSC's website.
10. Candidates are Advised To:

a. Carefully fill in the online application and check it before final submission.
b. **Deposit Rs. 250/-as Exam Fee**, before the closing date in the nearest Government Treasury/State Bank of Pakistan/National Bank of Pakistan under the account head "C02101-Organs of State Exam fee (FPSC Receipt) **and bring Original Challan Form at Exam Center to be handed over to the Supervisor before the Test.**
c. **Admission Certificates:** Can be downloaded from FPSC website **10 days before the test.** No separate intimation to this effect will be made by FPSC.
d. Be informed that **Examination Centre** once selected shall not be changed.
e. CNIC & Date of Birth to be entered correctly in online form. Wrong entries lead to rejection.
f. Candidates are advised to ensure the provision of correct & complete information.
g. FPSC has Zero tolerance against cheating/ unfair means.
h. Contact numbers given above are available for further information, if required.

PID(I)1209/25

MUHAMMAD SHAKIL CHUGHTAI
ASSISTANT DIRECTOR (CE)

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)

مشرق

ایگزیکٹو ایڈیٹر، پرنٹر و پبلشر سید کامران ممتاز نے ایم ای ایم (پرائیویٹ) لمیٹڈ کیلئے مشرق پریس سے چھپوا کر A-4 ماڈل ٹاؤن حالی روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔ چیف ایڈیٹر سید ممتاز احمد
ٹیلی فون نمبر:۔2829164-2821538-2821626 فیکس نمبر:۔2830228-2835934
ای میل mashriqqta2008@gmail.com

اتوار 10 اگست 2025ء

بیمار صنعتی یونٹس کی بحالی: دوٹوک عملی اقدامات کی ضرورت

گزشتہ روز وزیراعظم کے معاون خصوصی ہارون اختر خان کی زیر صدارت صنعتی پالیسی کے تحت بیمار صنعتی یونٹس کی بحالی اور کریڈٹ تک آسان رسائی سے متعلق ذیلی کمیٹیوں کا ایک اعلیٰ سطحی اجلاس منعقد ہوا ہے، جس میں اہم فیصلے ہوئے اور مختلف تجاویز کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس جس میں پاکستان بینکنگ ایسوسی ایشن، وزارت خزانہ، پاکستان بزنس کونسل، چیمبرز آف کامرس اور سٹیٹ بینک آف پاکستان کے نمائندوں نے شرکت کی میں ہارون اختر خان نے اس بات پر زور دیا کہ جو صنعتیں قرضے واپس کرنے میں ناکام ہیں جنہیں 12 ماہ سے زیادہ کا عرصہ ہو چکا ہے جو غیر فعال ہیں یا جو اپنی صلاحیت کا 30 فیصد سے کم کام کر رہی ہیں، انہیں بیمار یونٹس تصور کیا جائے گا۔ کمیٹی نے تجویز پیش کی کہ سٹیٹ بینک آف پاکستان بیمار صنعتی یونٹس کی بحالی کے لئے ایک آسان فریم ورک جاری کرے جس میں پرنسپل ہیئر کٹ آپشنز، ٹینور میں توسیع کے آپشنز، شرح سود میں تبدیلی اور نیا ورکنگ کیپٹل فراہم کرنے کی آسانیاں شامل ہوں۔ مزید برآں بینکوں کو بیمار یونٹس کی بحالی میں رضا کارانہ شرکت پر ترغیبات دی جائیں گی اور ان کی آڈٹ سے تحفظ فراہم کیا جائے گا۔ امر واقعی یہ ہے کہ ملکی معیشت کا استحکام اور ترقی اس کی صنعتی بنیاد پر منحصر ہے۔ تاہم، گزشتہ کئی سالوں سے، ملک کا مینوفیکچرنگ سیکٹر مختلف چیلنجز کا شکار رہا ہے، جس کی وجہ سے کئی صنعتی یونٹس بیمار اور غیر فعال ہو چکے ہیں۔ ان یونٹس کی بحالی نہ صرف معیشت کی ترقی کے لیے ضروری ہے بلکہ روزگار کے مواقع پیدا کرنے اور برآمدات کو فروغ دینے کے لیے بھی کلیدی حیثیت رکھتی ہے۔ اس تناظر میں، وزیراعظم کے معاون خصوصی ہارون اختر خان کی زیر صدارت منعقدہ اجلاس ایک اہم قدم ہے، جس کا مقصد بیمار صنعتی یونٹس کی بحالی اور کریڈٹ تک آسان رسائی کو یقینی بنانا ہے۔ اس اعلیٰ سطحی اجلاس کا بنیادی مقصد بیمار صنعتی یونٹس کی تعریف، ان کی بحالی کے لیے فریم ورک اور انہیں درپیش مالیاتی مشکلات کا حل تلاش کرنا تھا اجلاس میں سب سے اہم قدم بیمار صنعتی یونٹس کی تعریف کا تعین تھا۔ ہارون اختر خان نے واضح کیا کہ وہ صنعتیں جو ایک سال سے زیادہ عرصے سے قرضے واپس کرنے میں ناکام ہیں، غیر فعال ہیں، یا اپنی پیداواری صلاحیت کا تیس فیصد سے کم کام کر رہی ہیں، انہیں بیمار یونٹس تصور کیا جائے گا۔ یہ تعریف ایک معیاری فریم ورک فراہم کرتی ہے جو یونٹس کی شناخت اور ان کی بحالی کے لیے پالیسی سازی میں مددگار ہوگی۔ کمیٹی نے سٹیٹ بینک آف پاکستان کو یہ تجویز دی کہ وہ بیمار صنعتی یونٹس کی بحالی کے لیے ایک آسان فریم ورک جاری کرے۔ اس فریم ورک میں مختلف نکات شامل ہیں مثلاً قرضے کے اصل رقم میں کمی تاکہ یونٹس پر مالی بوجھ کم ہو سکے قرض کی واپسی کی مدت میں اضافہ تاکہ یونٹس کو اپنی پیداوار بحال کرنے کا موقع ملے قرضوں پر شرح سود میں نرمی تاکہ یونٹس کی مالی مشکلات کم ہوں بحالی کے بعد یونٹس کو دوبارہ فعال کرنے کے لیے نیا سرمایہ فراہم کرنے کی آسانیاں وغیرہ اسی طرح یہ تجویز بھی اہمیت کی حامل ہے کہ بینکوں کو بیمار یونٹس کی بحالی میں رضا کارانہ شرکت پر ترغیبات دی جائیں اور انہیں آڈٹ سے تحفظ فراہم کیا جائے اس سے بینکوں کو ان یونٹس کی مدد کرنے کی حوصلہ افزائی ملے گی اور وہ مزید اعتماد کے ساتھ سرمایہ کاری کر سکیں گے اجلاس میں بحالی سے منسلک کریڈٹ اسکیموں کی بھی تجویز دی گئی، جن میں سیلز ٹیکس ڈیوٹی سے منسلک قرضہ سکیم اور بحالی کے لیے نئی قرضہ سکیم شامل ہے۔ ایسی سکیمیں یونٹس کو مالیاتی امداد فراہم کرنے کے نئے طریقے فراہم کریں گی اجلاس میں ایک ڈیجیٹل پورٹل کے قیام کی بھی تجویز دی گئی جو بیمار صنعتی یونٹس کے مسائل کو حل کرے گا۔ اجلاس میں اٹھائے گئے اقدامات اور تجاویز بلاشبہ پاکستان کی صنعتی بحالی کے لیے ایک مثبت اور جامع حکمت عملی کا آغاز ہیں۔ ان تجاویز کا گہرائی سے تجزیہ کرنے پر یہ واضح ہوتا ہے کہ یہ نہ صرف موجودہ مسائل کا حل فراہم کرتی ہیں بلکہ مستقبل کی صنعتی ترقی کے لیے بھی ایک مضبوط بنیاد رکھ سکتی ہیں بیمار صنعتی یونٹس کی تعریف، سٹیٹ بینک کا فریم ورک، بینکوں کے لیے ترغیبات اور نیشنل انڈسٹریل ریولوشن کمیشن کا قیام ایک مربوط حکمت عملی کی نشاندہی کرتا ہے۔ اس طرح کی جامع منصوبہ بندی کے بغیر، صنعتی بحالی کے اقدامات ادھورے رہ جاتے ہیں۔ یہ حکمت عملی تمام متعلقہ فریقوں کو ایک پیج پر لاتی ہے، جو کہ پالیسیوں کی کامیابی کے لیے انتہائی ضروری ہے پاکستان کی معیشت میں ایس ایم ایز کا کردار بہت اہم ہے۔ ان کے لیے کریڈٹ کی فراہمی پر غور کرنا ایک دانشمندانہ اقدام ہے طویل المدتی فنانسنگ پالیسی کی تیاری اس بات کا ثبوت ہے کہ حکومت مستقبل کے لیے ایک پائیدار فریم ورک بنانا چاہتی ہے۔ یہ پالیسی صنعتی سیکٹر کو طویل عرصے تک مستحکم رکھنے میں مددگار ثابت ہوگی جو تجاویز آئی ہیں وہ مثبت ہیں، لیکن ان کے نفاذ میں کچھ چیلنجز بھی درپیش ہو سکتے ہیں بہترین پالیسیوں کے باوجود، اگر ان پر درست طریقے سے عمل درآمد نہ ہو تو وہ ناکام ہو سکتی ہیں ملک میں سیاسی اور اقتصادی عدم استحکام ایسی طویل المدتی پالیسیوں کی کامیابی میں رکاوٹ بن سکتا ہے غرض چیلنجز ہوں گے تاہم ان سے نمٹنے کے لئے اگر بروقت منصوبہ بندی اور اقدامات کیے جائیں تو آسانی رہے گی مجموعی طور پر دیکھا جائے تو وزیراعظم شہباز شریف کی قیادت میں موجودہ حکومت معیشت کی بحالی استحکام اور جدت و ترقی کے لئے ہمہ گیر اقدامات اٹھا رہی ہے جن میں بیمار صنعتی یونٹس کی بحالی و فعالیت کا ہدف بھی شامل ہے اس بابت گزشتہ روز کے اجلاس میں سامنے آنے والی تجاویز معیشت کی بحالی اور صنعتی ترقی کے لیے ایک امید افزا روڈ میپ فراہم کرتی ہیں۔ ان اقدامات کا مقصد نہ صرف بیمار صنعتی یونٹس کو دوبارہ فعال کرنا ہے بلکہ مجموعی طور پر مینوفیکچرنگ سیکٹر کو مضبوط بنانا ہے۔ اگر ان تجاویز پر درست طریقے سے عمل درآمد کیا جائے تو یہ اقتصادی سرگرمیوں کو فروغ دینے، روزگار پیدا کرنے اور برآمدات بڑھانے میں اہم کردار ادا کریں گی۔ جیسا کہ ہارون اختر خان نے زور دیا، برآمدات پر مبنی ترقی پاکستان کی اقتصادی حکمت عملی کا سنگ میل ہے، اور صنعتی بحالی اس ہدف کو حاصل کرنے کا پہلا قدم ہے پس ضروری ہے بیمار صنعتی یونٹس کی بحالی کے لئے جاری اقدامات میں تیزی لائی جائے اور وقت کی ضرورتوں اور حالات کے تقاضوں سے ہم آہنگ دوٹوک عملی اقدامات یقینی بنائے جائیں تاکہ پائیدار اہداف حاصل ہوں اور معیشت و معاشرت کو درپیش چیلنجز، مسائل، مصائب اور مشکلات سے نمٹنے میں خاطر خواہ آسانی اور معاونت مل سکے۔

نریندر سرنڈر: بی جے پی کے نام

انسانوں کے نام

افضال ریحان

فلسطینیوں کی مشکلات اور نیتن یاہو کے لیے بڑا خطرہ

عالمی افق

پال ایڈمز

وہ جو دولت سمیٹتے رہے؟

قرطاس



عاصف اعوان

حکمرانوں کی حمایت کیوں؟

شہریار

ڈاکٹر رتھ فاؤ۔ مسیحا کی 8ویں برسی

آواز دوست

وزیر کے انکشافات کو سنجیدہ لیں

خیال حمید

چادر اور چار دیواری

خورشید ندیم

گوادر، کمشنر مکران ڈویژن قادر بخش پرکانی شہر کو پانی سپلائی کرنے والے واٹر ورکس پمپنگ اسٹیشن کا دورہ کر رہے ہیں

اوستہ محمد جشن آزادی کی تیاریاں عروج پر بازاروں وگلیوں میں گہما گہمی

جا بجا قومی پرچم، ٹوپیوں، بیجز، جھنڈیوں اور ملبوسات کے اسٹالز سج گئے، نوجوان و بچے خریداری میں مصروف

مختلف چوراہوں اور اہم مقامات کو برقی قمقموں اور قومی پرچموں سے سجانے کا سلسلہ بھی شروع کردیا گیا ہے

اوستہ محمد (آئی این پی) ملک بھر کی طرح ضلع اوستہ محمد میں بھی 14 اگست یوم آزادی کے سلسلے میں جوش و خروش اپنے عروج پر پہنچ گیا ہے۔ شہر کی گلیوں، بازاروں اور چوراہوں پر قومی پرچم، بیجز، ٹوپیاں، جھنڈیاں اور سفید و سبز ملبوسات کے اسٹالز سج گئے ہیں، جنہوں نے ماحول کو مکمل طور پر حب الوطنی کے رنگ میں رنگ دیا ہے۔ بچوں اور نوجوانوں کی بڑی تعداد نہ صرف قومی پرچم اور آزادی کے حوالے سے اشیا خریدنے میں مصروف ہیں بلکہ ملی نغمے گنگناتے اور وطن سے محبت کا اظہار کرتے بھی نظر آ رہے ہیں۔ دکانداروں کے چہروں پر خصوصی رونق اور خوشی جھلک رہی ہے، جبکہ دکانوں، گھروں اور سرکاری عمارتوں پر سبز ہلالی پرچم لہرانے کی تیاریاں زور و شور سے جاری ہیں۔ جبکہ مختلف چوراہوں اور اہم مقامات پر روشنیوں اور برقی قمقموں سے سجانے کا سلسلہ بھی شروع ہوگیا ہے۔ اسکولوں، کالجوں اور سرکاری اداروں میں یوم آزادی کے سلسلے میں تقریبات، ملی مشاعرے اور تقاریر کے پروگرام ترتیب دیئے جا رہے ہیں۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ 14 اگست پاکستان کی تاریخ کا روشن اور سنہری دن ہے، جس دن ہم سب کو اپنے وطن کی آزادی اور قربانیوں کو یاد کرتے ہوئے یکجہتی، محبت اور اتحاد کا مظاہرہ کرنا چاہیے۔

گوادر: کمشنر مکران ڈویژن کی جانب سے مختلف واٹر سپلائی اسکیموں کا دورہ

متعلقہ افسران بھی انکے ہمراہ تھے، ایگزیکٹو انجینئر پی ایچ ای مومن بلوچ کی جانب سے بریفنگ

ایئرپورٹ پمپنگ اسٹیشن کو بلاتعطل بجلی کی فراہمی کیلئے احکامات جاری کرینگے، قادر بخش پرکانی

گوادر (ع ن) کمشنر مکران ڈویژن قادر بخش پرکانی نے گوادر میں پانی کی فراہمی کی صورتحال کا تفصیلی جائزہ لینے کے لیے مرکزی سپلائی ایئرپورٹ پمپنگ اسٹیشن، واٹر اسٹوریج ٹینکس اور شہر کے واٹر ورکس پمپنگ اسٹیشن کا دورہ کیا۔ اس موقع پر ایگزیکٹو انجینئر پی ایچ ای مومن بلوچ، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل ڈاکٹر عبدالشکور، انجینئر ساجد بگٹی، جی ڈی اے کے انجینئر اکبر بلوچ اور دیگر متعلقہ افسران بھی ان کے ہمراہ تھے۔ دورے کے دوران ایگزیکٹو انجینئر پی ایچ ای نے کمشنر مکران کو خشک سالی کے باعث درپیش پانی کے بحران، موجودہ سپلائی سسٹم، مختلف واٹر اسکیمز، مین سورسز اور متبادل ذرائع کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔ انہوں نے گوادر شہر کو پانی کی فراہمی میں پبلک ہیلتھ انجینئرنگ، جی ڈی اے اور محکمہ اری گیشن کے کردار پر روشنی ڈالی۔ اس کے ساتھ حال ہی میں گوادر پورٹ اتھارٹی کے چیئرمین نور الحق بلوچ کی کاوشوں سے ڈیسالینیشن پلانٹ کو قلیل مدت میں فعال کرنے کا بھی ذکر کیا، جو روزانہ چار سے پانچ لاکھ گیلن پانی شہر کو فراہم کر رہا ہے، جس سے پانی کی قلت پر مؤثر طور پر قابو پایا جا رہا ہے۔ جس پر کمشنر مکران نے یقین دہانی کرائی کہ ایئرپورٹ پمپنگ اسٹیشن کو بلاتعطل بجلی کی فراہمی کے لیے فوری احکامات جاری کیے جائیں گے۔

چاغی، ریکوڈک مائننگ کمپنی کی جانب سے تربیتی سیشن سے مقررین خطاب کر رہے ہیں

ڈاکٹر عبدالغفار کاکڑ کی ٹرانسفر کو واپس لیا جائے۔ عوامی حلقے

میزئی اڈہ (نامہ نگار) قلعہ عبداللہ کے عوامی حلقوں نے ایم ایس ڈی ایچ کیو ہسپتال قلعہ عبداللہ ڈاکٹر عبدالغفار کاکڑ کی ٹرانسفر کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے اور مطالبہ کیا ہے ٹرانسفر واپس لیا جائے موصوف نے دن رات محنت کر کے اسپتال کو عوام الناس کے لئے فعال ادارہ بنایا اس میں صحت کے لیے تمام سہولیات فراہم کی گئی۔ اور 24 گھنٹے ڈاکٹروں اور دیگر طبی عاملہ کی فراہمی یقینی بنائی۔ اب اس حالت میں ڈاکٹر عبدالغفار کی ٹرانسفر سمجھ سے بالاتر ہے۔ قلعہ عبداللہ کے عوام وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی، وزیر صحت بخت محمد کاکڑ ضلع قلعہ عبداللہ کے ایم پی اے زمرک خان اچکزئی اور ڈی سی قلعہ عبداللہ سے پرزور مطالبہ کرتے ہیں کہ فوری طور پر ڈاکٹر عبدالغفار کاکڑ کی ٹرانسفر کو واپس لیا جائے۔ اس طرح خدمت گار افسر کی ضلع کو بہت زیادہ ضرورت ہے

کرنٹ لگنے سے نوجوان جاں بحق

جیکب آباد (اے این این) جیکب آباد میں سیپکو حکام کی غفلت، گیارہ ہزار وولٹیج کی تار سے کرنٹ لگنے سے نوجوان جاں بحق، ورثہ کا سیپکو کے خلاف لاش سمیت دھرنا، مقدمہ درج کرنے کا مطالبہ۔ تفصیلات کے مطابق جیکب آباد میں سیپکو حکام کی سنگین غفلت نے ایک قیمتی جان لے لی، شہر کے وسط میں واقع ڈیری بکری کے قریب 11 ہزار وولٹیج کی گری ہوئی ہائی وولٹیج تار سے کرنٹ لگنے کے باعث بہادر پور کا رہائشی نوجوان اسد اللہ ولد حاجی طفیل بگلانی جاں بحق ہوگیا۔ عینی شاہدین کے مطابق گزشتہ رات سے ہی مین شاہراہ پر گیارہ ہزار وولٹیج کی تار گری پڑی تھی جس کی اطلاع بارہا سیپکو حکام کو دی گئی مگر کسی نے اس کو ہٹانے کی زحمت نہیں کی بکری سے سامان لیکر جاتے ہوئے نوجوان حاجی اسد اللہ بگلانی کو تار سے کرنٹ لگا اور وہ موقع پر ہی دم توڑ گیا۔ نوجوان کی لاش اسپتال منتقل کی گئی جہاں ڈاکٹرز نے اس کے فوت ہونے کی تصدیق کی، سیپکو کی نااہلی کی وجہ سے فوت ہونے والے نوجوان کے ورثہ نے سول اسپتال روڈ پر لاش سمیت دھرنا دیکر روڈ بلاک کردیا اور نعرے بازی کی، متوفی کے ورثاء کا کہنا ہے کہ حاجی اسد اللہ کئی سالوں سے مدینہ منورہ میں مقیم تھا اور چند روز کی چھٹی پر اپنے وطن آیا تھا مگر سیپکو کی مجرمانہ غفلت نے اسے ہمیشہ کے لیے ہم سے جدا کردیا

وفاقی محتسب کا ادارہ: انصاف آپ کی دہلیز پر

انصاف تک آسان رسائی اور انصاف کی بلاتاخیر فراہمی ہر شہری کا بنیادی حق بھی ہے اور کامیاب ریاستوں کی پہچان بھی۔ وفاقی محتسب کے ادارے نے گزشتہ برسوں میں انصاف کی مفت اور جلد فراہمی کے لئے متعدد اقدامات اٹھائے ہیں اور عوام الناس کو ان کی دہلیز پر بلاتفریق انصاف فراہم کیا جا رہا ہے۔ وفاقی محتسب کے اسلام آباد میں ہیڈ آفس کے علاوہ پورے ملک

تحریر: کاشف بلوچ

میں 25 علاقائی دفاتر بھی کام کر رہے ہیں، جن میں خضدار، خاران، گلگت بلتستان، بہاولپور، سکھر، حیدرآباد، وانا، صعدہ، ساہیوال، ملتان، ڈیرہ غازی خان اور مظفرآباد آزاد جموں وکشمیر جیسے دور دراز اور پسماندہ علاقے بھی شامل ہیں۔ ان علاقائی دفاتر کی وجہ سے عوام الناس کو یہ سہولت حاصل ہے کہ وہ انصاف کے حصول کے لئے اپنے قریب ترین علاقائی دفتر میں شکایت داخل کر سکتے ہیں۔ انصاف کی آسان رسائی کو یقینی بنانے کے لئے وفاقی محتسب نے یہ اہتمام بھی کر رکھا ہے کہ شکایت کنندگان آن لائن شکایت داخل کر کے آن لائن ہی سماعت میں بھی شرکت کر سکتے ہیں، یوں ان کو ایک پیسہ خرچ کئے بغیر گھر بیٹھے انصاف مل جاتا ہے۔ اس سلسلے میں سب سے اہم بات یہ ہے کہ عوام کی سہولت کی خاطر وفاقی محتسب کے افسران ملک بھر میں دور دراز قصبوں اور تحصیل ہیڈ کوارٹرز میں خود جا کر کھلی کچہریاں منعقد کرتے ہیں اور وفاقی اداروں کے خلاف شکایات سن کر ان کے ازالے کے لئے موقع پر ہی متعلقہ اداروں کو ہدایات جاری کرتے ہیں۔ ان کچہریوں میں سینکڑوں لوگ اپنی شکایات لے کر آتے ہیں اور اکثر شکایات کا موقع پر ہی ازالہ کر دیا جاتا ہے۔ سال 2024ء میں 171 او سی آر (آؤٹ ریچ کمپلینٹ ریزولوشن) پروگراموں کے ذریعے کثیر تعداد میں کیس نمٹائے گئے جبکہ سال رواں کی پہلی ششماہی میں وفاقی محتسب کے افسران کے 137 او سی آر دوروں کے دوران پانچ ہزار سے زائد شکایات کو نمٹایا جا چکا ہے۔ گویا پانچ ہزار سے زائد خاندانوں کو ان کے گھر کے قریب جا کر انصاف فراہم کیا گیا۔ سال 2024ء کے دوران وفاقی محتسب کی معائنہ ٹیموں نے سرکاری اداروں کے 79 دورے کئے اور فوری حل طلب اور طویل مدتی سفارشات مرتب کیں۔ جو وفاقی محتسب کی طرف سے ان اداروں کے سربراہوں کو عملدرآمد کے لئے بھجوائی گئیں۔ وفاقی محتسب کا کو آرڈینیشن ونگ پورے ملک سے آئی ہوئی رپورٹوں پر عملدرآمد کے سلسلے میں متعلقہ اداروں سے مسلسل رابطے میں رہتا ہے تاکہ پیش رفت کا اندازہ ہوتا رہے اور جہاں کہیں کسی سفارش پر عملدرآمد میں رکاوٹ ہو، اسے دور کیا جا سکے۔ 2024ء کے دوران وفاقی محتسب کو دو لاکھ 26 ہزار 371 شکایات موصول ہوئیں جب کہ دو لاکھ 23 ہزار شکایات کے فیصلے کئے گئے جو کہ ایک عالمی ریکارڈ ہے کیونکہ دنیا بھر میں محتسب کے کسی ایک ادارے نے ایک سال کے دوران اتنے فیصلے نہیں کئے۔ ان فیصلوں پر عملدرآمد کی شرح 93 فیصد سے زیادہ رہی ہے، گویا صرف ایک سال کے اندر وفاقی محتسب کے ادارے نے سوا دو لاکھ خاندانوں کو مفت انصاف فراہم کیا۔ سال رواں کے دوران اب تک ایک لاکھ 45 ہزار سے زائد شکایات موصول ہو چکی ہیں جن میں سے ایک لاکھ 43 ہزار 407 شکایات کے فیصلے کئے جا چکے ہیں۔ شکایات کی بڑھتی ہوئی تعداد سے اندازہ لگایا جا سکتا ہے کہ اس سال 2025ء کے اختتام تک شکایات کی تعداد ڈھائی لاکھ سے تجاوز کر جائے گی۔ یہ مثالی کارکردگی وفاقی محتسب پاکستان کا اعزاز بھی ہے اور اس ادارے پر عوام الناس کے اعتماد کا مظہر بھی۔

لیبر ویلفیئر کی مزدور دشمن پالیسیوں کا فوری نوٹس لیا جائے، بولان مائننگ ورکرز

ایک اعلیٰ افسر کی جانب سے یونین کے معاملات میں بے جا مداخلت کا سلسلہ بند کروایا جائے

2024 میں بغیر انتخابات کے کابینہ کا غیر آئینی نوٹیفکیشن جاری کیا، رہنماؤں کی بات چیت

خضدار (یو این اے) بولان مائننگ انٹرپرائزز ورکرز یونین کے عہدیداروں نے بولان مائننگ کے احاطے میں منعقدہ احتجاجی مظاہرے کے دوران صحافیوں سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ گزشتہ سالوں سے ہمیں رجسٹرار آف ٹریڈ یونینز و ڈائریکٹر لیبر ویلفیئر جو کہ ایک جونیئر افسر ہیں اور لیبر لا سے بھی نابلد ہیں۔ جنہوں نے بولان مائننگ انٹرپرائزز کے محنت کشوں کو جون 2024 سے تاحال بڑے پیمانے پر معاشی حوالے سے نقصان پہنچایا۔ جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔ ہماری سی بی اے یونین کے دو سال بعد وقت مقرر پر آئینی اور جمہوری طریقے سے انتخابات ہوتے ہیں اور یونین کے دو سالہ انتخابات 3 جولائی 2024 کو ہونے تھے لیکن مزدور دشمن پالیسی رکھنے والے رجسٹرار آف ٹریڈ یونینز نے بغیر انتخابات سابق صدر و دیگر 8 افراد کی کامیابی کا دو سال کیلئے غیر قانونی وغیر آئینی نوٹیفکیشن کروا یا مجبوراً تھرڈ لیبر کورٹ حب چوکی کے معزز عدالت میں باقاعدگی سے پٹیشن دائر کرنا پڑی جس پر مذکورہ نام نہاد کابینہ نے 26 فروری 2025 کو جنرل باڈی اجلاس طلب کیا جس میں یونین ارکان نے اکثریتی رائے سے نام نہاد جعل ساز عہدیداروں کو مسترد کیا۔ تاہم اجلاس میں الیکشن کمیشن چیئرمین و ممبران انتخابات ہوا اور قائمقام صدر بھی نامزد کیا گیا۔ اسی دوران سابق صدر و مزدور رہنما نے عدالت سے کیس واپس لے لیا

بعدالت جناب فیملی جج (2) صاحبہ کوئٹہ

مثل نمبر 65/25 دعویٰ گارڈین شپ

بی بی رخسانہ بیوہ حاجی عبدالودود سکنہ فرسٹ سٹاپ نواں کلی کوئٹہ بنام عوام الناس

اشتہار بنام عوام الناس:۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا عدالت ہذا میں زیر سماعت ہے جس کی آئندہ تاریخ سماعت 11/8/2025 مقرر ہو چکی ہے بذریعہ اشتہار عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ درخواست ہذا کی بابت کسی کو کسی قسم کا کوئی اعتراض ہو تو مقررہ تاریخ سماعت پر حاضر عدالت ہذا ہو کر مقدمہ کی پیروی کریں بصورت دیگر یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی اشتہار ہذا آج بمورخہ 26/7/2025 کو بدستخط میرے و مہر عدالت سے جاری ہوا

61874

از دفتر تحصیلدار و اسسٹنٹ کلکٹر درجہ اول تحصیل حب

اشتہار عوام الناس

ہر خاص و عام کو بذریعہ اشتہار ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ مسماۃ عروبہ بنت سیف اللہ ساکن محلہ گزگی خضدار درخواست برائے وراثت انتقال زیر دستخطی گزاری ہے کہ اس کے والد مسمی سیف اللہ ولد محمد موسیٰ مورخہ 21/02/2022 کو بقضائے الٰہی فوت ہو چکا ہے جو کہ ان کے نام پر اراضی انتقال نمبر 23223 خسرہ نمبر 4 برقبہ 6/1/2-0-0 پول موضع ساکران درج ریکارڈ ہے جو کہ ذیل وارثت کے نام وراثت انتقال کی جائے۔ عروبہ بنت سیف اللہ لہٰذا اس اشتہار میں اگر کسی کو کسی قسم کا کوئی اعتراض ہو تو اندر میعاد ایک ہفتہ زیر دستخطی کے سامنے اپنے تمام ثبوت و اثبات کے ساتھ پیش ہو کر وجہ بیان کرے، مقررہ تاریخ گزرنے کے بعد کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

نمائندہ حب

منشیات متاثرین سمیت پورے معاشرے کیلئے تباہی کا باعث ہے، ڈی سی خضدار

عادی افراد کی بحالی اور علاج کیلئے جدید طرز کے بحالی مراکز کے قیام کی تیاریاں شروع کر دی گئی ہیں

سنٹر میں نفسیاتی تھراپی اور کاؤنسلنگ سمیت پیشہ ورانہ تربیت کے پروگرامز بھی شروع کیے جائینگے، یاسر اقبال دشتی

خضدار (خ ن) ڈپٹی کمشنر خضدار یاسر اقبال دشتی نے منشیات کی لت میں مبتلا افراد کی بحالی اور علاج کیلئے خضدار میں ایک جدید ڈرگ ری ہیبلی ٹیشن سنٹر کے قیام کی تیاری شروع کردی ہے۔ یہ اقدام مقامی آبادی اور خصوصاً متاثرہ خاندانوں کے لیے ایک سنگ میل ثابت ہوگا، کیونکہ اب منشیات کے عادی افراد کو سرکاری سطح پر علاج کی سہولت میسر ہوگی۔ ڈپٹی کمشنر خضدار یاسر اقبال دشتی نے اس حوالے سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ منشیات کی لت نہ صرف افراد بلکہ پورے معاشرے کے کیلئے تباہی کا باعث ہے ہمارا مقصد خضدار کے نوجوانوں اور متاثرہ افراد کو اس موذی مرض سے نجات دلانا اور انہیں صحت مند و فعال زندگی کی طرف واپس لانا ہے۔ اس منصوبے کے تحت ڈرگ سنٹر میں ڈیٹاکسیفیکیشن، نفسیاتی تھراپی اور پیشہ ورانہ تربیت کے پروگرامز بھی شروع کیے جائینگے ڈرگ سنٹر میں طبی سہولیات، کاؤنسلنگ اور نفسیاتی علاج کے پروگرامز بھی شامل ہوں گے تاکہ عادی افراد کو مکمل بحالی کی طرف لے جایا جاسکے۔ مریض نہ صرف نشے سے چھٹکارا حاصل کریں بلکہ معاشرے میں باعزت مقام بھی حاصل کرسکیں۔ شہریوں نے ڈپٹی کمشنر کے اس اقدام کو سراہتے ہوئے کہا کہ یہ سنٹر خضدار کے لیے ایک تحفہ ثابت ہوگا۔ یہ منصوبہ نوجوانوں کو منشیات کی دلدل سے نکالنے اور ان کے مستقبل کو روشن بنانے میں اہم کردار ادا کرے گا۔ دوسری جانب اقوام متحدہ کے دفتر برائے منشیات و جرائم (UNODC) کے مطابق، منشیات کا بڑھتا ہوا رجحان معاشرتی و اقتصادی مسائل کو جنم دیتا ہے، اور اس کا مقابلہ کرنے کے لیے منظم حکومتی اقدامات کی ضرورت ہے۔ خضدار کا یہ ڈرگ سنٹر اسی سمت میں ایک اہم پیش رفت ہے۔

جھل مگسی: انٹرنیٹ کی بندش سے تاجروں، طلباء و طالبات کو شدید مشکلات کا سامنا

آن لائن کاروبار کرنے والے افراد کو روزانہ کی بنیاد پر لاکھوں روپے کا نقصان ہو رہا ہے

طلبا و طالبات کا قیمتی وقت ضائع ہو رہا ہے، انٹرنیٹ سروس فی الفور بحال کی جائے، شہری

جھل مگسی / گنداواہ (نامہ نگار) بلوچستان کے ضلع جھل مگسی سمیت پورے صوبے میں انٹرنیٹ کی بندش سے طلبہ، تاجر اور روزمرہ کے کام کرنے والے افراد بری طرح متاثر ہیں طلبہ اپنی آن لائن کلاسز اور ریسرچ سے محروم ہو رہے ہیں، جس سے ان کا قیمتی وقت ضائع ہو رہا ہے آن لائن کاروبار کرنے والے افراد کو روزانہ لاکھوں کا نقصان ہو رہا ہے اور وہ اپنے صارفین سے رابطہ نہیں کر پا رہے انٹرنیٹ پیکجز کی مد میں صارفین کے لاکھوں روپے ضائع ہو رہے ہیں اور ہزاروں صارفین کے انٹرنیٹ پیکج ختم ہو چکے ہیں بار بار انٹرنیٹ کی بندش سے جھل مگسی سمیت صوبے کے لوگوں میں ذہنی تناؤ اور ڈپریشن بڑھ رہا ہے کیونکہ ان کا معمول کا کام متاثر ہو رہا ہے شہریوں نے مرکزی وصوبائی حکومت سے کہا ہے کہ سیکورٹی خدشات اپنی جگہ لیکن اس مسئلے کا حل انٹرنیٹ کی مکمل بندش کے علاوہ بھی نکالنا چاہیے حکومت کو اس پر توجہ دینے کی ضرورت ہے تاکہ شہریوں کو درپیش مشکلات کو کم کیا جاسکے انٹرنیٹ سروس بند ہونے سے تاجروں سمیت شہریوں کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے جنہوں نے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ فی الفور انٹرنیٹ سروس بحال کی جائے۔

پنجگور بارڈر گاڑی مالکان کے ٹرپ میں تاخیر

98 سیریل اسٹیکرز سسٹم میں شامل کیے جائیں، متاثرین کا مطالبہ

پنجگور (یو این اے) پنجگور بارڈرز پر کاروبار کرنے والے گاڑی مالکان کے مشکلات میں اضافہ گاڑی مالکان کا ٹرپ تین ماہ بعد آ رہے ہیں ذرائع کے مطابق اسٹیکرز میں مبینہ طور پر اضافے اور ہیچ کی وجہ سے عام گاڑی مالکان کے ٹرپ تین ماہ بعد آ رہے ہیں جس کی وجہ سے انہیں مالی مشکلات کا سامنا ہے ڈپٹی کمشنر عبدالرزاق ساسولی کے دور میں 20/30 روز بعد نمبر آتے تھے اس نے جدید سسٹم لگایا تھا اس سسٹم کے تحت جس گاڑی کا نمبر ہوتا اسے عام موبائل سے ایس ایم ایس موصول ہوتا کہ فلاں تاریخ کو بارڈرز جانے کا نمبر ہے اس طرح لوگ بروقت اپنے اپنے ٹرپ لگا سکتے تھے اور ہیچ نہ ہونے کے برابر تھا جس سے کسی کی حق تلفی نہیں ہوتا اور گاڑی مالکان بروقت ٹرپ لگاتے اسٹیکرز مافیا نے بارڈرز کے کاروبار کو مفلوج کر دیا ہے گزشتہ چند سالوں کے دوران اسٹیکرز میں اضافے اور مبینہ ہیچ سسٹم سے عام گاڑیوں کا ٹرپ تین ماہ بعد آ رہے ہیں حالانکہ سسٹم میں شفافیت کو برقرار رکھنے کے لئے تمام اسٹیکرز کی ویری فکیشن بھی ہو چکے ہیں دوسری جانب 98 سیریل کے اسٹیکرز جو سابقہ ضلعی انتظامیہ نے خود جاری کئے تھے مگر تاحال سسٹم میں شامل نہیں کئے جا رہے ہیں

تحصیل بھاگ کی رابطہ سڑکیں کھنڈرات میں تبدیل، عوام کا شدید احتجاج

بھاگ (یو این اے) تحصیل بھاگ کو ملک بھر سے ملانے والے تمام روڈ رستے تباہ بھاگ بختیار آباد مرکزی سڑک عرصہ دراز سے ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہیں، سڑکوں پر گہرے کھڈے، خستہ حال پٹے اور گرد و غبار نے سفر کو مزید مشکل بنا دیا ہے، جب کہ بارش کے دنوں میں کیچڑ کے باعث آمد و رفت مزید مشکل ہو جاتی ہے۔ شہریوں کو شدید کوفت کا سامنا ہے حکومت فوری طور پر سڑکوں کی مرمت کیلئے اقدامات اٹھائے عوامی حلقوں کی اعلیٰ حکام سے مطالبہ۔ تفصیلات کے مطابق تحصیل بھاگ کو ملک بھر سے ملانے والی رابطہ سڑکیں گزشتہ 22 کے سیلاب سے ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہیں بھاگ تا بختیار آباد بھاگ تا نچی بھاگ تا پیر تیار غازی بھاگ تا جلال خان اور شہر کی سڑکیں شدید تباہی سے دوچار ہیں بھاگ قدیمی تاریخی شہر ہونے کے باوجود حکمرانوں کی عدم توجہی سے کھنڈرات کا منظر پیش کر رہا ہے۔ جس سے عوام شدید ذہنی اذیت میں مبتلا ہیں اور منٹوں میں طے ہونے والا سفر گھنٹوں میں طے ہو رہا ہے عوامی حلقوں کا کہنا ہے منتخب ایم پی اے ایم این اے کے فنڈز نہ جانے کہاں خرچ ہو رہے ہیں

گوادر: سید ظہور شاہ ہاشمی ڈیجیٹل لائبریری میں مقابلے کے امتحان کی کلاسز کا آغاز

گوادر (خ ن) سید ظہور شاہ ہاشمی ڈیجیٹل لائبریری میں ڈپٹی کمشنر حمود الرحمٰن کی خصوصی کاوش سے مقابلے کے امتحانات سی ایس ایس، پی سی ایس کی کلاسز کا باضابطہ آغاز کردیا گیا ہے۔ ڈپٹی کمشنر نہ صرف اس منصوبے کے روح رواں ہیں بلکہ خود بھی طلبہ کو تدریس فراہم کر رہے ہیں۔ اس مقصد کے لیے انہوں نے ایک ماہر اور کوالیفائیڈ ٹیم تشکیل دی ہے، جس میں سی ایس ایس اور پی سی ایس پاس اساتذہ شامل ہیں۔ اس ٹیم میں نمایاں نام شاہان دشتی کا ہے، جنہوں نے حال ہی میں پی سی ایس امتحان میں کامیابی حاصل کی اور بلوچستان سول سروسز میں بطور اسسٹنٹ کمشنر منتخب ہوئے۔ اس کے ساتھ دیگر کوالیفائیڈ اساتذہ بھی طلبہ کو باقاعدگی سے رہنمائی فراہم کر رہے ہیں۔ بلوچستان کے عوام، بالخصوص گوادر کے طلبہ سے گزارش ہے کہ اس سنہری موقع سے بھرپور فائدہ اٹھا کر اپنے خوابوں کو حقیقت میں بدلیں۔

عوامی اشتہارات

MASHRIQ CLASSIFIED

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبے سے شائع کیے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں "ادارہ" کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا۔
☆☆ اوورائٹنگ اور مشکوک الفاظ والے مسودے کے غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔
☆☆ 2 فون نمبروں میں سے ایک غلط یا فون نمبر اور ایڈریس میں سے ایک اتفاقی غلط شائع ہونے کی صورت میں "ادارہ" ذمہ دار نہ ہوگا مقررہ تاریخ سے پہلے شائع ہو جائے تو دوبارہ شائع نہیں ہوگا۔
☆☆ غلط اشتہار شائع ہونے کی صورت میں (3) دن میں ہمیں اپنی تحریری شکایت درج کرائیں ورنہ "ادارہ" ذمہ دار نہ ہوگا۔
☆☆ اگر کسی وجہ سے کوئی اشتہار شائع ہونے سے رہ گیا ہو تو "ادارہ" اسکو دوسرے دن شائع کرنے کا مجاز ہوگا۔

اظہار لاتعلقی

میرا بھائی محمد قسیم ولد حاجی احمد بخش قوم ملغانی ساکن ہسپتال محلہ لورالائی سے اظہار لاتعلقی کا اعلان کرتا ہوں جو کہ مجھ سے منقولہ وغیرہ منقولہ جائیداد وغیرہ میں علیحدہ ہے وہ لوگوں سے حسب ادھار وغیرہ لے رہا ہے میں بذریعہ اشتہار عوام الناس کو مطلع کرتا ہوں اس سے میرے حوالے سے کسی قسم کا کاروبار لین دین وغیرہ نہ کریں جو بھی اس سے لین دین وغیرہ کرے گا وہ خود اسکا ذمہ دار ہوگا میں اسکے کسی لین دین قول و فعل کا ذمہ دار نہیں ہوں۔
المشتہر محمد محبوب ولد حاجی احمد بخش قوم ملغانی ساکن ہسپتال محلہ لورالائی
نمائندہ لورالائی ....

درستگی نام

میرے والد کا نام شناختی کارڈ میں غلطی سے حاجی عبدالعلیم مینگل لکھا گیا ہے جبکہ اصل نام عبدالحلیم مینگل ہے۔ لہٰذا درستگی کے لئے مشتہر ہے۔
المشتہر: محمد اشرف ولد عبدالحلیم مینگل
STAFF

ضرورت اسٹاف

ایک کمپنی کو آفس اسسٹنٹ کی ضرورت ہے۔ کمپیوٹر کا کام جانتا ہو۔ کنسٹرکشن کمپنی میں کام کا تجربہ ہو۔ خواہشمند امیدوار اپنی سی وی
Marcoenterprises21@gmail.com
پر ای میل کریں یا دیئے گئے نمبرز
081-2821255،03337805908
پر رابطہ کریں۔
61862

تلاش گمشدہ

میرا شناختی کارڈ نمبر 56503-4217201-3 بنام محمد شعیب ولد محمد انور جان سریاب چوک کوئٹہ کے ایریا میں کہیں گم ہوگیا ہے۔ ملنے پر 0316-8258993 پر اطلاع دیں۔
61873

اوستہ محمد: پریس کلب کی گلی میں اسٹریٹ لائٹس کی تنصیب کا عمل جاری

اوستہ محمد (آئی این پی) میئر میر مظفر خان جمالی کی خصوصی توجہ اور تعاون سے اوستہ محمد پریس کلب (رجسٹرڈ) کی گلی میں اسٹریٹ لائٹس لگانے کا عمل تیزی سے جاری ہے۔ اس منصوبے کا مقصد علاقے کو رات کے اوقات میں روشن اور محفوظ بنانا ہے تاکہ شہری بہتر انداز میں آمد و رفت کرسکیں اور جرائم کے خدشات میں کمی لائی جاسکے۔

بورنگ مرمت

ہمارے ہاں ہر قسم کے خراب بورنگ کی مرمت کا کام کیا جاتا ہے پرانے بند بورنگ کی صفائی کمپریسر سے اور بورنگ کو کیمرے سے چیک بھی کیا جاتا ہے رابطہ کیلئے فون نمبر 03469187798 پر رابطہ کریں
R.No.........61848

داخلے جاری ہیں

ڈسپنسر، ویکسینیٹر، میڈیکل ٹیکنیشن، سی ٹی اسکین، آئی، او ٹی، ڈایالائسز، ڈینٹل، الٹراساؤنڈ، ایکسرے، انستھیزیا، لیبارٹری ٹیکنیشن ایک اور دو سال ٹیکنیشن ڈپلومہ برائے پیرامیڈیکل کورسز ایوننگ اور مارننگ کلاسز سیشن ستمبر 2025 میں برائے میل اور فی میل تعلیمی قابلیت میٹرک محدود نشستوں پر داخلے جاری ہیں داخلہ فارم پرویشنل اکیڈمی فارمیڈیکل سائنسز اینڈ ہیومن کیئر، ڈاکٹر شیر محمد روڈ سے حاصل کئے جاسکتے ہیں
رابطہ 0812821071/03337828917
سائرنگل سٹاف ....

تلاش گمشدہ

میری موٹر سائیکل CD 70 ماڈل 2019 HONDA انجن نمبر 377540 چیسز نمبر CD 050077 رجسٹریشن نمبر MAE7476 کے کاغذات گوالمنڈی کے علاقے میں گم ہوگئے ہیں
المشتہر: عمران علی ولد خان محمد
سندس Advt........

TENDER NOTICE

TSE-252608806513 Only electronic bid will be submitted, No physical bid is required. Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB. The Executive Engineer Irrigation Division Killa Saifullah invites bids from Eligible Bidders for execution of following works for the Year 2025 based on Composite schedule rates 2023 on Percentage Rates

Tender Fee Rs 1500 and Bid Security 2%

S.No	Name of Work/s	E/Cost
1	CONSTRUCTION OF FLOOD PROTECTION WALL FOR AGRICULTURE LAND AT RIVER BANK NEAR KILI MUSAZAI, PSDP NO:3739 (2025-26).Z2025.0933.(BSDP PHASE-II PROJECT)	85,000,000

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Presence in Active Tax Payer List The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan Balochistan Revenue Authority Registration is required The bidder must have completed 2 Assignment of similar nature of work Turn over of at least 59,500,000 PKR Amount in2 subsequent previous years showing financial capacity of the firm Registration with Pakistan Engineering council (PEC) C-4 and above (Upto 200 million) In Relevant Category And Specialized Code is CE04(ii) (Irrigation & Flood Control Systems), CE04(v) (Irrigation Only). 2- similar nature work 50% of the estimated cost along with work orders and completion certificate in last five years Has a minimum Bank Credit Line certificate equal to at least 25 million with name of project mentioned Litigation and black listing Affidavit, (Attach affidavit on Rs. 100 non-judicial stamp paper duly attested by notary public) Green Challan RS.1000/- C03434 2% Bid Security of estimated cost In case of joint venture, (Joint venture agreement on affidavit on Rs. 500/- stamp paper duly attested by notary public) **Procedure Of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of Bank Gurantee,Deposit at Call of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The NIT & Bidding Document can be obtained electronically from www.bppra.gob.pk **Issuance of tender Documents:** Complete Bidding Document can be viewed at www.bppra.gob.pk **Last Date of bid submission:** Bid can only be submitted electronically latest by 26 August, 2025till 11:00 AM through supplier dashboard. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at 12:00 PM on EPPS System Address: Executive Engineer Office Near Circuit House Killa Saifullah
Phone no: 0823610660Fax no: 0823610660
Email: irrigationkillasaifullah7002@gmail.com

EXECUTIVE ENGINEER
IRRIGATION DIVISION
KILLA SAIFULLAH

PRQ NO.484/08-08-2025

www.dpr.gob.pk @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

NOTICE INVITING TENDER

The Executive Engineer, Urban Planning & Development Department Loralai Division invites sealed percentage tender based on Composite Schedule of Rates 2023, Government of Balochistan, amended up-to-date from interested Contractors / Firm who have the renewal for the year 2025-26, for the work listed below: **Earnest Money 2%, Tender Fee Rs 1000/- and Time limit 30-06-2026 for each work**

S.NO	Name of work	E/Cost
1.	CONSTRUCTION OF WSS WITH SOLAR SYSTEM ALONGWITH WATERTANK AND PIPELINE DOOR TO DOOR AT SHAM DISTRICT MUSAKHAIL PSDP NO. 6105 Z2025.0399 **TSE-252608803243**	9.9 M
2.	TAMEER JAMIA MASJID MADRASAH ARABIA HABIB-UL MADARIS LORALAI MEKHTAR PSDP NO. 5754 Z2025.2315 **TSE-252608803033**	9.9 M
3.	WSS KILLI WASHAL LANGANI BARKHAN PSDP NO. 5856 Z2025.2497 **TSE-252608803053**	14.85 M
4.	CONST OF EIDGAH RARASHAM DISTRICT MUSAKHAIL PSDP NO. 5769 Z2025.0281 **TSE-252608803283**	9.9 M
5.	SOLARIZATION JAMIA MASJID MAKHZAN UL ULOOM LORALAI PSDP NO. 5828 Z2025.2239 **TSE-252608805433**	9.9 M
6.	TAMEER AL BUKHARI JAMIA MASJID HASHIMI MUHALLA LORALAI PSDP NO. 5817 Z2025.2239 **TSE-252608805443**	9.9 M
7.	CONSTRUCTION OF GYMNASIUM FOR FEMALE AT UNIVERSITY OF LORALAI DISTRICT LORALAI PSDP NO. 5575 Z2025.0958 **TSE-252608805463**	19.80 M
8.	BORE WITH SOLARIZATION KILLI BABO KHUDA BUX RAMKAN BARKHAN PSDP NO. 5932 Z2025.0129 **TSE-252608805453**	9.9 M

ELIGIBILITY OF BIDDERS: . The Contractor must have valid registration with Pakistan Engineering Council in relevant Category **C-6 & above** for work in relevant discipline codes relevant works. Registration with tax authorities i.e. (NTN, BRA and Sales Tax Department), where applicable. Three Years Relevant Work Experience. The contractor/firm must not either be black listed nor involved in any litigation must be provided on stamp paper showing dates after publication of tender. The bidder must have similar work experience or has completed or has similar work in hand for applying in the tender and produce certificates (original) of completion Turnover of at least equivalent to 70% average in last three years showing financial capacity of firm The firm quoting their rates 10% below of contract cost must attached the analysis of rates /breakup of each work. The bidder must provide Cal deposit verification letter from the concerned bank showing the serial number, amount and must showing the concerned firm Name. **METHOD OF PROCUREMENT:** Single Stage – Two Envelope Procedure **BIDDING / TENDER DOCUMENTS :** The Tender Form/ Bidding Documents will be issued from the date of first publication till submission date and time during working hours and working days, from the address mentioned below/ head office on production of green challan form for an amount as mentioned above respectively (as bidding documents charges ,Non –refundable) deposited in the head of account C-03870 through Government Treasury / National Bank of Pakistan against written request which should be on original letter head pad having name ,address, phone numbers and signature of the contractor. Or can be downloaded from BPPRA website i.ewww.bppra.gov.pk. Tender application should accompany with Earnest Money in shape of deposit at call in favor of the undersigned issued from any scheduled bank against firm's Account. Name of firm should be clearly mentioned on instrument (Deposit at call). Application for issuance of tender documents accompanied with valid copies of PEC License, NTN and Sales Tax. BRA Certificates, CNIC, and Registration of firm/ Partnership Deed/Sole Proprietorship/Power of Attorney/Authority letter from the contractor in favor of their representative. No tender will be issued without showing the required documents in "ORIGINAL". **ISSUANCE OF TENDER DOCUMENTS:** The tender documents will be issued from the date of publication of this NIT till date of submission i.e. **25th August, 2025** during office hours. **DEADLINE OF BID SUBMISSION:** The technical and financial proposals from intending contractors /firms sealed in one single envelops clearly marked with work title and type of proposal must be submitted latest by **25th August, 2025** at 10:00 AM at the office of the undersigned. **TENDER OPENING:** The Envelope bids will be opened on the same day i.e. **25th August, 2025** at 11:00 AM in the office of the undersigned before procurement committee in the presence of contractors or their authorized representatives. **PLACE OF ISSUANCE AND SUBMISSION WILL BE:- Address:** Office of the Executive Engineer Urban Planning & Development Department Loralai Division, at Loralai. E-mail Address: Habibbaloch100@gmail.com
BID VALIDITY PERIOD: Ninety (90) Days. **TERMS AND CONDITIONS:** Blacklisting, Integrity Pact and All other AFFIDAVITS (To be provided by the bidder on Stamp Paper of worth Rs.100/- duly attested by notary public) and the others Terms and conditions are mentioned (incorporated in detail in bidding documents).

EXECUTIVE ENGINEER
Urban Planning &Dev: Department
Loralai Division at Loralai

PRQ No.480/08-08-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

OUR FAITH CORRUPTION FREE PAKISTAN .... OUR FAITH CORRUPTION FREE PAKISTAN ....

Government of Pakistan

NAB (BALOCHISTAN)

Shahra-e-Gulistan Quetta Cantt

BALOCHISTAN

OUR FAITH, CORRUPTION FREE PAKISTAN

TENDER NOTICE

Sealed Tenders are invited from reputable companies / firms, having National Tax Number, registered with Sales Tax Department and present on Active Taxpayers List (ATL) of FBR, for purchase of items / services for National Accountability Bureau (Balochistan) Quetta for financial Year 2025-2026 as per **PPRA Rules, 2004, 36 (a) Single Stage – One Envelope Procedure.** Bidders are required to submit their bids only through e-PADS. Bids received through e-PADS only shall be considered: -

Ser	Description
1.	Purchase of Stationery
2.	Hiring the services for photocopies and Binding
3.	Purchase of Conference & Seminar items
4.	Purchase of Others / Miscellaneous items

2. Authorized Agents / Distributors or Manufacturers / General Order suppliers may submit their e-bids through e-PADS until date & time mentioned below which will be opened in the presence of bidders or their representative who may like to participate: -

Ser	Description	Closing Date & Time for Submission of Bids	Date & Time of Opening of Bids
1.	Purchase of Stationery	27th August, 2025 1100 hrs	27th August, 2025 1130 hrs
2.	Hiring services for photocopies and Binding	28th August, 2025 1100 hrs	28th August, 2025 1130 hrs
3.	Purchase of Conference & Seminar items	29th August, 2025 1100 hrs	29th August, 2025 1130 hrs
4.	Purchase Of Others / Miscellaneous items	29th August, 2025 1100 hrs	29th August, 2025 1130 hrs

3. An earnest money 3 % (refundable) in the shape of CDR / demand draft / pay order separate for each head of accounts in favour of Additional Director (Admn), NAB Balochistan should be uploaded and original be submitted at NAB Office, Sharah-e-Gulistan, Quetta Cantt before or at the time of opening of tender, otherwise bid will be rejected.

4. Tender documents may be obtained from Reception of NAB (Balochistan) Office, Shahra-e-Gulistan Quetta Cantt from Monday to Friday during working hours free of cost or can be downloaded from e-PADS, PPRA or NAB websites.

5. Technically qualified and most advantageous successful bidding firm(s) will be responsible to provide store items / photocopies & binding services to NAB (Balochistan) during whole F.Y 2025-26.

6. The NAB (Balochistan) reserves the rights to accept or reject any or all bids under the provision of PPRA Rules.

Note: Notification of GRC constituted in terms of Rule-48 of PPRA Rules, 2004 is provided on EPADS at **www.eprocure.gov.pk.**

PID(Q)75/25

Deputy Director (Gen)
NAB (Balochistan)
Shahra-e-Gulistan, Quetta Cantt, Ph: 081-9203460

OUR FAITH CORRUPTION FREE PAKISTAN .... OUR FAITH CORRUPTION FREE PAKISTAN ....

SAY NO TO CORRUPTION

PAKISTAN MINERAL DEVELOPMENT CORPORATION
HEAD OFFICE, 13-H-9, ISLAMABAD, 44790

HIRING OF GEOPHYSICAL SURVEY SERVICES FOR THE EXPLORATION OF ANTIMONY, PRECIOUS METALS, AND BASE METALS IN ZHOB AND PISHIN BLOCKS, BALOCHISTAN

Pakistan Mineral Development Corporation (PMDC) is an autonomous corporation under the administrative control of Ministry of Energy (Petroleum Division), Government of Pakistan. PMDC is inviting the experienced firms to conduct the **Geophysical Survey for the Exploration of Antimony, Precious Metals, and Base Metals in Zhob and Pishin Blocks, Balochistan** as per following work scope.

- To execute Induced Polarization (IP) and Ground Magnetic (Mag) surveys over the designated area of Pishin and Zhob using optimum spacing.
- To carry out high-quality acquisition of geophysical data (IP and Mag), followed by systematic processing and interpretation.
- To develop and deliver detailed two-dimensional (2D) and three-dimensional (3D) geophysical models for all survey locations and profile lines.
- To generate depth slice maps and cross-sectional profiles along each survey line.
- Based on the interpreted geophysical anomalies, to delineate priority drilling targets and provide detailed recommendations.
- Submission of complete technical report covering all stages of the geophysical survey.

Firms meeting the following criteria are invited to participate.

- Possess at least five (5) years of relevant experience in geophysical data acquisition, processing and interpretations, in IP & Mag for precious and base metals exploration.
- A minimum of three relevant successfully completed projects in metallic mineral exploration.
- Availability of best-in-class geophysical tools of IP & Magnetic Surveys.
- Sound financial position along registration with tax authorities.

RFP documents having detailed terms & conditions can be downloaded from EPAD or PPRA Website.

The firms shall submit proposals in accordance with the instructions contained in the RFP document alongwith bid money of **Rs. 400,000/-** in the shape of demand draft/pay order in the name of Pakistan Mineral Development Corporation on account of bidder electronically through EPADS on or before **1st September 2025 at 03:00 PM.** The technical proposal opening will take place on the same date at **03:30 PM,** with the participation of representatives from interested firms (if interested), whereas the financial proposal of only qualified firms will be opened later. The bidding process will adhere to the **Quality and Cost Method** procedure as per PPRA Consultancy Service Regulation, 2010. This advertisement is also available on PPRA website.

Note:-

1. Original Bid Security Instrument Must Be submitted to undersigned, before the online submission deadline of the bid; otherwise, respective bid will not be opened.
2. In case of any technical difficulty in using EPADS, prospective bidders may contact PPRA Office, 1st floor, FBC building Sector G-5/2, Islamabad. Contact Number 051-111-137-237. **(EPAD No. is F-250897560)**

DGM (PRO) PMDC HO, 13-H/9, ISLAMABAD.
PID(I) 1166/25 **PH NO.051-9265128**

پہلا ون ڈے: پاکستان نے ویسٹ انڈیز کو 5 وکٹوں سے شکست دے دی

گرین شرٹس نے 281 رنز کا ہدف 5 وکٹوں کے نقصان پر باآسانی حاصل کرلیا، ڈیبیو کرنے والے حسن نواز نے ناقابل شکست 63 رنز بنائے

حسین طلعت 41 رنز بنا کر نمایاں رہے، شاہین نے چار، نسیم شاہ نے تین وکٹیں حاصل کیں، صائم ایوب، سلمان آغا اور سفیان مقیم کو ایک ایک وکٹ ملی

...رنز کا ہدف دیا۔ ویسٹ انڈیز کی جانب سے ایون لوئس (LewisEvin)، شائی ہوپ اور روسٹن چیس کی نصف سنچریز کی بدولت ہوم ٹیم 280 رنز بنا کر آؤٹ ہوئی۔ پاکستان کی جانب سے شاہین آفریدی نے چار، نسیم شاہ نے تین وکٹیں حاصل کیں، جبکہ صائم ایوب، سلمان علی آغا اور سفیان مقیم کو ایک ایک وکٹ ملی۔

اپنے ڈیبیو کو یادگار بنانا چاہتا تھا جس میں کامیاب ہوا، حسن نواز

...بن کرا سے یادگار بنانا چاہتا ہوں۔ ٹرینیڈاڈ میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ محمد رضوان نے مجھے کہا کہ آپ کا ڈیبیو میچ ہے اور میچ ختم کرنا ہے، رضوان جب آؤٹ ہوکر جارہے تھے تب بھی انہوں نے یہی کہا کہ میچ فنش کرکے آنا ہے۔ حسن نواز کا کہنا تھا کہ مجھے اعتماد تھا کہ میں ... لیا۔ انہوں نے کہا کہ حسین طلعت کے ساتھ یہی پلان بنایا تھا کہ اگر آخر تک جائیں گے تو آسانی سے میچ فنش کرلیں گے۔ پلان یہی تھا کہ پارٹنرشپ کرنی ہے کیونکہ ہم بڑے ہٹ مارلیتے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ ڈومیسٹک میں بھی اس طرح کی مشکل میچز پر کھیلے ہوئے ہیں۔

ٹرینیڈاڈ: پاکستان نے پہلے ون ڈے میچ میں ویسٹ انڈیز کو شکست دیکر کھلاڑی خوشی سے گلے لگا رہے ہیں

ویسٹ انڈیز کیخلاف پہلے میچ میں شاہین آفریدی کا شاندار کیچ وائرل

شاہین آفریدی الٹے قدم اٹھاتے ہوئے مشکل کیچ پکڑ لیا، شائقین کی زبردست داد

ٹرینیڈاڈ (آن لائن) ویسٹ انڈیز کے خلاف پہلے ون ڈے میچ میں شاہین آفریدی کا شاندار کیچ سوشل میڈیا پر وائرل ہوگیا۔ پاکستان اور ویسٹ انڈیز کے درمیان کھیلا گیا پہلا ون ڈے انٹرنیشنل پاکستان نے سنسنی خیز مقابلے کے بعد 5 وکٹ سے جیت لیا تھا۔ اس میچ میں شاہین آفریدی نے ایک شاندار کیچ پکڑا تھا جس کے نتیجے میں ویسٹ انڈیز کے بیٹر ایون لیوس کو واپس پویلین جانا پڑا تھا۔ میچ کے 19 ویں اوور میں صائم ایوب کی گیند پر ایون لیوس نے اونچا شارٹ کھیلنے کی کوشش کی تو اس دوران شاہین آفریدی نے اپنی نظریں ہوا میں موجود گیند پر جما کر رکھیں۔

آخری گیند پر چھکا، آئرلینڈ نے سنسنی خیز مقابلے کے بعد ٹی 20 سیریز اپنے نام کرلی

...جیتا تھا۔ آخری میچ اتوار کو اسی مقام پر کھیلا جائے گا۔ میچ میں پاکستان نے ٹاس جیت کر پہلے بیٹنگ کا فیصلہ کیا اور مقررہ 20 اوورز میں 6 وکٹوں کے نقصان پر 168 رنز بنائے۔ مریبہ علی 33، نتالیہ پرویز 31 اور شوال ذوالفقار 27 رنز بنا سکیں۔ لارا ملبرائیڈ اور کارا مرے نے دو، دو وکٹیں حاصل کیں۔ ہدف کے تعاقب میں آئرلینڈ کا آغاز اچھا...

برینڈن ٹیلر نے طویل ترین کرکٹ کیریئر کا ریکارڈ اپنے نام کرلیا

برینڈن 21 ویں صدی میں طویل ترین کرکٹ کیریئر والے کھلاڑی بن گئے

...کپتان برینڈن ٹیلر نے طویل کرکٹ کیریئر کا ریکارڈ توڑ دیا ہے۔ زمبابوے کو ہمیشہ کمزور ٹیموں میں شمار کیا جاتا ہے۔ تاہم اس کے سابق کپتان برینڈن ٹیلر نے ٹیسٹ کرکٹ میں واپسی کرکے بڑا ریکارڈ اپنے نام کرلیا اور وہ رواں 21 ویں صدی میں طویل ترین کرکٹ کیریئر رکھنے والے کرکٹر بن گئے ہیں۔ برینڈن ٹیلر جو میچ فکسنگ کے جرم میں ... دوسرے ٹیسٹ میچ میں 39 سال کی عمر میں میدان میں اترے اور 20 سال بعد اوپننگ کی۔ اس کے ساتھ ہی وہ برینڈن ٹیلر رواں صدی میں ڈیبیو کرنے والے کرکٹرز میں سب سے طویل کرکٹ کیریئر رکھنے والے کرکٹرز بن گئے ہیں اور اس ریکارڈ میں انہوں نے انگلینڈ کے ریکارڈ ساز جیمز اینڈرسن کو پیچھے چھوڑ دیا ہے۔

پی ایس ایل دنیا کی دوسری سب سے زیادہ تفریح فراہم کرنے والی لیگ قرار

لیگ میں مسلسل ہائی اسکورنگ اور سنسنی خیز میچز دیکھنے کو ملتے ہیں، بی بی سی کی رپورٹ

کراچی (آن لائن) برطانوی نشریاتی ادارے نے پی ایس ایل کو دنیا کی دوسری سب سے زیادہ تفریح فراہم کرنے والی لیگ قرار دے دیا۔ بی بی سی اسپورٹس کی حالیہ رپورٹ کے مطابق پاکستان سپر لیگ (پی ایس ایل) عالمی درجہ بندی میں صرف انڈین پریمیئر لیگ (آئی پی ایل) سے پیچھے ہے۔ بی بی سی اسپورٹس نے کرکٹ اینالیسس "فرم کریک وز" کے تعاون سے ٹی ٹوئنٹی اور دیگر شارٹ فارمیٹ کی بڑی فرنچائز لیگوں کا تجزیہ کیا، جن میں آئی پی ایل، جنوبی افریقہ کی ایس اے 20، آسٹریلیا کی بگ بیش لیگ (بی بی ایل)، کیریبین پریمیئر لیگ (سی پی ایل)، یو اے ای کی انٹرنیشنل لیگ ٹی 20 (آئی ایل ٹی 20) اور انگلینڈ کی دی ہنڈرڈ شامل تھیں۔ جائزے میں کارکردگی اور تفریحی معیار کے متعدد پیمانوں کو مدنظر رکھا گیا، جن میں فی میچ اوسط چوکے اور چھکے، بیٹنگ اسٹرائیک ریٹ، میچ کے آخری اوور یا گیند پر فیصلہ ہونے کا تناسب، ہوم ایڈوانٹیج کا اثر، وکٹیں لینے کے رجحانات اور پلیئنگ الیون میں شامل کھلاڑیوں کے بین الاقوامی تجربے (انٹرنیشنل کیپس) کی اوسط شامل تھی۔

بلاوائیو ٹیسٹ، نیوزی لینڈ کی گرفت مضبوط، زمبابوے کیخلاف 601 رنز بنالئے

نیوزی لینڈ کو 476 رنز کی غیر معمولی برتری حاصل ہے، ڈیوڈ جیکب کی نمایاں بیٹنگ

بلاوائیو (این این آئی) بلاوائیو ٹیسٹ میں نیوزی لینڈ کی گرفت مضبوط ہوگئی، زمبابوے کے خلاف دوسرے دن کے اختتام پر پہلی اننگز میں 3 وکٹ پر 601 رنز بنالیے اور میزبان ٹیم کے خلاف 476 رنز کی برتری حاصل کرلی۔ کھیل کے دوسرے دن نیوزی لینڈ نے پہلی اننگز 174 رنز 1 کھلاڑی آؤٹ سے دوبارہ شروع کی۔ ڈیون کونوے اور جیکب ڈفی اسکور کو 235 رنز تک لے گئے۔ اس اسکور پر جیکب ڈفی 36 رنز بنا کر آؤٹ ہوئے جس کے بعد ڈیون کونوے اور ہنری نکلز کے درمیان 110 رنز کی شراکت ہوئی۔ کونوے نے شاندار بیٹنگ کا مظاہرہ کیا، وہ 18 چوکوں کی مدد سے 153 رنز کی اننگز کھیل کر آؤٹ ہوئے۔ چوتھی وکٹ پر کونوے کا ساتھ دینے کے لیے راچن رویندرا آئے لیکن زمبابوین بولرز پارٹنرشپ توڑنے میں ناکام رہے۔ دونوں کیوی بیٹرز نے دن کے اختتام...

قومی ٹی 20 سکواڈ سے بابر اعظم کو ڈراپ کرنے پر شاہد آفریدی کا اظہار مایوسی

مستقل فارم میں رہنے والے کھلاڑی کو ڈراپ کرنا سمجھ سے بالاتر ہے، بات چیت

کراچی (آئی این پی) سابق کپتان اور آل راؤنڈر شاہد آفریدی نے قومی ٹی ٹونٹی اسکواڈ سے بابر اعظم کی غیر موجودگی پر مایوسی کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ بابر اعظم کو ڈراپ نہیں کرنا چاہیے تھا۔ ایک انٹرویو میں شاہد آفریدی نے ٹی ٹوئنٹی ٹیم سے بابر اعظم کی غیر موجودگی پر کہا ہے کہ ٹورنامنٹس سے قبل مستقل پرفارم کرنے والے کھلاڑی کو ڈراپ کرنا سمجھ سے باہر ہے۔ واضح رہے کہ آنے والے بڑے ٹورنامنٹس جن میں ایشیا کپ اور آئی سی سی ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ شامل ہیں کے تناظر میں انہوں نے کہا کہ بابر اعظم کی مستقل مزاجی اور دباؤ سے رنز بنانے کی صلاحیت نظر انداز نہیں کی جاسکتی۔ آفریدی سے سوال کیا گیا کہ بابر اعظم اور محمد رضوان اب بھی ٹیم کے حصہ بننے کے مستحق ہیں؟ تو اس پر انہوں نے جواب دیا کہ بابر اعظم نا صرف بہتر اسٹرائیک ریٹ کے ساتھ کھیل رہے ہیں بلکہ ان کا معیار موجودہ کھلاڑیوں سے کسی طور کم نہیں۔ نیز شاہد آفریدی نے کہا کہ اگر ہم اسٹرائیک ریٹ پر بات کریں تو موجودہ کھلاڑیوں کو اس سے بھی بہتر کھیل پیش کرنا چاہیے تھا۔

قومی ہیروز شہدائے چلتن ایڈونچرز کی 21 ویں برسی عقیدت و احترام سے منائی گئی

18 کوہ پیماؤں پر مشتمل قومی ٹیم نے بارہ سالہ کم عمر کوہ پیما مہردل خان بائی کے ہمراہ کے ٹو بیس کیمپ پہنچ کر ورلڈ ریکارڈ قائم کیا، واپسی پر حادثہ پیش آیا

بیس کیمپ سے واپس اسلام آباد آتے ہوئے مسافر بس دبیر نالے میں جاگری، پیش آنے والے حادثے میں قومی ٹیم کے پانچ مایہ ناز کوہ پیما شہید ہوگئے

21 ویں برسی کے موقع پر شہدائے چلتن ایڈونچرز کو بھرپور خراج عقیدت پیش کیا گیا، شہداء کی یاد ہمیشہ باقی اور ان کی خدمات تاقیامت یاد رکھی جائیں گی

کوئٹہ (سپورٹس رپورٹر) قومی ہیروز، شہدائے چلتن ایڈونچرز کی 21 ویں برسی گزشتہ روز عقیدت و احترام سے منائی گئی۔ واضح رہے کہ یہ قومی ہیروز ایک مہم کے دوران شہید ہوئے تھے۔ 16 جولائی 2004ء کو گورنر بلوچستان اویس احمد غنی نے گورنر ہاؤس کوئٹہ میں ایک وقار الوداعی تقریب میں چلتن ایڈونچرز کے بارہ سالہ کم عمر کوہ پیما مہردل خان بائی کو قومی پرچم دے کر کے الوداع کیا۔ قومی پرچم بردار کوہ پیما ٹیم نے اسلام آباد میں الپائن کلب آف پاکستان کے ہیڈ کوارٹر میں 18 جولائی کو رپورٹ دی۔ وہاں سے الپائن کلب کے تین دیگر کوہ پیما بھی قومی کوہ پیما ٹیم میں شامل ہوگئے۔ 18 کوہ پیماؤں پر مشتمل قومی ٹیم 24 جولائی 2004ء کو سکردو سے کے ٹو پہاڑ کے بیس کیمپ میں گولڈن جوبلی تقریب میں شرکت اور مہردل خان بائی کے کے ٹو بیس کیمپ پہنچنے کا عالمی ریکارڈ قائم کرنے کے لئے روانہ ہوئے۔ قومی پرچم بردار ٹیم 31 جولائی 2004ء کو کے ٹو بیس کیمپ پہنچی اور 31 جولائی کو علی الصبح ٹیم کے 12 سالہ کم عمر کوہ پیما مہردل خان بائی نے چلتن ایڈونچرز کے سینئر جونیئر کوہ پیماؤں کے ہمراہ کے ٹو کے بیس کیمپ پر سبز ہلالی پرچم لہرایا۔ اس موقع پر سب نے مل کر جشن منایا، یک جان ہوکر قومی ترانہ گایا اور ملک و قوم کی ترقی و خوشحالی کے لئے دعا کی۔ چلتن ایڈونچرز ایسوسی ایشن بلوچستان اور الپائن کلب آف پاکستان اسلام آباد کے 18 ارکان پر مشتمل فاتح ٹیم جو قومی کوہ پیماؤں کے سربراہ صدارتی ایوارڈ یافتہ مایہ ناز کوہ پیما حیات اللہ خان درانی ٹیم کے منیجر ملک عبدالرحیم بائی فنانس سیکرٹری عبدالصمد خان خلجی شہید، رابطہ آفیسر محمد علی خان مندوخیل شہید، سٹل فوٹو گرافر تیمور شاہ شہید، ویڈیو آپریٹر، نصیب اللہ خان خلجی شہید، وقاص احمد نور محمد خلجی، میر حمزہ، عبدالواحد، غلام نبی، محمد صدیق، شاہد مختار، جمال الدین، عبدالرشید، فیضان علی، حسن علی اور کم عمر کوہ پیما مہردل خان بائی شامل تھے۔ کامیابی کے جذبے سے سرشار قابل فخر انداز میں کے ٹو بیس کیمپ میں منعقدہ گولڈن جوبلی کی تقریب سے شرکت سے واپسی پر کوئٹہ کے لئے اسلام آباد روانہ ہوئی۔ لیکن اللہ تعالیٰ کو کچھ اور منظور تھا۔ آٹھ اگست کو اچانک صبح پانچ بجے کے قریب ڈرائیوروں کی غفلت کی بناء پر مسافر بس کوہستان کے علاقے دبیر کے دریائی نالے میں جاگری۔ اس دوران بس کا پچھلا حصہ فوری طور پر برفیلے ٹھنڈے پانی سے بھر گیا اور یوں دیگر مسافروں سمیت چلتن ایڈونچرز کے قومی فاتح ٹیم کے پانچ مایہ ناز اور ممتاز کوہ پیما ابدی نیند سوگئے۔ شہید ہونے والے مایہ ناز کوہ پیماؤں میں جنرل سیکرٹری CAAB عبدالصمد خلجی، فنانس سیکرٹری حامد علی خان مندوخیل، نور شہید، فوٹو گرافر سید تیمور شاہ، نصیب اللہ خلجی، اور آنجمانی وقار شامل ہیں۔ یہ قومی پرچم بردار کوہ پیما قومی ہیروز بے شک وطن عزیز پاکستان کا عظیم سرمایہ تھے اور پوری قوم کو وطن کے ان عظیم شہداء پر فخر ہے۔ گزشتہ روز یعنی 8 اگست کو ان شہداء کی 21 ویں برسی منائی گئی اور شہداء کو بھرپور خراج عقیدت پیش کیا گیا شہداء کی یاد ہمیشہ باقی اور ان کی خدمات تاقیامت یاد رکھی جائیں گی

ہانگ کانگ جونیئر اسکواش: پاکستان کے عمیر عارف فائنل میں پہنچ گئے

سنگاپور (این این آئی) پاکستان کے عمیر عارف ہانگ کانگ جونیئر اسکواش چیمپئن شپ کے فائنل میں پہنچ گئے۔ انڈر 17 سیمی فائنل میں عمیر عارف نے سنگاپور کے سیکنڈ سیڈ کوان منگ اسحاق کو شکست دی۔ عمیر عارف کی کامیابی کا اسکور 11-6، 11-9، 11-9 رہا۔ کوارٹر فائنل میں عمیر عارف نے امریکا کے پرانس جیکب کو شکست دی تھی۔ فائنل میں عمیر عارف کا مقابلہ ٹاپ سیڈ سعودی عرب کے الفضان محمد سے ہوگا۔

پال میلکیئر نے ٹورڈی پولونے سائیکل ریس کا چوتھا مرحلہ جیت لیا

وارسا (این این آئی) فرانس کے 21 سالہ سائیکلسٹ پال میلکیئر نے ٹورڈی پولونے سائیکل ریس 2025 کا چوتھا مرحلہ جیت لیا، اس طرح انہوں نے ٹورڈی پولونے سائیکل ریس میں پہلی فتح اپنے نام کرلی۔ پولینڈ سے ٹورڈی پولونے سائیکل ریس کا 82 واں ایڈیشن شروع ہوچکا ہے، جس میں دنیا بھر کی سائیکلنگ کی 22 ٹیموں کے نامور سائیکل سوار ٹائٹل کے حصول کے لئے کوشاں ہیں۔

پاکستان پیڈل رینکنگ کپ آج سے شروع ہوگا

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پیڈل فیڈریشن کے زیر اہتمام پاکستان پیڈل رینکنگ کپ (آج) اتوار سے کراچی میں شروع ہوگا۔ پاکستان پیڈل فیڈریشن کے صدر محمد متین نے بتایا کہ ٹورنامنٹ کے تمام انتظامات مکمل کرلئے گئے ہیں اور ٹورنامنٹ میں ملک بھر سے کھلاڑی تین کیٹیگریز کے مقابلوں میں حصہ لیں گے، جن میں مینز، ویمنز اور مکسڈ کے ایونٹس شامل ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ چیمپئن شپ 14 اگست تک جاری رہے گی اور ٹورنامنٹ کے اختتام پر کامیابی حاصل کرنے والے کھلاڑیوں میں انعامات تقسیم کئے جائیں گے۔

ناروے کپ جیتنے والے قومی ہیروز کا سندھ اسمبلی میں شاندار استقبال

اسپیکر و اراکین اسمبلی نے فلور آف دی ہاؤس کھڑے ہوکر ٹیم کو خوش آمدید کہا

کراچی (این این آئی) ناروے کپ جیت کر ملک و قوم کا نام روشن کرنے والی پاکستانی ٹیم پارلیمانی سیکرٹری وایم پی اے لیاری شازیہ کریم سنگھار کے ہمراہ سندھ اسمبلی پہنچی جہاں کھلاڑیوں کا شاندار استقبال کیا گیا۔ اسپیکر سندھ اسمبلی اویس قادر شاہ، سینئر وزیر شرجیل انعام میمن، سابق اسپیکر آغا سراج درانی اور اپوزیشن رہنما صابر راجپوت نے فلور آف دی ہاؤس پر کھڑے ہوکر ٹیم کو شاندار الفاظ میں خوش آمدید کہا۔ ارکان اسمبلی نے ان نوجوان کھلاڑیوں کو "قومی ہیروز" قرار دیتے ہوئے کہا کہ انہوں نے پاکستان اور سندھ کا وقار بلند کیا ہے۔ سینئر وزیر شرجیل میمن نے وزیر اعلیٰ سندھ اور اسپورٹس ڈپارٹمنٹ کی جانب سے ان کھلاڑیوں کو انعامات دینے کی یقین دہانی کرائی اور کہا کہ ان کے شایان شان انعامات کا باضابطہ اعلان جلد کیا جائے گا۔ اس موقع پر دلچسپ صورتحال اس وقت پیدا ہوئی جب آغا سراج درانی نے ٹرانسپورٹ منسٹر شرجیل میمن کو تجویز دی کہ بچوں کو ریڈ بس کا تحفہ بھی دیا جائے۔

پی سی بی نے حنیف محمد ٹرافی کا شیڈول جاری کردیا، آغاز 29 اگست کو ہوگا

12 ریجنل ٹیمیں قائداعظم ٹرافی میں شرکت کے حصول کی دوڑ میں شامل ہوں گی

لاہور (این این آئی) پاکستان کرکٹ بورڈ نے اعلان کیا ہے کہ ڈومیسٹک کرکٹ سیزن 2025-26 کا آغاز حنیف محمد ٹرافی سے 29 اگست کو ہوگا۔ چار روزہ نان فرسٹ کلاس اس ٹورنامنٹ میں ملک کی 12 ریجنل ٹیمیں قائداعظم ٹرافی میں شرکت کے حصول کی دوڑ میں شامل ہوں گی۔ ایونٹ 25 ستمبر کو اختتام پذیر ہوگا۔ پی سی بی کے مطابق ٹورنامنٹ کا آغاز پہلے 15 اگست کو ہونا تھا تاہم پاکستان شاہینز کے کھلاڑیوں کی اپنی اپنی ریجنل ٹیموں میں دستیابی کے پیش نظر اس میں دو ہفتے کی تاخیر کی گئی۔ گروپ اے کے میچز بہاولپور، ملتان اور رحیم یار خان میں کھیلے جائیں گے، جن میں آزاد جموں و کشمیر، فیصل آباد، حیدرآباد، کراچی وائٹس، لاہور بلوز اور کوئٹہ کی ٹیمیں شامل ہیں۔ گروپ بی میں ڈیرہ مراد جمالی، فاٹا، کراچی بلوز، لاڑکانہ، ملتان اور راولپنڈی شامل ہیں، جن کے میچز کراچی میں ہوں گے۔ ٹورنامنٹ 28 دن میں پانچ راؤنڈز پر مشتمل ہوگا اور ہر راؤنڈ میں چھ میچز کھیلے جائیں گے۔ ہر ٹیم پانچ میچز کھیلے گی۔

آسٹریلیا اور جنوبی افریقہ کے مابین ٹی 20 سیریز کا پہلا میچ آج کھیلا جائے گا

سیریز میں ایڈن کا کل ساؤتھ افریقہ کو جبکہ مچل مارش آسٹریلوی ٹیم کو لیڈ کریں گے

سڈنی (این این آئی) آسٹریلیا اور جنوبی افریقہ کی کرکٹ ٹیموں کے درمیان تین ٹی 20 میچوں کی سیریز کا پہلا میچ 10 اگست بروز (اتوار کو) مرارا کرکٹ گراؤنڈ، ڈاروِن کے مقام پر کھیلا جائے گا۔ جنوبی افریقہ کی ٹیم اپنے دورہ آسٹریلیا کے دوران میزبان ٹیم کے خلاف تین ٹی ٹونٹی اور تین ایک روزہ بین الاقوامی میچوں کی سیریز کھیلے گی۔ جنوبی افریقہ اور آسٹریلیا کی ٹیموں کے درمیان 3 ٹی ٹونٹی کرکٹ میچوں کی سیریز کا آغاز 10 اگست کو پہلے ٹی ٹونٹی میچ سے ہوگا، یہ میچ مرارا کرکٹ گراؤنڈ، ڈاروِن میں کھیلا جائے گا، دوسرا ٹی ٹونٹی میچ 12 اگست کو اسی مقام مرارا کرکٹ گراؤنڈ، ڈاروِن میں ہی کھیلا جائے گا جبکہ تیسرا اور آخری ٹی ٹونٹی میچ 16 اگست کو کازلی سٹیڈیم، کیرنز میں کھیلا جائے گا۔ تین ٹی ٹونٹی میچوں کی سیریز کے تمام میچز نائٹ ہوں گے اور فلڈ لائٹس میں کھیلے جائیں گے۔

بلوچستان میں قیام امن کیلئے افواج پاکستان نے لازوال قربانیاں دی ہیں، روی کمار

جشن آزادی کے موقع پر ملک بھر میں بسنے والی اقلیتی برادری اپنے قومی ہیروز کو خراج عقیدت پیش کرے گی

ہمیں متحد ہوکر مادر وطن کو ترقی کی راہ پر گامزن کرنا ہوگا، جمعیت کے ایم پی اے کی وفد سے بات چیت

سبی (اے این این) جمعیت علماء اسلام اقلیتی امور کے صوبائی صدر و رکن بلوچستان اسمبلی روی کمار پہوجہ نے 78 ویں یوم آزادی پر قوم کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ یوم آزادی کے موقع پر پاکستان کے لیے قربانیاں دینے والی افواج پاکستان سمیت آزادی کی جنگ کے شہداء کو زبردست خراج عقیدت پیش کرتے ہیں جنہوں نے پاکستان کے قیام اور ملک میں امن کیلئے لازوال قربانیاں دی ہیں افواج پاکستان پر ہمیں فخر ہے۔ بلوچستان میں قیام امن کے لیے پاک فوج ایف سی کے افسران اور جوانوں نے لازوال قربانیاں دی ہیں ان کی قربانیوں کی بدولت بلوچستان میں امن قائم ہے بلوچستان سمیت ملک بھر میں جشن آزادی کو شایان شان انداز سے منا کر ملک بھر میں بسنے والی اقلیتی برادری اپنے قومی ہیروز کو خراج عقیدت پیش کرے گی ان خیالات کا اظہار انہوں نے اقلیتی برادری کے وفد سے بات چیت کرتے ہوئے کیا اس موقع پر فوکل پرسن اقلیتی امور برائے بلوچستان مکھی عامر چنڈال اور مکھی عمران چنڈال بھی موجود تھے۔ روی کمار پہوجہ نے کہا کہ اقلیتی برادری کی جانب سے بلوچستان بھر میں جشن آزادی شایان شان انداز سے منایا جائیگا جس کے لئے تمام تیاریاں مکمل کرلی گئی ہیں انہوں نے کہا کہ آزادی خداوند تعالیٰ کی نعمت ہے

نصیر آباد: عہدیداروں و کارکنوں کو مسلسل نظر انداز کیا جارہا ہے، مسلم لیگ ن

کارکن پارٹی میں ریڑھ کی ہڈی کی مانند ہیں، مسائل و تحفظات کو دور کرنا وقت کی ضرورت ہے

صوبائی قیادت اجلاس طلب کریں، جہاں کارکن اپنے مسائل و تجاویز پیش کرسکیں، میر محمد عالم گولہ

نصیر آباد (نامہ نگار) پاکستان مسلم لیگ (ن) نصیر آباد ڈویژن کے قائم مقام صدر میر محمد عالم گولہ کی زیر صدارت مسلم لیگ (ن) کے ڈویژنل عہدیدار اور کارکنوں کا اہم اجلاس ڈیرہ مراد جمالی میں ہوا جس میں رہنماؤں و کارکنوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی جن میں گل رند، عبیداللہ بلوچ، سلیم اختر سومرو عبدالحمید کھوسہ سمیت دیگر شامل تھے۔ اجلاس کے دوران شرکاء نے پارٹی کی مرکزی اور صوبائی قیادت پر مکمل اعتماد کا اظہار کیا، تاہم پارٹی کی فعالیت اور کارکنوں کو درپیش مسائل پر تفصیلی گفتگو بھی ہوئی۔ اجلاس میں اس بات پر تشویش کا اظہار کیا گیا کہ صوبائی حکومت میں شامل پارٹی وزراء عہدیداروں و کارکنوں کو نظر انداز کررہے ہیں جبکہ پارٹی کے ڈویژنل جنرل سیکرٹری کی اجلاس میں عدم شرکت پر بھی افسوس کا اظہار کیا گیا شرکاء نے اس عزم کا اظہار کیا کہ مسلم لیگ (ن) کی صفوں میں اتحاد و یکجہتی قائم رکھتے ہوئے پارٹی کو مزید فعال اور موثر بنانے کے لیے جدوجہد جاری رکھی جائے گی

جھل مگسی، کنٹریکٹ بھرتیوں کی تحقیقات کی جائے، عزیز لاشاری

نوجوانوں کے حق کیلئے ہر فورم پر آواز بلند کرینگے، رہنما جماعت اسلامی

جھل مگسی (پ ر) صوبائی رہنما جماعت اسلامی بلوچستان و سابق امیدوار حلقہ پی بی-11 جھل مگسی عزیز لاشاری نے کہا ہے کہ ضلع جھل مگسی میں محکمہ تعلیم میں کنٹریکٹ کی بنیاد پر ہونے والی بھرتیوں کا تحقیقات کیا جائے نوجوانوں کی حق تلفی ہوئی ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنے ایک اخباری بیان میں کیا انہوں نے کہا کہ غیر پیشہ ورانہ افراد کو بھرتی کیا گیا، جو کہ تعلیم غیر قانونی عمل ہے۔ انہوں نے کہا کہ جماعت اسلامی اس اقدام کی شدید مذمت کرتی ہے اور تمام تعلیم یافتہ نوجوانوں کو ساتھ لے کر اس غیر قانونی عمل کے خلاف ہر فورم پر آواز بلند کرے گی۔

ریکوڈک مائننگ کمپنی کی جانب سے نوجوانوں کیلئے مینٹورشپ پروگرام کا آغاز

تعلیم یافتہ اور ہنرمند نوجوانوں کو ملازمت کے حصول کیلئے خصوصی تربیت فراہم کی جائیگی، عنایت اللہ

دالبندین (نامہ نگار) ریکوڈک مائننگ کمپنی نے مقامی نوجوانوں کیلئے کمیونٹی مینٹورشپ پروگرام کا آغاز کردیا ہے، جس کے تحت ایچ آر ڈیپارٹمنٹ کے سینئر افسران مقامی تعلیم یافتہ اور ہنرمند نوجوانوں کو ملازمت کے حصول کیلئے خصوصی تربیت دینگے۔ اس پروگرام کے دوران مقامی افراد کو سی وی بنانے، انٹرویو کی تیاری اور پیشہ ورانہ تربیت دی جائیگی تاکہ وہ مستقبل میں کسی بھی بھرتی کے عمل میں شامل ہونے کے ساتھ ملازمت کے حصول کیلئے اچھے انداز میں تیاری کرسکیں۔ گزشتہ دنوں کمپنی کے ہیومن ریسورس ڈیپارٹمنٹ کی جانب سے قریبی دیہات جن میں ہمسے، دوربن چاہ، تنگ کچاؤ کے 114 تعلیم یافتہ اور ہنرمند نوجوانوں کیلئے مختلف سیشنز کا انعقاد کیا گیا جہاں شرکاء کو اس پروگرام کے تحت تربیت دی گئی۔ اس مینٹورشپ کا مقصد قریبی دیہاتوں کے نوجوان مرد و خواتین کو ایسی مہارتیں، اعتماد اور علم فراہم کرنا ہے جو انہیں کامیابی سے افرادی قوت میں شامل ہونے کے قابل بنائے۔ یہ اقدام کمپنی کے اس عزم کی عکاسی کرتا ہے جو مقامی صلاحیتوں کو فروغ دینے اور بلوچستان میں معاشی و سماجی ترقی کو آگے بڑھانے کے لیے پرعزم ہے۔ اس پروگرام کے حوالے سے ایچ آر لیڈ عنایت اللہ کبدانی نے بھی تفصیلات سے آگاہ کیا۔

قلات، مچھروں کی بہتات، مختلف بیماریاں پھیلنے کا اندیشہ، شہریوں کو مشکلات

بازار ندی میں گندا پانی اور گندگی مچھروں کی افزائش کا سبب بن رہی ہے، گردونواح کی آبادی شدید متاثر ہونے لگی

طویل عرصے سے شہر میں اسپرے نہیں کیا گیا، ہنگامی بنیادوں پر مچھر مار اسپرے مہم شروع کی جائے، شہریوں کا مطالبہ

قلات (آن لائن) قلات شہر و گلیوں میں مچھروں کی بھرمار ہے، ملیریا سمیت دیگر بیماریوں کے پھیلنے کا خدشہ پیدا ہوگیا ہے، تفصیلات کے مطابق قلات میں طویل عرصے سے مچھر مار اسپرے مہم نہ ہونے کی وجہ سے قلات بازار، بابو محلہ، مسلم محلہ، پرانا بابو محلہ، کوم، ہندو محلہ، بلوچ کالونی، شیشہ ڈغار، قمکوار، غریب آباد، کنارہ روڈ، فاروقیہ ٹاؤن، خاردان، مغل زئی روشیر خیل پس شہر سمیت گردونواح کی آبادی خصوصاً بازار ندی میں گندے پانی و گندگی کی وجہ سے مچھروں کی بھرمار لگ گئی ہے جبکہ شدید گرمی میں ہر جگہ مچھروں کی بہتات ہے جس کے باعث شہریوں کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے جبکہ ان مچھروں کی وجہ سے ملیریا و دیگر مہلک بیماریاں پھیلنے کا بھی خدشہ ہے عوامی حلقوں نے ضلعی انتظامیہ و محکمہ صحت سے مطالبہ کیا ہے کہ ہنگامی بنیادوں پر شہر بھر میں مچھر مار اسپرے مہم شروع کی جائے تاکہ شہری بیماریوں سے محفوظ رہ سکیں۔

گورنمنٹ بوائز ہائی اسکول تو شکی جدید میں شجر کاری مہم کا آغاز

گنداخہ (یو این اے) سماجی تنظیم اے رحمان رخشانی فاؤنڈیشن کا احسن اقدام گورنمنٹ بوائز ہائی سکول نوشکی جدید میں ماحولیاتی تحفظ اور سرسبز و شاداب پاکستان کے خواب کو حقیقت کا روپ دینے کیلئے اے رحمن رخشانی فاؤنڈیشن کے تعاون سے شجرکاری مہم کا شاندار آغاز کیا گیا، ہیڈ ماسٹر غلام جان مینگل کی نگرانی میں محمد عالم رخشانی، جی ٹی اے آفس سیکرٹری احسان مینگل، میر نصر اللہ چدرانی، استاد محمد یعقوب مینگل، استاد یاسر مینگل، استاد عبدالحئی مینگل اور استاد محمد یعقوب سونگی نے پودے لگائے،

بعدالت جناب فیملی جج (2) صاحبہ کوئٹہ

مثل نمبر 72/25 دعویٰ گارڈین شپ

دین محمد ولد محمد زمان سکنہ حاجی غیبی روڈ جمعہ خان پشتون آباد کوئٹہ بنام عوام الناس

اشتہار بنام عوام الناس:۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا عدالت ہذا میں زیر سماعت ہے جس کی آئندہ تاریخ سماعت 20/8/2025 مقرر ہوچکی ہے بذریعہ اشتہار عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ درخواست ہذا کی بابت کسی کو کسی قسم کا کوئی اعتراض ہو تو مقررہ تاریخ سماعت پر حاضر عدالت ہذا ہوکر مقدمہ کی پیروی کریں بصورت دیگر یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی اشتہار ہذا آج بمورخہ 05/08/2025 کو بدستخط میرے و مہر عدالت سے جاری ہوا

61878

بعدالت جوڈیشل مجسٹریٹ نمبر گیارہ اسول جج کوئٹہ

مثل نمبر 52/25 آئندہ سماعت 13/8/25

1 بی بی آمنہ بیوہ حاجی عبدالودود 2 بی بی رخسانہ بیوہ حاجی عبدالودود 3 بی بی نصیبہ 4 بی بی مطلع 5 بی بی زبیدہ 6 محمد اللہ 7 فضل الرحمان 8 بی بی حفیظہ 9 عتیق اللہ 10 بی بی صاحب 11 بی بی تانیہ 12 بی بی بصرہ 13 عزیز الرحمان 14 سید الرحمان 15 بی بی عمیرہ۔ درخواست گزار نمبر 3 تا 15 دختران و پسران مرحوم حاجی عبدالودود ساکنان فسٹ سٹاپ نواں کلی کوئٹہ بنام: عوام الناس

درخواست لیٹر آف ایڈمنسٹریشن اشتہار بنام عوام الناس:

ہرگاہ درخواست عنوان بالا درخواست لیٹر آف ایڈمنسٹریشن بابت متوفی مرحوم عبدالودود کے بابت جائیداد انتقال نمبر 98 کھیوٹ نمبر 31 کھتونی نمبر 38 خسرہ نمبر 423 رقبہ 435 سکوائر فٹ واقع محال موضع وارڈ نمبر 45 چہاربن تحصیل ڈسٹرکٹ کوئٹہ کے گزاری ہے جس کی آئندہ سماعت 13/8/25 کو مقرر ہوچکی ہے۔ لہٰذا بذریعہ اشتہار ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر درخواست کے بابت کسی کو کسی قسم کا عذر ہو تو مقررہ تاریخ سماعت پر پیش ہو۔

آج بتاریخ 25/7/25 کو بدستخط میرے و مہر عدالت سے جاری ہوا۔

61874

بعدالت جناب ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج صاحب کچلاک۔ کوئٹہ

پی بی زرک بنام بی بی گل سمیت وغیرہ

اپیل مثل نمبر 21/2005 آئندہ تاریخ سماعت 25/08/2025ء

اشتہار بنام 1 بی بی گل سمیت دختر اختر محمد قوم کاکڑ سکنہ جان محمد روڈ جیدون چوک کوئٹہ 2 بی بی تنسا بیوہ ولی محمد 3 نجیب اللہ 4 نائلہ زوجہ محمد آصف، پلوشہ زوجہ عظمت اللہ، 6 مریم زوجہ بخت اللہ، 7 نتاشہ 8 نفیسہ 9 لیمہ 10 بخت زینہ پسران و دختران ولی محمد سکنہ کلی خانان بوستان تحصیل کاریزات ڈسٹرکٹ پشین a 11 محمد اللہ، b 11 بی بی عارفہ پسران و دختران محمد یار 12 احمد یار 13 محمد انور علی 15a عبدالرحمان 15b نثار 15c گلزار 15d اظہار پسران حاجی غلام رسول۔ 16a باچا 16b قاہر 16c نثار پسران غلام قادر 17a علاؤ الدین 17b صلاح الدین پسران نور محمد قوم دمڑ سکنہ بوستان بازار 18 عبدالجبار 19 عبدالستار 20 عبدالحنان پسران ارباب خان قوم بلوچ سکنہ بوستان۔ 21 عبدالغفار ولد ارباب خان قوم بلوچ سکنہ بوستان، 22 عبدالقدیم ولد عبدالقادر قوم کاکڑ سکنہ جان محمد روڈ جیدون چوک کوئٹہ 23 عبدالحبیب 24 عبدالقیوم پسران محراب خان قوم کاکڑ سکنہ بوستان بازار نیو کلی ڈسٹرکٹ پشین۔

ہرگاہ مقدمہ مندرجہ عنوان بالا عدالت ہذا میں زیر سماعت ہے۔ اور آئندہ پیشی مورخہ 25/08/2025 کے لئے مقرر ہے۔ یہ کہ تم مقدمہ متذکرہ بالا میں دیدہ و دانستہ طور پر غیر حاضر اور تعمیل سمن سے گریزاں ہو۔ لہٰذا بذریعہ اخباری اشتہار ہذا تم کو مطلع کیا جاتا ہے کہ بتاریخ مقررہ 25/08/2025 کو اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت ہذا ہوکر پیروی/جواب دہی مقدمہ کریں۔ بصورت دیگر تمہارے خلاف حسب ضابطہ یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ اس بابت سخت تاکید جانیں۔ آج بتاریخ 09/08/2025ء کو بدستخط میرے و مہر عدالت سے جاری کیا گیا۔

61875

TENDER NOTICE

The DIRECTOR GENERAL FARMS & FEED RESOURCES QUETTA invites bids from eligible Bidders for supply of following items. **TSE-252608803321 Only electronic bid will be submitted, No physical bid is required. Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB. T/Fee Rs.1000/-**

S.No	Class of Object	Bid Security
1	Live Animals (Total Item(s) Count: 2)	2%

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** 2 Assignments of Similar Nature and Complexity 3,000,000 in Previous 2 Years Turn over of at least 4,000,000 PKR in 2 Subsequent Previous Years Presence in Active Tax Payer List Sales Tax Certificate The bidding firm must not be currently blacklisted by any procuring agency of Pakistan JV is not permissible Submission of the required Bid Security In case Bid Security is not found as required during financial evaluation the bidding firm shall be declared as in-eligible and non-responsive Submission of the required Bidding document Fee **Procedure Of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of Deposit at Call of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The NIT & Bidding Document can be obtained electronically from www.bppra.gob.pk **Issuance of tender Documents:** Complete Bidding Document can be viewed at www.bppra.gob.pk **Last Date of bid submission:** Bid can only be submitted electronically latest by 22 August, 2025till 02:00 PM through supplier dashboard. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at 03:00 PM on EPPS System Address: Brewery Road Near CASVAB quetta

Phone no: 0819213147 Fax no: 0819213147

Email: dgflddd@gmail.com

PRQ No.481/08-8-2025

DIRECTOR GENERAL FARMS & FEED RESOURCES QUETTA

www.dpr.gob.pk @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

TENDER NOTICE

TSE-252608804963 Only electronic bid will be submitted, No physical bid is required. Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB. The EXECUTIVE ENGINEER (Roads), Sariab Quetta CWPP&H invites bids from Eligible Bidders for execution of following works for the Year 2025 based on Composite schedule rates 2023 on Percentage Rates

Tender Fee Rs 1000 PKR and Bid Security 2%

S.No	Name of Work/s	E/Cost
1	CONSTRUCTION & REPAIR OF AUTOMATED TOLLBOOTHS FOR LAKPASS TOLL PLAZA QUETTA. (PSDP NO. 1356) (ZIP CODE. Z2025.0610)	65,741,564

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Presence in Active Tax Payer List The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan Balochistan Revenue Authority Registration is required The bidder must have completed 2 Assignment of similar nature of work Turn over of at least 40,000,000 PKR Amount in3 subsequent previous years showing financial capacity of the firm Registration with Pakistan Engineering council (PEC) C-4 and above (Upto 200 million) In Relevant Category And Specialized Code is EE02 (Security, Safety Surveillance System), CE10(i) (General Civil Engineering Works) . **Procedure Of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of Bank Gurantee,Deposit at Call of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The NIT & Bidding Document can be obtained electronically from www.bppra.gob.pk **Issuance of tender Documents:** Complete Bidding Document can be viewed at www.bppra.gob.pk **Last Date of bid submission:** Bid can only be submitted electronically latest by 25 August, 2025till 11:00 AM through supplier dashboard. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at 12:00 PM on EPPS System Address: whyte Road Quetta.

Phone no: 0819203582 Email: jaanhabibi@gmail.com

PRQ No.472/08-8-2025

EXECUTIVE ENGINEER (Roads), Sariab Quetta CWPP&H

www.dpr.gob.pk @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

TENDER NOTICE

The Superintendent Multipurpose Sheep Research Station Yetabad Loralain invites bids from eligible Bidders for supply of following items. **TSE-252608804701 Only electronic bid will be submitted, No physical bid is required. Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB. T/Fee 1000 PKR**

S.No	Class of Object	Bid Security
1	Animal Food & Medicine (Total Item(s) Count: 2)	153,088 PKR

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** 1 Assignments of Similar Nature and Complexity 5,000,000 in Previous 1 Years Turn over of at least 5,000,000 PKR in 1 Subsequent Previous Years Presence in Active Tax Payer List Sales Tax Certificate The bidding firm must not be currently blacklisted by any procuring agency of Pakistan JV is not permissible Submission of the required Bid Security In case Bid Security is not found as required during financial evaluation the bidding firm shall be declared as in-eligible and non-responsive Submission of the required Bidding document Fee Must unconditionally agree with all the instructions, terms & conditions specified in the bidding documents & contract agreement 20 days after the issuance of Award of Contract Mandatory **Procedure Of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of Deposit at Call of amount 153,088 PKR specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The NIT & Bidding Document can be obtained electronically from www.bppra.gob.pk **Issuance of tender Documents:** Complete Bidding Document can be viewed at www.bppra.gob.pk **Last Date of bid submission:** Bid can only be submitted electronically latest by 25 August, 2025till 10:30 AM through supplier dashboard. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at 11:30 AM on EPPS System **Address:** office of the superintendent multipurpose sheep research station yetabad loralai

Phone no: 0334244805 Email: najeebkakar1987@gmail.com

PRQ No.473/08-8-2025

Farm Superintendent Multipurpose Sheep Research Station Yetabad Loralai

www.dpr.gob.pk @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

بقیہ 1 — وزیر اعلیٰ کانفرنس

سے منعقدہ قومی استحکام پاکستان کانفرنس سے بطور مہمان خصوصی خطاب کر رہے تھے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ حالیہ برسوں میں بعض عناصر نے نام نہاد قوم پرستی کے نام پر بلوچستان میں پاکستان دشمن ایجنڈا پھیلانے کی کوشش کی جس کا مقصد بلوچ قوم کو ایک لا حاصل جنگ کی طرف دھکیلنا ہے یہ جنگ صرف خون خرابہ، دہشت اور معصوم جانوں کے ضیاع کا باعث بنی ہے اس سے بلوچ قوم کو کوئی فائدہ نہیں انہوں نے کہا کہ جن قوتوں کے اشاروں اور ڈالرز پر پاکستان کو توڑنے کی بات کی جا رہی تھی ان کا انجام دنیا نے معرکہ حق میں دیکھ لیا جب افواج پاکستان نے اپنے سے سات گنا بڑے دشمن کے دانت کھٹے کر دیے انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے مسائل ضرور ہیں لیکن پسماندگی کسی کو ہتھیار اٹھانے اور ریاست کے خلاف بغاوت کا جواز نہیں دیتی۔ آئین پاکستان کا آرٹیکل 5 ہر شہری پر ریاست سے غیر مشروط وفاداری لازم قرار دیتا ہے جو لوگ معصوم شہریوں کا خون بہاتے ہیں وہ کسی صورت بلوچ کہلانے کے مستحق نہیں ان کی اصل شناخت دہشت گردی ہی ہے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ پاکستان کو مسلکی بنیادوں پر تقسیم کرنے کی ہر سازش ناکام ہوئی ہے بلوچستان میں تمام مکاتب فکر اور مذاہب کے لوگ مثالی مذہبی ہم آہنگی کے ساتھ رہتے ہیں اور اقلیتی برادری نے ہمیشہ ملکی سالمیت کے لیے کردار ادا کیا ہے سینیٹر دھنیش کمار کی حیثیت میں پاکستان کے حق میں جاندار آواز اسی اتحاد کی مثال ہے انہوں نے کہا کہ 14 اگست 1947 کے بعد ہماری سب سے بڑی پہچان پاکستانی ہونا ہے اس کے بعد ہماری لسانی یا قبائلی شناخت آتی ہے دشمن ہمیں کبھی نسلی، کبھی لسانی بنیادوں پر تقسیم کرنے کی کوشش کرتا ہے، اور بدقسمتی سے اب معصوم لوگوں کے قتل کو بلوچ روایات کے برعکس قبائلی اور حقوق کے حصول کا رنگ دینے کی کوشش کی جا رہی ہے وزیر اعلیٰ نے سوشل میڈیا کو موجودہ دور کا سب سے بڑا فتنہ قرار دیتے ہوئے کہا کہ یہ پلیٹ فارم جھوٹ اور اشتعال انگیزی پھیلانے کے لیے استعمال ہو رہا ہے ہمارا معاشرہ اس کے لیے تیار نہیں تھا تحقیق کے بغیر مواد آگے بھیج دینا ایک خطرناک رجحان ہے جو معاشرتی گمراہی اور انتشار کو بڑھا رہا ہے انہوں نے علماء کرام، مشائخ اور سماجی رہنماؤں سے اپیل کی کہ اس فتنہ کے خاتمے کے لیے اپنا کردار ادا کریں انہوں نے بطور مثال کہا کہ حال ہی میں بلوچستان میں ایک ماہ طویل پاکستان فٹبال ٹورنامنٹ کامیابی سے منعقد ہوا جس میں 30 ہزار شائقین اور ملک بھر کی ٹیموں نے شرکت کی لیکن سوشل میڈیا پر اس کامیابی کے بجائے ایک چھوٹا سا متنازع کلپ وائرل کر کے اصل مقصد کو پس پشت ڈال دیا گیا وزیر اعلیٰ نے کہا کہ حکومت نے نوجوانوں کو ریاست سے قریب کرنے کے لیے صوبے بھر میں جرگے اور کھلی کچہریاں منعقد کی ہیں تاکہ زمینی حقائق سے آگاہی دی جا سکے انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں امن لوٹ رہا ہے احتجاج کا حق سب کو ہے لیکن صوبے کی سڑکیں ہفتوں تک بند رہنے کا سلسلہ ختم کر دیا گیا ہے جو عناصر ہتھیار ڈال کر واپس آنا چاہیں ان کے لیے مذاکرات کے دروازے کھلے ہیں لیکن معصوم شہریوں کے خون کا جواب ریاست مظلوم کے ساتھ کھڑے ہو کر دے گی وزیر اعلیٰ نے کہا کہ ریاست موسیٰ خیل کی اس لاچار عورت کے ساتھ کھڑی ہے جس کے شوہر اور بیٹے کو اس کے سامنے گولیوں سے چھلنی کر دیا گیا اور اس کے پاس سر ڈھانپنے اور لاشوں پر ڈالنے کے لئے ایک ہی چادر تھی ایسے جرائم کو کم کر کے پیش کرنا ظلم کی انتہا ہے انہوں نے کہا کہ پاکستان ایک ایٹمی قوت اور مضبوط فوج کے ساتھ تا قیامت قائم رہے گا چند سو مسلح افراد کا جتھا 25 کروڑ عوام پر اپنا نظریہ مسلط نہیں کر سکتا وزیر اعلیٰ نے کانفرنس کے منتظمین، بالخصوص چیئرمین مرکزی رویت ہلال کمیٹی پاکستان مولانا سید عبدالخبیر آزاد کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ یہ پروگرام پاکستانیت اور اتحاد کا پیغام دیتا ہے حکومت بلوچستان ہر ایسے پروگرام کے انعقاد میں بھرپور تعاون کرے گی چاہے وہ کوئٹہ میں ہو یا صوبے کے دور دراز علاقوں میں، کیونکہ یہ وطن ہمارے بزرگوں کا خواب اور ہمارے ایمان کا حصہ ہے، اور یہاں امن کا سورج ضرور طلوع ہوگا۔

بقیہ 2 — گوادر کے مسائل

کہ خضدار سے گوادر ساتھ ٹو نارتھ قومی گریڈ لائن کی درست منصوبہ بندی نہ ہونے کے سبب وولٹیج میں عدم استحکام رہتا ہے جس کا براہ راست اثر پانی کی فراہمی پر پڑتا ہے وزیر اعلیٰ نے بتایا کہ صوبائی حکومت گوادر کے پانی کے مسائل کے پائیدار حل کے لیے اپنے وسائل سے جامع منصوبہ بندی کر رہی ہے تاہم خضدار تا گوادر نیشنل گریڈ لائن کا از سر نو جائزہ لے کر ضروری اصلاحات کی ضرورت ہے انہوں نے کہا کہ پاور ہاؤس اور جنریٹر کے ذریعے ڈی سیلینیشن واٹر پلانٹ کو چلانے کے لیے ہنگامی اقدامات کی ضرورت ہے تاکہ عوام کو پانی کی فراہمی میں رکاوٹ نہ ہو وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے اجلاس میں گوادر کے پانی اور برقی مسائل کے دیرپا اور پائیدار حل کی ہدایت کی انہوں نے حکم دیا کہ وفاقی وزیر پاور ڈویژن، منصوبہ بندی کمیشن اور متعلقہ سیکرٹریز 15 اگست کو گوادر پہنچ کر زمینی حقائق کا جائزہ لیں وزیر اعظم نے مزید ہدایت کی کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان کی مشاورت سے گوادر کے شہریوں کو بلا تعطل پانی کی فراہمی یقینی بنائی جائے اجلاس میں وفاقی اور صوبائی سطح پر متعلقہ حکام نے شرکت کی اور گوادر میں بنیادی سہولیات کی فراہمی کو بہتر بنانے کے لیے مختلف تجاویز پیش کیں۔ اجلاس میں بلوچستان سے چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان، ایڈیشنل چیف سیکرٹری ترقیات و منصوبہ بندی زاہد سلیم، پرنسپل سیکرٹری بابر خان، سیکرٹری پی ایچ ای محمد ہاشم غلزئی، سیکرٹری خزانہ عمران زرکون، ترجمان بلوچستان حکومت شاہد رند، چیئرمین گوادر پورٹ اتھارٹی نور الحق بلوچ اور چیئرمین گوادر ڈویلپمنٹ اتھارٹی معین الرحمن نے بھی شرکت کی۔

بقیہ 3 — دہشت گرد ہلاک

پر کلیئرنس آپریشن کے دوران مزید 14 بھارتی حمایت یافتہ خوارج کو ہلاک کر دیا جس کے بعد دو روز میں کارروائیوں کے دوران ہلاک دہشتگردوں کی تعداد 47 ہو گئی ہے۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ آئی ایس پی آر کے مطابق 8 اور 9 اگست کی درمیانی شب پاک افغان سرحد پر واقع ضلع ژوب میں سمبازہ کے گرد و نواح میں کلیئرنس آپریشن کیا گیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق دوران آپریشن مزید 14 بھارتی سرپرستی یافتہ خوارج کو ہلاک کیا گیا، ہلاک خوارج سے اسلحہ، گولہ بارود اور دھماکا خیز مواد بھی برآمد ہوا۔ شعبہ تعلقات عامہ کے مطابق دو روز دو انسداد دراندازی آپریشن میں ہلاک خوارج کی تعداد 47 ہو گئی ہے۔ ژوب میں خوارج کی دراندازی کی کوشش ناکام بنا دی گئی، سیکیورٹی فورسز نے 33 خوارج کو ہلاک کر دیا آئی ایس پی آر کا بتانا ہے کہ سیکیورٹی فورسز ملک کی سرحدوں کے دفاع کو یقینی بنانے کے لیے پرعزم ہیں، فورسز پاکستان کے امن، استحکام اور ترقی کو نقصان پہنچانے کی ہر کوشش کو ناکام بنانے کے لیے پرعزم ہیں۔ یاد رہے کہ گزشتہ روز بھی سیکیورٹی فورسز نے پاک افغان سرحد سے دراندازی کر کے پاکستان میں داخل ہونے والے 33 دہشت گردوں کو بلوچستان کے علاقے ژوب میں کارروائی کے دوران ہلاک کیا تھا اور ان کے قبضے سے بھاری مقدار میں، اسلحہ، گولہ بارود اور ایمونیشن برآمد کیا تھا۔

بقیہ 4 — سیکیورٹی فورسز

دو دنوں کے دوران ضلع ژوب کے سرحدی علاقے میں پاکستان - افغانستان بارڈر سے پاکستان میں داخل ہونے کی کوشش کرنے والے فتنہ الخوارج کے 47 دہشت گردوں کو ہلاک کرنے پر سیکیورٹی فورسز کی ستائش کی ہے۔ ایک بیان میں وزیر اعظم نے کہا کہ سیکیورٹی فورسز کے جوانوں نے اپنی جان پر کھیل کر دہشت گردوں کی دراندازی ناکام بنائی اور ان کے ناپاک عزائم کو خاک میں ملا دیا۔ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پوری قوم سیکیورٹی فورسز کے ساتھ کھڑی ہے۔ وزیر اعظم نے کہا کہ ملک سے ہر قسم کی دہشت گردی کے مکمل خاتمے کے لئے پرعزم ہیں۔ صدر مملکت آصف علی زرداری اور وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے پاک افغان سرحد کے قریب سمبازہ میں فتنہ الہندوستان کے مزید 14 دہشتگردوں کو جہنم واصل کرنے پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کیا ہے، دوسری جانب۔ صدر آصف علی زرداری نے کہا کہ دو روز میں 47 دہشت گردوں کا صفایا سیکیورٹی فورسز کی ایک بڑی کامیابی ہے۔ وزیر داخلہ نے کہا کہ سیکیورٹی فورسز نے فوری ایکشن کر کے بلوچستان میں امن کو سبوتاژ کرنے کی گھناؤنی سازش کو ناکام بنایا۔ ایک بیان میں صدر مملکت آصف علی زرداری نے ضلع ژوب میں 14 بھارتی حمایت یافتہ خوارج کے خاتمے پر سیکیورٹی فورسز کو زبردست خراج تحسین پیش کیا اور کہا کہ دو روز میں 47 دہشت گردوں کا صفایا سیکیورٹی فورسز کی ایک بڑی کامیابی ہے۔ دہشت گردی کے ناسور کو جڑ سے اکھاڑ پھینکیں گے۔ صدر نے کہا کہ قوم دہشت گردی کے خلاف جنگ میں اپنی سیکیورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے پاک افغان سرحد کے قریب سمبازہ میں فتنہ الہندوستان کے مزید 14 دہشتگردوں کو جہنم واصل کرنے پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے فتنہ الہندوستان کے دہشتگردوں کے خلاف کامیاب آپریشن پر سیکیورٹی فورسز کی پیشہ وارانہ صلاحیتوں کو سراہا۔ محسن نقوی نے کہا کہ فتنہ الہندوستان کے دہشتگردوں کے خلاف سیکیورٹی فورسز کی کامیابیوں کو قوم تحسین کی نگاہ سے دیکھتی ہے۔ سیکیورٹی فورسز نے بلوچستان میں فتنہ پھیلانے میں ملوث بھارتی سپانسرڈ دہشتگردوں کو عبرتناک انجام تک پہنچایا۔ سیکیورٹی فورسز نے بروقت کارروائیاں کر کے 2 روز میں فتنہ الہندوستان کے 47 دہشتگردوں کو جہنم واصل کیا۔ محسن نقوی نے کہا کہ سیکیورٹی فورسز نے فوری ایکشن کر کے بلوچستان میں امن کو سبوتاژ کرنے کی گھناؤنی سازش کو ناکام بنایا۔ فتنہ الہندوستان کے دہشتگردوں کے مذموم عزائم ناکام بنانے پر سیکیورٹی فورسز کو سلیوٹ کرتے ہیں۔ بھارتی سپانسرڈ دہشتگردوں کے مکمل خاتمے کیلئے پوری قوم سیکیورٹی فورسز کے ساتھ کھڑی ہے۔

بقیہ 5 — خواجہ آصف

کی جانب سے کوئی ایسا دعویٰ سامنے نہیں آیا پاکستان نے فوری طور پر بین الاقوامی میڈیا کو تفصیلی تکنیکی بریفنگ دیں، غیر جانبدار مبصرین، غیر ملکی انٹیلی جنس رپورٹس نے متعدد بھارتی طیاروں بشمول رافیلز کی تباہی کی تصدیق بھی کی، وزیر دفاع نے کہا بھارتی طیارے تباہ ہونے کا اعتراف بعض عالمی رہنماؤں، بھارتی سیاستدانوں نے بھی کیا، بھارت ایک بھی پاکستانی طیارے کو نشانہ بنانے میں ناکام رہا، پاکستان نے 6 بھارتی جنگی طیارے، ایس 400 ایئر ڈیفنس سسٹم اور ڈرونز تباہ کیے، کئی بھارتی فضائی اڈوں کو بھی ناکارہ بنایا، لائن آف کنٹرول پر بھارتی افواج کو بھاری جانی و مالی نقصان اٹھانا پڑا، پاکستان نے بھارت کو چیلنج کیا دونوں ممالک اپنے طیاروں کی فہرستیں آزاد ماہرین کے سامنے پیش کریں تاکہ حقیقت دنیا پر آشکار ہو، تاہم خدشہ ہے بھارت ایسا کرنے سے کترائے گا، خواجہ آصف نے کہا جنگیں جھوٹ نہیں، اخلاقی برتری، قومی عزم، پیشہ ورانہ مہارت سے جیتی جاتی ہیں، بھارتی ایئر چیف کی جانب سے آنے والے بیان اور مودی حکومت کے بیانات نہ صرف عوام کو گمراہ کرتے ہیں بلکہ ایٹمی خطے میں خطرناک سٹریٹجک غلط حساب کتاب کا باعث بن سکتے ہیں، آپریشن بنیان مرصوص کے دوران بھی پاکستان نے واضح کر دیا تھا ملکی خودمختاری، علاقائی سالمیت کی ہر خلاف ورزی کا فوری، موثر اور بھرپور جواب دیا جائے گا اور کسی بھی حماقت یا بگڑتی صورتحال کی ذمہ داری بھارتی رہنماؤں پر عائد ہوگی۔

بقیہ 6 — پاکستان کا آذربائیجان

مختلف خطوں میں امن کے فروغ میں صدر ٹرمپ کی کوششوں کا اعتراف اور تعریف کرتا ہے، امید ہے معاہدہ آذربائیجان اور آرمینیا سمیت پورے خطے کیلئے خوشحالی و پائیدار امن کے نئے دور کا آغاز کرے گا۔

بقیہ 7 — حکومت بلوچستان

مواقع فراہم کرنے کیلئے کوشاں ہے۔ پی ایم آفس کے پریس ونگ کے مطابق ان خیالات کا اظہار وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے صدر نیشنل پارٹی ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ سے ہفتے کو یہاں ملاقات کے دوران کیا۔ وزیر اعظم نے کہا کہ بلوچستان کی ترقی و خوشحالی اور وہاں کے عوام کی فلاح و بہبود حکومت کی اولین ترجیح ہے، حکومت بلوچستان کے نوجوانوں کو تعلیم اور روزگار کے یکساں مواقع فراہم کرنے کے لئے کوشاں ہے۔ اس موقع پر ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے بلوچستان کی ترقی کے لئے خصوصی کوششیں کرنے پر وزیر اعظم کا شکریہ ادا کیا۔ ملاقات میں وزیر اعظم کے مشیر ڈاکٹر توقیر شاہ بھی موجود تھے۔

بقیہ 8 — ڈی جی آئی ایس پی آر

ڈائریکٹر جنرل انٹر سروسز پبلک ریلیشنز (آئی ایس پی آر) کی طلبہ و طالبات سے خصوصی نشست کا انعقاد کیا گیا، ڈی جی آئی ایس پی آر نے نوجوان طلبا سے کھل کر بات چیت کی اور سوالات کے جوابات دیئے نشست میں شریک طلبہ نے سیشن کو بھرپور انداز میں سراہتے ہوئے کہا ایسی نشستوں کا انعقاد موجودہ دور کی اہم ضرورت ہے، طلبہ نے اپنے جذبات کا اظہار کرتے ہوئے واضح کیا "وطن دشمن عناصر چاہے جتنی بھی کوشش کر لیں نوجوان نسل کو اپنی افواج سے دور نہیں کر سکتے" طلبہ نے پاک فوج کے ساتھ اپنی مکمل یکجہتی کا اظہار اور قومی جذبے سے سرشار ہو کر اپنی وفاداری کا اعادہ کیا۔

بقیہ 9 — فوجی آپریشن

زندگیاں خطرے میں ڈالے گا اور خطے میں امن کے امکانات کو نقصان پہنچائے گا، فوری و مستقل جنگ بندی یقینی بنا کر مسئلہ فلسطین کا دو ریاستی حل نکالا جائے، غزہ میں بلا رکاوٹ انسانی امداد پہنچانے کی اجازت دی جائے اور حماس کو بغیر کسی شرط کے تمام یرغمالیوں کو رہا کرنا چاہیے۔

بقیہ 10 — جناح ہاؤس

میں ہوئی، عبوری ضمانت کی معیاد ختم ہونے پر عمر ایوب عدالت میں پیش نہیں ہوئے، وکلا کی جانب سے پیشی سے استثنیٰ کی درخواست کی گئی، عمر ایوب کے وکلا نے کہا عدالت نے 10 سال قید کی سزا سنائی، حفاظتی ضمانت کیلئے پشاور ہائیکورٹ رجوع کیا، حفاظتی ضمانت کے بغیر عدالت میں پیش نہیں ہو سکتے، عدالت نے پیشی سے استثنیٰ درخواست مسترد کرتے ہوئے عمر ایوب کی ضمانت درخواستیں خارج کر دیں، انسداد دہشت گردی عدالت نے کہا عدالت سے سزا ہو چکی تو مجرم عدالت کے سامنے سرنڈر کریں، سزا یافتہ مجرم کو حفاظتی راہداری ضمانت نہیں ملتی، سرنڈر سے پہلے ملزم اپیل بھی دائر نہیں کر سکتا۔

بقیہ 11 — مائنز اینڈ منرل

کہا ہے کہ وہ پارلیمانی لیڈر کو فوری ہدایت دیتے ہیں کہ اسمبلی میں اس ایکٹ کی مخالفت میں قرارداد پیش کریں۔ انہوں نے مزید کہا کہ مائنز اینڈ منرل ایکٹ صوبے کے مفادات کے منافی ہے، اس لیے تمام سیاسی جماعتیں مل کر عدالت میں اسے چیلنج کریں گی۔ ایمل ولی خان کا کہنا تھا کہ بلوچستان کے وسائل پر صوبے کے عوام کا حق ہے اور کسی بھی ایسے قانون کو قبول نہیں کیا جائے گا جو صوبائی خودمختاری اور عوامی حقوق کے خلاف ہو۔

بقیہ 12 — نائب وزیر اعظم

کی 2024 کے دوران پاکستان کے غیر ملکی مشنز میں ویزا عمل کیلئے متعارف کرائی گئی اصلاحات کا جائزہ لیا گیا، نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ نے ہدایت کی ویزا کے طریقہ کار کو مزید موثر اور شفاف بنایا جائے، کارکردگی میں بہتری لائی جائے اور ویزا کے اجراء کے عمل کو تیز کیا جائے بالخصوص بیرون ملک مقیم پاکستانیوں، سرمایہ کاروں اور کاروباری برادری کیلئے سہولیات کی فراہمی ممکن بنائی جائے۔

بقیہ 13 — ٹرمپ

امن معاہدے کے موقع پر ٹرمپ نے کہا پاکستان، بھارت کی جنگ رکوانا بڑا کارنامہ ہے، مختصر تصادم میں 5 سے 6 طیارے گرائے گئے، کشیدگی بڑھتی تو صورتحال اور بھی خراب ہو سکتی تھی، میں نے تجارت کے ذریعے معاملہ حل کرایا، دونوں ممالک نے دانشمندی کا ثبوت دیا میری سب سے بڑی خواہش ہے دنیا میں امن استحکام قائم کیا جائے

بقیہ 14 — جنرل آرٹیفیشل

ذہانت کے شعبے میں 30 لاکھ نوکریوں کا اضافہ ہوگا، جی ڈی پی میں 7 سے 12 فیصد اضافہ متوقع ہے۔ نیشنل اے آئی پالیسی مکمل روڈ میپ ہے، پاکستان نے ملک میں اے آئی کے محفوظ استعمال کو فروغ دینے کیساتھ ساتھ عالمی دوڑ میں شامل ہو کر قائدانہ کردار بھی ادا کرنا ہے، دوسری جانب پاکستان اور رومانیہ کا سائنس و ٹیکنالوجی شراکت داری مضبوط بنانے پر اتفاق ہوا، رومانیہ نے یورپی پروگرامز میں پاکستان کو شمولیت کی پیشکش کر دی، وفاقی وزیر نے کہا یورپی فنڈنگ پروگرامز سے پاکستان کو ٹیکنالوجی میں نئی راہیں ملیں گی، رومانیہ یورپ کا ابھرتا ہوا آئی ٹی مرکز ہے، پاکستان سے تعاون چاہتا ہے۔

بقیہ 15 — تعلیم و صحت

گروہ سماجی اخراجات کا ہدف معمولی فرق سے پورا کرنے میں ناکام رہا، وفاق اور چاروں صوبوں کو مجموعی طور پر صحت و تعلیم پر کم از کم 2.86 کھرب روپے خرچ کرنے تھے تاہم مجموعی اخراجات 2.84 کھرب روپے رہے جو ہدف سے 27 ارب روپے کم ہیں، ذرائع کے مطابق اگر حکومتوں کے باہمی معاہدوں کے مطابق طے شدہ اہداف کو دیکھا جائے تو اصل اخراجات 240 ارب کم رہے، سندھ، خیبر پختونخوا اور پنجاب نے طے شدہ اخراجاتی اہداف بڑے فرق سے پورے نہیں کیے جبکہ وفاقی حکومت، بلوچستان نے اپنے اہداف سے زائد اخراجات کیے۔

بقیہ 16 — مقرر

کی 9 مئی کے 8 مقدمات میں ضمانت کی اپیلیں سپریم کورٹ میں سماعت کیلئے مقرر ہو گئیں، سپریم کورٹ کے رجسٹرار آفس نے 8 اپیلوں پر سماعت کی کاز لسٹ جاری کر دی اور بانی پی ٹی آئی کی لیگل ٹیم کو بھی نوٹس بھیج دیا گیا، سپریم کورٹ کا 3 رکنی بینچ 12 اگست کو عمران خان کی اپیلوں پر سماعت کرے گا، چیف جسٹس یحییٰ آفریدی بینچ کی سربراہی کریں گے، جسٹس شفیع صدیقی اور جسٹس گل حسن اورنگزیب بینچ میں شامل ہیں۔

بقیہ 17 — ایم ڈی کیٹ

(پی ایم اینڈ ڈی سی) نے اعلان کیا ہے میڈیکل اینڈ ڈینٹل کالجز ایڈمیشن ٹیسٹ (ایم ڈی کیٹ) 5 اکتوبر 2025 (بروز اتوار) کو ہوگا، کونسل نے واضح کیا سوشل میڈیا پر فیس میں 80 فیصد اضافے کی خبریں بے بنیاد ہیں، ترمیم امتحان لینے والی جامعات کی درخواست پر کی گئی تاکہ کاغذی طباعت، سکیورٹی اقدامات، انتظامی اخراجات اور امتحانی مراکز میں سہولیات کو بہتر بنایا جا سکے، ترجمان نے بتایا ایم ڈی کیٹ ملک بھر میں وفاقی و صوبائی حکام کی نامزد کردہ جامعات کے ذریعے منعقد کیا جائے گا۔

بقیہ 18 — بیرسٹر سیف

اطلاعات بیرسٹر سیف نے کہا ہے ایک ہزار ارب سے زائد کے مالی سکینڈل کا سراغ پرتگال میں لگ گیا، سکینڈل کی آزادانہ تحقیقات ہونی چاہئیں کیونکہ پنجاب کے عوام کے ٹیکسوں کا پیسہ پہلے لندن اور اب پرتگال منتقل کیا جا رہا ہے، اہم شخصیات نے جائیدادیں خریدیں، تحقیقات کے بعد پنجاب کے 10 کھرب پرتگال میں ہی برآمد ہوں گے، جعلی حکومت نے صرف اڑھائی سال میں 78 سال کے کرپشن کے ریکارڈز توڑ دیئے، عوام کا کوئی پرسان حال نہیں، خواجہ آصف نے اپنے فرنٹ مین کو بچانے کیلئے استعفے کا شوشہ چھوڑا، عوام کے ٹیکسوں کے پیسے باہر منتقل کر کے محلات بنائے گئے مگر پیٹ بھرنے کا نام نہیں لے رہا۔

بقیہ 19 — چین

کہا چین پاکستان دفاعی و سیکورٹی تعاون کا مقصد کسی تیسرے فریق کیلئے نہیں، بین الاقوامی اور علاقائی سلامتی و استحکام کو برقرار رکھنے کیلئے پرعزم ہیں۔

بقیہ 20 — اسلام آباد ایئرپورٹ

13 اگست کو رات 8 بجے سے 10 بجے تک تمام پروازیں معطل رہیں گی اور ایئر لائنز کو ہدایت دی گئی ہے ان اوقات میں کوئی پرواز شیڈول نہ کی جائے، اتھارٹی نے مسافروں کو مشورہ دیا روانگی سے قبل اپنی پروازوں کے اوقات کی تصدیق کر لیں تاکہ کسی قسم کی پریشانی سے بچا جا سکے۔

بقیہ 21 — توشہ خانہ

عملے نے عمران خان کے وکیل خالد یوسف چودھری کو بھی باضابطہ آگاہ کر دیا۔

بقیہ 22 — سرکاری حج

اور نامزد بینکوں میں جمع ہونے والی درخواستوں کی تعداد 71 ہزار سے تجاوز کر گئی، ترجمان کے مطابق پہلی قسط کی درخواستوں کی وصولی 11 اگست سے 16 اگست تک جاری رہے گی، درخواست دینے والوں کی تعداد میں مزید اضافہ متوقع ہے، دوسرے مرحلے میں غیر رجسٹرڈ عازمین حج بھی اپنی درخواستیں جمع کر سکیں گے اور سمندر پار پاکستانی اپنے قریبی عزیز کے ذریعے حج کیلئے درخواست دے سکتے ہیں، کوٹہ مکمل ہونے کے بعد حج درخواستوں کی وصولی روک دی جائے گی، اعلان جلد کیا جائے گا۔

بقیہ 23 — بھارتی ایئر چیف

400 دفاعی سسٹم سے تباہ کیے، پاکستان کے لارج ایئر کرافٹ کو 300 کلومیٹر دور سے گرایا گیا جو حقیقی طور پر زمین سے فضا میں ہدف کو نشانہ بنانے کا ریکارڈ ہے، بھارتی ایئر چیف نے دعویٰ کیا پاکستان کے نگرانی کرنے والے طیارے اور کچھ ایف 16 طیاروں کو بھی نشانہ بنایا گیا جو جنوبی پاکستان کی 2 ایئر بیسز پر ہینگرز میں کھڑے تھے۔

بقیہ 24 — شیر افضل مروت

مروت کو پارٹی سے الگ قرار دیا، اپنے بیان میں سلمان اکرم راجہ نے واضح کیا شیر افضل مروت تحریک انصاف کا حصہ نہیں۔

بقیہ 25 — پاکستان، تاجکستان

ٹیموں نے حصہ لیا، مشق کے دوران تمام تربیتی و فوجی سفارت کاری کے مقاصد کامیابی سے حاصل کیے گئے، اختتامی تقریب میں پاکستان کے کرنل معظم ظفر نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی جبکہ تاجکستان کے اعلیٰ فوجی حکام بھی موجود تھے، دونوں ممالک کے فوجیوں نے اعلیٰ پیشہ ورانہ مہارت کا مظاہرہ کیا، "دوستی 3" مشق کا مقصد دونوں ممالک کے عسکری تعلقات کو مضبوط بنانا اور انسداد دہشتگردی کی کارروائیوں میں تکنیک کو بہتر کرنا تھا۔

بقیہ 26 — چیلنج کر دیا

گیا اسمبلی اجلاس کے دوران 4 قوانین کی منظوری کے وقت کورم کی نشاندہی کی، سپیکر پنجاب اسمبلی نے رولز 4 اور 5 کا غلط استعمال کیا، درخواست گزار کی اسمبلی کے 15 اجلاس کیلئے رکنیت معطل کر دی گئی، استدعا ہے سپیکر پنجاب اسمبلی کا رکنیت معطل کرنے کا اقدام کالعدم قرار دیا جائے اور درخواست گزار کی رکنیت بحال کرنے کا حکم دیا جائے۔

بقیہ 27 — سونا تولہ سستا

ہوگئی، ایسوسی ایشن کے مطابق 10 گرام سونے کا بھاؤ 257 روپے کم ہو کر 3 لاکھ 10 ہزار 699 روپے رہا۔

بقیہ 28 — ضمنی الیکشن

فیصلہ کریں گے، ابھی حماد اظہر کے کاغذات نامزدگی مشروط طور پر منظور کر رہا ہوں۔

بقیہ 29 — بھارتی انتخابی

تھے لیکن اصل نتائج بالکل مختلف آئے، الیکشن نتائج کے بعد مودی لاڈلی بہتا، آپریشن سندور اور پلوامہ جیسے قومی سلامتی کے ڈرامے رچا کر جھوٹا بیانیہ بناتا ہے، الیکشن کمیشن کا سارا نظام بی جے پی کے مفادات کیلئے ڈیزائن کیا گیا۔

بقیہ 30 — جج نامزد کر دیے

دیا، چیف جسٹس سندھ ہائی کورٹ نے ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن ججز کی خصوصی عدالتوں اور ٹریبونلز کے لئے نامزدگی کی منظوری دی۔

بقیہ 31 — ایمل ولی خان

حکومتی جماعتوں کو ایک پلیٹ فارم پر اکٹھا کرنے کا مقصد صوبے کی معدنیات کی لوٹ مار اور وسائل کو بچانے کے ساتھ ساتھ سیاسی رہنماؤں کی رہائی لیویز کو پولیس میں ضم کرنے اور گوادر سے باجوڑ تک بارڈر ٹریڈ کی بحالی گزشتہ 78 سالوں سے غلط خارجہ اور داخلہ پالیسیوں کی وجہ سے دہشت گردی انتہا پسندی اور بدامنی کے خاتمے کو یقینی بناتے ہوئے فوری طور پر آپریشن بند کرنے کا مطالبہ کیا ہے اے پی سی میں شامل تمام جماعتیں مائنز اینڈ منرلز ایکٹ کی منظوری کے خلاف بلوچستان اسمبلی میں مشترکہ قرارداد پیش کریں گی مطالبات پر عملدرآمد کیلئے اے پی سی میں شامل جماعتوں پر مشتمل کمیٹی بنادی ہے جو آئندہ کا لائحہ عمل طے کریں گی آئندہ مائنز اینڈ منرلز ایکٹ کے خلاف کیس کے سماعت کے موقع پر اے پی سی میں شامل تمام جماعتوں کی قیادت اور کارکن عدالت میں اپنی موجودگی یقینی بنائیں گے ان خیالات کا اظہار انہوں نے ہفتہ کو عوامی نیشنل پارٹی کے زیراہتمام آل پارٹیز کانفرنس، قومی جرگہ میں ہونے والے فیصلوں کی پریس کانفرنس میں اعلان کرتے ہوئے کیا اس موقع پر خوشحال خان کاکڑ، میر کبیر احمد شہی، عبدالرحیم زیارتوال، مولانا عبدالواسع، آغا حسن بلوچ ایڈووکیٹ، مولانا ہدایت الرحمان بلوچ، ربانی خان کاکڑ، نوابزادہ حاجی لشکری رئیسانی، احمد جان، نور باچا اور دیگر کے ہمراہ کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس کے دوران کیا اس موقع پر انجینئر زمرک خان اچکزئی، ملک امان اللہ خان کاکڑ، شاہینہ خان کاکڑ، نصراللہ زیرے، ماہت کاکڑ، غلام فاروق کاسی، غلام نبی مری، ملک عبدالمجید کاکڑ سمیت دیگر بھی موجود تھے ایمل ولی خان نے کہا کہ بلوچستان اور پشتونخوا وطن میں جاری مسلط کردہ خود ساختہ دہشت گردی، بدامنی اور امن و امان کی ابتر صورتحال پر آج کے جرگے کے شرکاء نے تشویش کا اظہار کرتے ہوئے گزشتہ 78 سالہ غلط خارجہ اور داخلہ پالیسیوں کا نتیجہ گردانتے ہیں اور دونوں صوبوں میں آپریشن کے باعث انسانی و مالی نقصانات معلوم کرنے کیلئے بین الاقوامی اداروں انسانی حقوق کی پامالی کے حوالے سے ٹروتھ کمیشن بنانے اور آپریشن بند کرنے کا مطالبہ کرتے ہیں قومی شاہراہوں پر دہشت گردوں کی جانب سے مال بردار گاڑیوں اور پبلک ٹرانسپورٹ جانے مسافروں کے اغوا، کی مذمت کرتے ہیں 8 فروری 2024، کے انتخابات نام نہاد فارم 47 کے تحت جمہوریت کے خلاف سازش ہے اس لئے فارم 47 کے تحت بننے والے حکمران اور اسمبلیاں عوام کی نمائندگی کا حق نہیں رکھتے آزادانہ منصفانہ صاف اور شفاف غیر جانبدارانہ نئے انتخابات خود مختار الیکشن کمیشن کے ذریعے کرائے جائیں مائنز اینڈ منرلز ایکٹ کو 2025 کو مسترد کرتے ہوئے تمام سیاسی جماعتیں اس کے خلاف جدوجہد اور عدالت میں متحد ہو کر اپنا مقدمہ لڑیں گی اور غیر آئینی ادارے ایس آئی ایف سی کی جانب سے اس ایکٹ کے ذریعے اٹھارویں آئینی ترمیم کے خلاف سازش سمجھتے ہوئے اٹھارویں آئینی ترمیم پر اس کی اصل روح کے مطابق عملدرآمد کیا جائے

بقیہ 32 — جلاؤ گھیراؤ

کا فیصلہ پیر 11 اگست کو سنایا جائے گا۔ انسداد دہشتگردی کی عدالت کے جج منظر علی گل نے کوٹ لکھپت جیل میں ان مقدمات کی سماعت رات گئے تک جاری رکھی۔ عدالت کا کہنا تھا کہ وقت کی کمی کے باعث فوری فیصلہ سنانا ممکن نہیں، اس لیے دونوں مقدمات میں فیصلہ محفوظ کر لیا گیا ہے۔ جناح ہاؤس جلاؤ گھیراؤ کیس، جی آئی ٹی نے 7 افراد کو بے گناہ قرار دے دیا۔ پہلے کیس میں تھانہ شادمان جلاؤ گھیراؤ کے واقعے میں 41 ملزمان کے خلاف چالان پیش کیا گیا، جن میں سے 25 افراد کا باقاعدہ ٹرائل کیا گیا، 15 ملزمان کو اشتہاری قرار دیا گیا جبکہ ایک ملزم دوران سماعت وفات پا چکا ہے۔

بقیہ 33 — میڈیکل چیک

پر ڈاکٹرز، سٹاف کی ڈیوٹیاں لگ گئیں، جسٹس یحییٰ آفریدی نے پولی کلینک ہسپتال میں آنکھوں کا معائنہ کرایا۔

بقیہ 34 — ایف بی آر

دیگر شہروں میں متعدد فیکٹریوں پر چیکنگ کیلئے افسر تعینات کر دیئے گئے، چیف کمشنر لارج ٹیکس پیئرز آفس لاہور کی ہدایات پر سیلز ٹیکس ایکٹ 1990 کے سیکشن 40 بی کے تحت سخت اقدامات کیے جا رہے ہیں، پیداوار، فروخت و سٹاک کی مکمل مانیٹرنگ کیلئے ذمہ دار افسر یونٹس میں موجود رہیں گے۔

بقیہ 35 — امن معاہدہ

پر دستخط کیے، صدر ٹرمپ نے گواہ کے طور پر دستخط کیے، ٹرمپ نے کہا آذربائیجان، آرمینیا نے جنگ بندی معاہدے پر دستخط کر لیے، دونوں ممالک تجارت، معیشت کو ترجیح دیں گے، دونوں ممالک بڑی جنگ کی طرف جا رہے تھے، میں نے کہا لڑائی نہیں تجارت کرو، آذربائیجان، آرمینیا کے لیڈرز نے یقین دہانی کرائی جنگ نہیں لڑیں گے، دونوں ممالک سے ٹیکنالوجی معاہدوں میں نئے آئی ڈیلز شامل رہیں گی، آذربائیجان کیساتھ فوجی تعاون پر عائد پابندیوں کو ہٹا رہے ہیں، جنگیں نہیں امن اور تجارت چاہتا ہوں، میں نے پاکستان اور بھارت کے درمیان جنگ بھی رکوائی، آذربائیجان کے صدر الہام علیوف نے کہا آج کا تاریخی دن ہے، امن کیلئے نیا راستہ کھلا، امریکہ کیساتھ سٹریٹجک پارٹنرشپ کا آغاز کرنے جا رہے ہیں، آذربائیجان اور آرمینیا ذمہ داری کے ساتھ آگے بڑھیں گے، آرمینیا کے وزیر اعظم نکول پشینیان نے کہا صدر ٹرمپ پوری دنیا میں امن کیلئے کردار ادا کر رہے ہیں۔

بقیہ 36 — دعوت نامہ دیا

انیشی ایٹو فورم میں شرکت کیلئے دعوت نامہ پیش کیا، وزیر اعظم نے دعوت کو قبول کرتے ہوئے ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان کا شکریہ ادا کیا اور خادم حرمین شریفین شاہ سلمان بن عبدالعزیز اور ولی عہد کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا، نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار، وزیر اعظم کے مشیر طارق فاطمی اور ڈاکٹر توقیر شاہ بھی موجود تھے۔

بقیہ 37 — معلوم افراد

ضمانت کی درخواست پر سماعت 11 اگست ہو گی یاد رہے بلوچستان کے دارالحکومت کے نواحی علاقے ڈیگاری میں 19 جولائی کو بانو نامی خاتون اور احسان اللہ نامی شخص کے قتل کرنے کا واقعہ سامنے آیا تھا، فائرنگ کے دردناک مناظر کی ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہوئی۔ بتایا جاتا ہے میاں بیوی ڈیڑھ سال سے روپوش تھے، دونوں کو دعوت کے بہانے بلایا گیا، جرگے میں فیصلہ سنایا گیا اور پھر کھلے میدان میں لے جا کر گولیاں چلا دی گئیں جس کے بعد وزیر اعلیٰ بلوچستان سردار سرفراز بگٹی کی جانب سے واقعہ کا نوٹس لینے پر پولیس حرکت میں آئی تھی واقعے کا مقدمہ ہنہ اوڑک تھانے میں ایس ایچ او کی مدعیت میں درج کیا گیا تھا جبکہ پولیس نے مرکزی ملزم بشیر احمد اور ساتکزئی قبیلے کے سربراہ سردار شیر باز ساتکزئی ان کے 4 بھائی اور 2 محافظوں سمیت دیگر ملزمان کو گرفتار کر لیا تھا مدعی مقدمہ کے مطابق بانو ساتکزئی اور احسان اللہ سمالانی کو کاروکاری کے الزام میں قتل کیا گیا، واقعہ میں مبینہ طور پر شاہ وزیر، جلال، نکری منیر، بختیار، ملک امیر، عجب خان، جان محمد، بشیر احمد اور دیگر 15 نامعلوم افراد شامل ہیں۔

بقیہ 38 — گروہ گرفتار

مددگار ون فائیو پر مشتمل ایک اسپیشل پولیس ٹیم نے بائی پاس کے مقام پر کارروائی کرتے ہوئے چار ملزمان کاشف، راشد، رضا اور امجد کو حراست میں لے کر ان کے قبضے سے کراچی سے چھینی ہنڈا سوک گاڑی اور چار کلاشنکوفیں برآمد کر لیں ابتدائی تفتیش کے بعد ملزمان کی نشاندہی پر پولیس نے ایک کمپاؤنڈ میں چھاپہ مار کر وہاں سے بھی چار گاڑیاں برآمد کر لیں جو کراچی اور حیدر آباد سے چھینی اور چوری کی گئی تھی پولیس حکام کے مطابق گرفتار ملزمان سندھ اور پنجاب سے گاڑیاں لا کر اندرون بلوچستان فروخت کر دیا کرتے تھے جن کے خلاف اینٹی کار لفٹنگ سیل کراچی میں بھی مقدمات درج ہیں۔

بقیہ 39 — اظہار تعزیت

کے صدر رحیم آغا جنرل سیکرٹری ولی افغان تاجر اتحاد کے صدر سید حیدر آغا اتحاد تاجران تحفظ کے صدر سید شاہ رضا نے وفد کے ہمراہ اتحاد تاجران کے صدر سید حسن آغا جنرل سیکرٹری اصغر گلزاری مفتی محمد احمد ڈاکٹر لیاقت تابان ڈاکٹر سید عبدالباری ڈاکٹر حیات غلزئی ممتاز تاجر نسیم خان اچکزئی حاجی ارمان اچکزئی لودین قومی اتحاد کے صدر سید سراج آغا چیئرمین حاجی عطا محمد ارباب سلیمان کاسی ملک محمد جان کاسی سید عجب گل پراپرٹی بلڈرز ایسوسی ایشن کے صدر حاجی میر حمزہ لہڑی اے این پی ضلع کوئٹہ کے سینئر نائب صدر شاہ عالم آغا حاجی آصف کاکڑ فضل خان اچکزئی سیف اللہ آغا انجینئر ہارون خلجی موبائل ایسوسی ایشن کے حاجی نجیب کاکڑ کلیم اللہ کاکڑ انجمن تاجران کے صدر جہانگیر اچکزئی داد اچکزئی حاجی خلیل الرحمان حاجی صادق اچکزئی ملک اچکزئی پشتونخوا میپ کے اسلم غلجی جیولرز ایسوسی ایشن کے حاجی فاروق کاکڑ قاری سید امین تاجر کاشف حیدری خان محمد کربلائی ارباب جہانگیر کاسی اور دیگر تاجروں اور سیاسی رہنماؤں نے فاتحہ کی اور اظہار تعزیت کی۔

بقیہ 40 — صادق عمرانی

میں گزشتہ روز ایک ہنگامی ویڈیو لنک کے ذریعے اجلاس میں انہوں نے نائب وزیر اعظم اسحاق ڈار اور دیگر شرکاء کو اس اہم مسئلے کی سنگینی اور اس حوالے سے بلوچستان واٹر سیکورٹی اینڈ پروڈکٹیوٹی امپروومنٹ پروجیکٹ Improvement of Quetta Watwer Supply کے تحت کوئٹہ شہر کو پینے کے صاف پانی کی فراہمی کیلئے مجوزہ منصوبے کی اہمیت و افادیت کے بارے میں تفصیلات سے آگاہ کیا، میر محمد صادق عمرانی نے بتایا کہ اجلاس کے دوران انہوں نے شرکاء کو مکمل بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ کوئٹہ شہر کی آبادی 31 لاکھ نفوس پر مشتمل ہے جہاں قلت آب کا مسئلہ سنگین صورتحال اختیار کرتا جا رہا ہے کوئٹہ میں مجموعی طور پر پانی کی طلب فی فرد 20 گیلن کے حساب سے پوری آبادی کیلئے 62 ملین گیلن یومیہ بنتا ہے جبکہ واسا کوئٹہ شہر کے تقریباً 60 فیصد حصے کو پانی فراہم کر رہا ہے جو بمشکل 30 ملین گیلن کا حساب فی دن ہے کوئٹہ کے شہری اپنی پانی کی ضروریات پرائیویٹ ٹیوب ویلز و دیگر ذرائع سے بھی پوری کر رہے ہیں، صوبائی وزیر نے اس مسئلے پر مزید روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ شہر کے 90 فیصد ٹیوب ویلز جو کہ "ایکوئل آبی ذخیروں" میں واقع ہیں وہ خیال ہیں لیکن ان میں سے زیادہ تر کی پانی نکالنے کی صلاحیت بہت کم ہو کر تقریباً 35 گیلن فی منٹ ہے، انہوں نے کہا کہ کوئٹہ شہر کے علاقوں میں واقع ٹیوب ویلز عموماً مٹی بھرنے جانے کے مسئلہ کا شکار ہو جاتے ہیں جس کی وجہ سے ان کی باقاعدہ صفائی و مرمت کی ضرورت ہوتی ہے، انہوں نے مزید کہا کہ کہ شہر میں بجلی کی مسلسل بندش نے بھی شہریوں کی مشکلات میں اضافہ کر رکھا ہے لہذا کوئٹہ شہر میں پانی کی قلت اور اس سے منسلک مسائل کا جامع حل تلاش کرنے کے لیے (بلوچستان انٹیگریٹڈ واٹر ریسورس مینجمنٹ اینڈ ڈویلپمنٹ پروجیکٹ) کے تحت ماسٹر پلان اسٹڈی کی گئی ہے

بقیہ 41 — نائب صدر

ان سے گفتگو کرتے ہوئے امریکی نائب صدر نے کہا صدر ٹرمپ مشرق وسطیٰ میں امریکہ کی واضح ترجیحات پر قائم ہیں، عمل جاری رکھا جائے گا۔

بقیہ 42 — عبدالرحیم زیارتوال

پشتون من الحیث قوم 28 نکاتی قومی ایجنڈا اپنا رہا تھا اور ضرورت ہوئی تو اس میں اضافہ کیا جا سکتا ہے لیکن یہ ہمارا قومی ایجنڈا تھا۔ پاکستان کے جو مسائل ہیں اس کے حوالے سے تحریک تحفظ آئین پاکستان اور حالیہ آل پارٹیز کانفرنس میں سب کچھ طے پایا ہے جو تمام دوستوں کے سامنے ہے۔ انہوں نے کہ دہشتگردی کی یہاں موجود کسی پارٹی کا ہاتھ نہیں نہ ہی کوئی ملوث ہے بلکہ دہشتگردی ہمارے وطن اور عوام پر مسلط کی گئی ہے لوگوں کو خوف و ہراس میں منظم طریقے سے مبتلا کر کے ان کی جائیدادوں، زمینوں اور وسائل قبضہ کی سازش کی جا رہی ہے۔ اس وقت پاکستان میں فیڈریشن نام کی کوئی شے موجود نہیں، ایس آئی ایف سی سے فیڈریشن ڈھانچہ پامال ہو چکا ہے، وہ تمام ڈیول جیکٹ جو صوبوں کے پاس ہیں یعنی زراعت، جنگلات، ماہی گیری، مائنز منرلز، کان کنی، انفارمیشن ٹیکنالوجی، کمیونیکیشن وغیرہ میں مداخلت کر کے اسے مرکز کے حوالے کیا گیا جو صوبائی خودمختاری پر شدید حملے کے مترادف ہے اور صوبائی خودمختاری اب نہیں رہی ہے۔ مائنز و منرلز ایکٹ میں فیڈرل اداروں کے نام لکھے گئے ہیں اور ایس آئی ایف سی صوبائی سبجیکٹ میں جو بھی مداخلت کرنا چاہے کر سکے گا اور اس طرح آئینی ڈھانچے کو تباہ کیا گیا، صوبائی خودمختاری ختم کر دی گئی ہے۔ آج فارم 47 کی حکومت کے ذریعے اٹھارویں آئینی ترمیم کو ملیامیٹ کیا جا رہا ہے، اٹھارویں آئینی ترمیم میں انسانی حقوق، عدلیہ و میڈیا کی آزادی، سیاسی کارکنوں کے ساتھ جو آئین کے آرٹیکل 8 سے 28 تک انسانی حقوق محفوظ تھے ان سب پر حملہ کیا جا رہا ہے۔

بقیہ 43 — غزہ، اسرائیلی

کے آغاز سے اب تک فاقہ کشی سے مرنے والوں کی تعداد 201 ہو گئی، 98 معصوم بچے بھی شامل ہیں، ادھر صورتحال کو مزید سنگین بنانے کیلئے اسرائیل نے غیر ملکی امدادی تنظیموں کو غزہ میں سرگرمیاں جاری رکھنے سے روک رکھا ہے، خوراک کی تقسیم صرف اسرائیلی اور امریکی انتظامیہ کے ذریعے کی جا رہی ہے، کئی واقعات میں اسرائیلی فوج اور امریکی کنٹریکٹرز کی جانب سے خوراک کے حصول کیلئے قطار میں کھڑے فلسطینیوں پر فائرنگ بھی کی گئی۔ دوسری جانب۔ لندن میں پولیس نے فلسطین ایکشن کے حامیوں کی جانب سے احتجاج پر 356 مظاہرین کو گرفتار کر لیا۔ لندن میں پارلیمنٹ اسکوائر پر فلسطین ایکشن کے حامیوں نے احتجاج کیا جس پر پولیس نے دھاوا بول دیا۔ پولیس نے 365 حامیوں کو گرفتار کر لیا جن میں خواتین بھی شامل ہیں۔ مظاہرین نے ہاتھوں میں پلے کارڈ اٹھا رکھے تھے جن پر اسرائیل کی جانب سے غزہ میں جاری فلسطینیوں کی نسل کشی کے خلاف نعرے درج تھے۔ مظاہرے کے آرگنائزر کے مطابق احتجاج میں 600 سے 700 افراد شریک ہوئے تاہم پولیس کی جانب سے اتنی بڑی تعداد میں مظاہرین کی شمولیت کی تردید کی گئی ہے۔

بقیہ 44 — سینیٹر محمد عبدالقادر

پاکستانی وزیر اعظم کا پہلا دورہ جاپان ہوگا اس سے قبل 2005 میں اس وقت کے وزیر اعظم شوکت عزیز نے جاپان کا دورہ کیا تھا اس تناظر میں 2025 کا یہ دورہ دونوں ممالک کے تعلقات میں ایک نئی تاریخ رقم کرنے کی حیثیت رکھتا ہے پاک بھارت جنگ میں فتح یاب ہونے کے بعد وزیر اعظم کا دورہ جاپان دنیا بھر میں غیر معمولی دلچسپی سے دیکھا جائے گا۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف 17 اگست کو پانچ روزہ سرکاری دورے پر جاپان روانہ ہوں گی یہ دورہ بھی حکومت جاپان کی خصوصی دعوت پر ہو رہا ہے اور اسے دونوں ممالک کے تعلقات میں نئی بلندیوں تک پہنچانے کے لیے نہایت اہم قرار دیا جا سکتا ہے جاپانی حکومت اس دورے کو بھرپور اہمیت دے رہی ہے اور اعلیٰ سطح کی ملاقاتوں اور مشترکہ اقدامات کے لیے خصوصی انتظامات کیے گئے ہیں وزیر اعظم شہباز شریف کے اکتوبر میں ہونے والے دورے کے دوران جاپانی حکومت کی جانب سے پاکستان کے لیے ایک بڑے معاشی و تجارتی پیکیج کا اعلان متوقع ہے، جس میں سرمایہ کاری، صنعتی ترقی، ٹیکنالوجی کے تبادلے اور برآمدات کے فروغ کے منصوبے شامل ہوں گے۔ اس کے ساتھ کئی اہم معاہدوں اور مفاہمتی یادداشتوں پر بھی دستخط ہوں گے جو دونوں ممالک کے تعلقات کو مزید مستحکم بنانے میں سنگ میل ثابت ہوں گے۔ انہوں نے کہا ہے کہ جاپان پاکستان کا دیرینہ دوست ہے اور یہ دورہ تعلقات میں ایک نئے باب کا آغاز کرے گا جاپانی حکومت اس موقع پر بھرپور تیاری کر رہی ہے اور پاکستان کو ایک جامع تعاون پیکج دیا جائے گا جو دورے کے دوران وزیر اعظم شہباز شریف جاپانی وزیر اعظم سے ملاقات کریں گے پاکستان اور جاپان کے تعلقات کو انتہائی اہمیت حاصل ہے پاکستان جاپان کو ایک ترقی یافتہ، مہمان نواز اور اصول پسند ریاست کا درجہ دیتا ہے وزیر اعظم کی پوری کوشش ہونی چاہئے کہ یہ دورہ صرف حکومتی سطح پر بلکہ عوامی، کاروباری اور تعلیمی میدانوں میں بھی پاکستانیوں کیلئے نئے دروازے کھولے جاپان کی ٹیکنالوجی، نظم و ضبط اور کام کرنے کا معیار دنیا بھر کے لیے ایک مثال ہے پاکستان کو ان خوبیوں اور صلاحیتوں سے استفادہ کرنا چاہیے جاپانی سرمایہ کاروں اور بزنس کمیونٹی کو پاکستان میں موجود سرمایہ کاری کے مواقع سے آگاہ کیا جائے۔

بقیہ 45 — کا اعلان کر دیا

فیصلے کے بعد اب اسرائیل کو جاری خودکار اسلحہ کی فروخت بند ہو جائے گی۔

بقیہ 46 — و آرائش کا فیصلہ

بجٹ میں صوبے کے چار قلعوں کی بحالی اور تزئین و آرائش کیلئے 35 کروڑ روپے مختص کئے گئے ہیں جن میں ضلع جھل مگسی میں قائم موتی گہرام قلعے کی تزئین و آرائش کیلئے دس کروڑ، واشک کے حرمائی قلعہ اور خاران قلعہ کی بحالی کیلئے بھی دس دس کروڑ اور پنجگور کے لائی دم قلعہ کیلئے پانچ کروڑ روپے رکھے گئے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ صوبے کے قدیم قلعوں کی بحالی اور تزئین و آرائش سے بلوچستان میں ٹورازم کو فروغ ملے گا جھل مگسی کا موتی گہرام قلعہ بلوچستان کا تاج محل کہلاتا ہے

بقیہ 47 — کام بنادی

بھاری تعداد میں اسلحہ برآمد کر لیا گیا ہے کارروائی کے دوران دو ملزمان افتخار اور عبدالحنان افریدی ساکنان پشاور کو گرفتار کر لیا گیا ہے برآمد ہونے والے اسلحہ میں 9MM کے 120 پسٹل بمعہ میگزین شامل ہے اسلحہ اندرون صوبہ کسی ممکنہ دہشت گردی کے لئے اسمگل کیا جا رہا تھا اس سلسلے میں مزید کارروائی کی جا رہی ہے۔

بقیہ 48 — گورنر

یادگار شہداء کی بے حرمتی کرنے والے بھارت، اسرائیل سے آئے تھے؟ کسی کی بھی حکومت گرانے کے حق میں نہیں لیکن ملک میں سزا، جزا کا نظام ہونا چاہیے، پی ٹی آئی والے عدالتوں سے ریلیف لیں، این آر او نہیں ملے گا، 9 مئی کے ذمہ داروں کو سزا ملنی چاہیے اور جن لوگوں نے غلط کام کیے وہ سزا بھگتیں گے، پہلے بھی وفاق سے ان کے لیڈروں کو اٹھا کر باہر پھینکا گیا تھا اور اب اگر ایوان میں ایک بھی رکن کی برتری ہوئی تو خیبرپختونخوا حکومت گر جائے گی۔

بقیہ 49 — فیاض چوہان

کہا آپ نے بڑی بڑی کرپشن دیکھی ہوگی لیکن جنوری یا فروری 2019 میں کرتارپور راہداری کا افتتاح ہوا، تقریب میں جنرل ریٹائرڈ قمر جاوید باجوہ، اس وقت کے وزیر اعظم (عمران خان) بھی موجود تھے، سکھوں نے وزیر اعظم (عمران خان) کو سونے کا لوٹا بطور تحفہ پیش کیا، سونے کا لوٹا راولپنڈی کے صرافہ بازار سے پیتل کے لوٹے میں تبدیل کرایا گیا پھر پیتل کے لوٹے پر سونے کی قلعی کروا کر توشہ خانہ میں جمع کرا دیا اور اصل سونے کا لوٹا اپنے پاس رکھ لیا۔

بقیہ 50 — 2 ڈاکو گرفتار

ملنے پر ڈپٹی کمشنر قاضی منصور احمد کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر پشین نعمت اللہ ترین کی نگرانی میں لیویز فورس نے سرانان کے قریب ملزمان کا تعاقب کیا تو مسلح ڈکیت گروہ نے لیویز فورس کو دیکھتے ہی فائرنگ شروع کر دی جس کے نتیجے میں ایک لیویز اہلکار زخمی ہو گیا، فائرنگ کے تبادلے کے بعد لیویز فورس نے دو ڈاکوؤں کو گرفتار کر کے مسروقہ موٹر سائیکل برآمد کر لی، گرفتار ملزمان کیخلاف سرانان لیویز تھانہ میں مقدمہ درج کرا لیا گیا۔

بقیہ 51 — بھائی فیصل

(schizophrenia) ہوئی جس کی وجہ سے میں پاگل ہو گیا ہوں اور معاشرے کو نقصان پہنچا سکتا ہوں، میرے گھر میں سب باتیں ہو رہی تھیں، میں نے خود کو دکھ کر کہا میں مسئلے کیسے نکلوں، پوری فیملی مجھے پاگل سمجھ رہی تھی، اپنے والد کی جانب سے مدد کا منتظر تھا وہ گھر سے وہ اپنی دوسری بیوی کے ساتھ رہتے تھے اور میرے پاس ان کا نمبر بھی نہیں تھا، ایک سال بعد جب میں نے اصرار کیا تو عامر نے مجھے دوسرے گھر میں منتقل کر دیا۔

بقیہ 52 — معاہدے نیک

بحالی پر بلوچستان کی بزنس کمیونٹی مبارکباد کی مستحق ہیں۔ ان خیالات انہوں نے گزشتہ روز ایوان صنعت و تجارت کوئٹہ بلوچستان، سال چیمبر آف کامرس اینڈ سمال انڈسٹریز، پاک ایران چیمبر آف کامرس کے عہدیداران و ممبران سے اظہار خیال کرتے ہوئے کیا۔ اس سے قبل چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کوئٹہ بلوچستان کے صدر حاجی محمد ایوب مریانی، نائب صدر انجینئر میر وائس خان کاکڑ کا کہنا تھا کہ ایوان صنعت و تجارت کوئٹہ بلوچستان روز اول سے ہمسایہ ممالک کے ساتھ برادرانہ تجارتی تعلقات کے فروغ اور استحکام کیلئے کوشاں ہیں ہم سمجھتے ہیں کہ پاکستان اور ایران کو دو طرفہ طور پر ٹرانسپورٹ کے مسائل کے حل کے ساتھ ساتھ ایک دوسرے کے درآمدی مال پر عائد ٹیرف میں کمی کرنی چاہیئے تاکہ دو طرفہ تجارتی اہداف کا حصول ممکن ہو سکے اور جاری تجارت مزید فروغ پائے۔ انہوں نے کہا کہ ایرانی وفد میں شامل قونصلیٹ کے حکام اور بزنس کمیونٹی کے عہدیداران ہمارے مہمان ہی نہیں دوست اور بھائی بھی ہیں، انہوں نے دو طرفہ گڈز ٹرانسپورٹ کے مسائل کے حل کیلئے دو طرفہ کمیٹی تشکیل دینے کی بھی تجویز دی اور کہا کہ کمیٹی میں چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے نمائندوں سمیت این ایل سی اور دونوں ممالک کے وزارت ٹرانسپورٹ کے حکام کو بھی شامل کیا جانا چاہیے، انہوں نے کہا کہ تجارتی مسائل کے حل سے دونوں ممالک کے لوگوں کو باعزت روزگار میسر آئے گا اور ان کی طرز زندگی میں بہتری آئے گی۔ انہوں نے کوئٹہ زاہدان فلائٹ آپریشن کے سلسلے میں ایران کے قونصل جنرل کے کردار کو بھی سراہا۔ اس موقع پر ایران کے قونصل جنرل علی رضا رجائی، زاہدان چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر عبدالحکیم ریگی و دیگر نے بلوچستان کی بزنس کمیونٹی اور سرمایہ کاروں کو دعوت دی کہ وہ ایران کے میر جاوہ کے علاقے بازار چہ میں فری ٹریڈ زون میں صنعتیں لگائے بلکہ اس سلسلے میں ایرانی سرمایہ کاران کے ساتھ جوائنٹ وینچر کے لئے بھی ہمہ وقت تیار ہیں۔ انہوں نے حال ہی میں اسلام آباد میں پاکستان اور ایران کے حکام کے مابین دو طرفہ تجارت کو 10 ارب ڈالر تک بڑھانے و دیگر معاہدوں پر اطمینان کا اظہار کیا اور کہا کہ تجارتی اہداف کا حصول باہمی تعاون کے ذریعے ہی ممکن ہے اس سلسلے میں سب سے کلیدی کردار چیمبرز اور بزنس کمیونٹی کا ہے انہوں نے کہا کہ پاکستان، ایران اور افغانستان کے جغرافیہ الگ الگ مگر مفادات ایک ہیں، ہم سب کو مل کر تجارت کی راہ میں حائل رکاوٹوں کو ختم کرنا ہوگا دونوں ممالک کے حکام کے معاہدے نیک شگون ہے۔

بقیہ 53 — امریکی جریدہ

سے آتا ہے، جام نگر میں ایک اور بڑی ریفائنری نایارا انرجی ہے، 2017 سے نایارا کے 49 فیصد شیئرز روس کی سرکاری آئل کمپنی Rosneft کے پاس ہیں، رپورٹ کے مطابق یوکرین جنگ کے بعد بھارت روسی خام تیل کا بڑا خریدار بنا، امریکہ تیل کی قیمتیں مستحکم رکھنے کیلئے 3، 2 سال تک صورتحال برداشت کرتا رہا لیکن اب صدر ٹرمپ کی دھمکیوں نے مودی حکومت اور امبانی جیسے اداروں کو مشکل میں ڈال دیا۔

بقیہ 54 — ترین سطح

سودے 9.233 ارب میں طے ہوئے، مارکیٹ کیپٹلائزیشن 435 ارب روپے بڑھ کر 17342 ارب روپے ہو گئی۔

بقیہ 55 — اعلان

علاوہ ازیں ڈی پی ورلڈ پاکستانی برآمد کنندگان کیلئے تجارتی مرکز کی تعمیر بلا تعمیراتی لاگت کرے گا، ایکسپورٹ مارٹ سے برآمد کنندگان کی مصنوعات کو نمائش، ترسیل و عالمی منڈی تک براہ راست رسائی ملے گی، اہم منصوبے سے ٹیکسٹائل، گارمنٹس، سرجیکل اور خوراک سمیت دیگر شعبے مستفید ہوں گے۔

بقیہ 56 — کا فیصلہ

کے تحت مینوفیکچرنگ سیکٹر کے لیے سپر ٹیکس میں بتدریج کمی کی جائے گی۔ ذرائع کے مطابق پالیسی کے تحت مینوفیکچرنگ شعبے کے لیے سپر ٹیکس کی شرح 5 فیصد کی جائے گی جبکہ پرائمری بیلنس سرپلس ہونے پر پانچویں سال سپر ٹیکس ختم کر دیا جائے گا۔ ذرائع کے مطابق مجوزہ صنعتی پالیسی کے تحت مینوفیکچرنگ سیکٹر کے لیے سپر ٹیکس کی حد کم سے کم تھریشولڈ 20 کروڑ سے بڑھانے کی تجویز دی گئی ہے جبکہ 20 کروڑ روپے سے تھریشولڈ بڑھا کر 50 کروڑ کرنے کی تجویز ہے

بقیہ 57 — ماحول دوست

بنانے کے لیے کینال روڈ کے انڈر پاسز کو سنگل لین میں ضم کرنے اور جیل روڈ انڈر پاس کو ایک طرف منتقل کرنے کا منصوبہ بھی زیر غور ہے۔ چین سے درآمد کی گئی تین یونٹس پر مشتمل برقی ٹرام مکمل طور پر بجلی سے چلتی ہے اور صرف 10 منٹ کی چارجنگ پر 25 سے 27 کلومیٹر سفر کر سکتی ہے۔ اس میں 250 مسافروں کے بیٹھنے کی گنجائش ہو گی۔ پائلٹ پراجیکٹ کے تحت ٹرام کا تجرباتی آغاز لاہور ایئرپورٹ کے قریب ہو چکا ہے

بقیہ 58 — بی ایچ یوز فعال

ٹی ڈیرہ بگٹی کی جانب سے ضلع کے دور دراز علاقوں میں دس بنیادی مراکز صحت مرمت اور رنگ و روغن مکمل کر کے علاقے کے مریضوں کے لئے کھول دیئے گئے ہیں جس سے ایسے علاقوں میں روزانہ ہزاروں افراد مستفید ہونگے جہاں اس سے قبل بنیادی صحت اور علاج و معالجے کی تصور تک نہ تھا تمام بی ایچ یوز میں سولر سسٹم نصب کر دیئے گئے اور تمام بی ایچ یوز میں سردست ایک لاکھ پچاس ہزار روپے مالیت کی ادویات فراہم کر دی گئی ہیں مریضوں کی سہولت اور سیکورٹی کے لئے سی سی ٹی وی کیمرے اور بائیو میٹرک سسٹم بھی نصب کر دیا گیا

بقیہ 59 — دو سرحدات

کا ہاتھ نہیں رکھا اور بلوچستان کے عوام کو پینے کا صاف پانی میسر نہیں لیکن سرکاری رپورٹس کے مطابق بلوچستان میں سالانہ چار لاکھ گیلن شراب استعمال ہوتا ہے دوسری جانب بلوچستان بھر میں نیٹ ورک سروس سسٹم بند ہے تاجر کاروباری طبقات طلبا و عوام جن کے باہر ملکوں رشتہ دار مقیم ہیں کا دارومدار نیٹ سروس پر ہے جو پریشانی میں مبتلا ہیں انہوں نے کہا کہ نیٹ ورک بندش سے بدامنی کا خاتمہ ممکن نہیں اور بلوچستان کے 90 فیصد عوام کا روزگار پاک افغان یا پاک ایران بارڈر سے وابستہ ہے دو سرحدات بھی بند ہیں

بقیہ 60 — چینی اور کرب

سرگرمیاں ٹھپ ہو چکی ہیں تمام یونیورسٹیوں کالجز اور انگلش میڈیم اسکولوں میں تعلیمی سلسلہ رک گیا ہے آن لائن کلاسز لینے والے طلباء و طالبات کی پڑھائی اور آن لائن کاروبار متاثر ہوا ہے یہاں تک کہ لاء اینڈ آرڈر قائم کرنے والے ادارے بھی مفلوج ہو گئے اور ٹریفک پولیس بھی چالان نہیں کر پا رہی انہوں نے انٹرنیٹ بندش کو بنیادی انسانی حقوق کی صریح خلاف ورزی قرار دیتے ہوئے کہا کہ عوام میں بے چینی اور کرب کی کیفیت ہے

بقیہ 61 — مولانا ہدایت الرحمن

ہیں۔ انٹرنیٹ بندش حکومت کی ناکامی ہے۔ بلوچستان میں بدامنی لاقانونیت و کرفیو کا سماں ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے تقاریب سے خطاب و مختلف وفود سے ملاقات کے دوران گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ بلوچستان اسمبلی بہت کمزور منتخب نمائندے و حکومت بے اختیار ہیں جماعت اسلامی نے بلوچستان کے حقوق کے حصول لاپتہ افراد کی بازیابی کیلئے بارڈرز بندش لاقانونیت کے خلاف لانگ مارچ کیا پنجاب و ملک بھر کی عوام سمیت وفاق کو اپنے مسائل کی طرف متوجہ کیا۔ بلوچستان کے حکمران بے اختیار، مقتدر قوتیں اسٹیبلشمنٹ نے وسائل و اختیارات پر قبضہ کیا ہے بلوچستان کے وسائل معدنیات کو بے دردی سے لوٹا جا رہا ہے برائے نام حکومت ہیں نہ عوام کے مسائل و مشکلات و پریشانی کا کسی کو فکر نہیں۔ مسلط قوتوں کو وسائل اختیارات اور مراعات سے سروکار ہیں عوام بدحال نوجوان بے روزگار تاجروں کی تجارت بند ہیں نہ شاہراہیں محفوظ ہیں

بقیہ 62 — مراسلہ

جعلساز بینک اکاؤنٹ میں رقم منتقل ہونے یا جعلی انعامات نکلنے کا لالچ دیتے ہیں، معصوم شہری لاکھوں روپے سے محروم ہو رہے ہیں مراسلے میں پوچھا گیا ایف آئی اے اور ٹیلی کمیونیکیشن کی جعلسازوں کیخلاف اب تک کیا اقدامات کیے، اقدامات کی تفصیلات فراہم کی جائیں، تفصیلات نہ دینے پر لاہور ہائیکورٹ میں قانونی درخواست دائر کی جائے گی۔

بقیہ 63 — خوشحال خان

ریئر کانفرنس اور قومی جرگے کا اہتمام کیا انہوں نے کہا کہ دہشت گردی ہمارے ملک کیلئے ایک سنگین مسئلہ ہے جس سے پشتون افغان ملت سب سے زیادہ متاثر ہوا ہے دہشت گردی، سیلاب، زلزلہ اور قحط کی طرح یہ ایک قدرتی آفت نہیں ہے بلکہ اس کو خاص مقاصد کے تحت گزشتہ 50 سالوں میں پشتون افغان وطن پر مسلط کیا گیا ہے ہمارے حکمرانوں نے دہشت گردی سے افغانستان کو تباہ کرنے اور افغانستان کو روس اور امریکہ کی جنگ کا میدان بنانے کے بعد آج محکوم پشتونخوا وطن میں اسی جنگ کی تباہی جاری ہے پاکستان کے مقتدرہ نے برملا اعتراف کیا ہے

بقیہ 64 — ریکوری

532.33 ارب روپے مالیت کی منقولہ و غیر منقولہ جائیدادیں، وفاقی و صوبائی وزارتوں، محکموں اور مالیاتی اداروں کے حوالے کی گئیں۔ علاوہ ازیں، عوام سے دھوکہ دہی کے مختلف مقدمات میں 12,611 متاثرین کو ان کی لوٹی ہوئی رقوم واپس دلوائی گئیں۔ گزشتہ دو برسوں کے دوران نیب نے مجموعی طور پر 5854.73 ارب روپے (یعنی 5.854 کھرب روپے) کی ریکارڈ ریکوری کی، جو کہ نیب کے قیام سے اب تک کی گئی 839.08 ارب روپے کی ریکوری کے مقابلے میں 700 فیصد زیادہ ہے۔ یہ نمایاں کامیابی ملک بھر میں نیب کے افسران کی انتھک محنت اور دیانت داری کا مظہر ہے

بقیہ 65 — اپنے اپنے

کیا جائے اس سے حالات ٹھیک ہونے کی بجائے مزید خراب ہو سکتے ہیں انٹرنیٹ کی معطلی کے خلاف جمعیت علماء اسلام نے سینیٹ اور نیشنل پارٹی نے صوبائی اسمبلی میں جو تحریک التواء جمع کرائی اس کی ہم مکمل حمایت کرتے ہیں' یہ بات جمعیت علماء اسلام کے صوبائی امیر مولانا عبدالواسع' جماعت اسلامی کے صوبائی امیر و رکن اسمبلی مولانا ہدایت الرحمان، نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما، سابق سینیٹر کبیر احمد محمد شہی اور بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات آغا حسن بلوچ نے اپنے جاری بیان میں کرتے ہوئے کہی انہوں نے کہا کہ اس وقت بلوچستان میں آگ لگی ہوئی ہے عوام مستونگ تک سفر کرنے سے گریزاں ہے حکومت امن و امان اور سیکورٹی کی مد میں اربوں روپے خرچ کر رہی ہے لیکن کارکردگی نہ ہونے کے برابر ہے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ حکومت خود امن و امان کی بحالی اور حکومتی رٹ برقرار رکھنے میں سنجیدہ نہیں ہے اگر حالات یہی رہے تو آج لوگ قومی شاہراہوں پر سفر نہ ہی اپنے اپنے گھروں سے نکل سکتے

بقیہ 66 — وجوہات بتا دیں

کمزوریوں کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے، مودی تسلیم کرنے پر مجبور ہو گئے امریکہ کیساتھ تجارتی تنازع سیاسی نقصان کا باعث بن سکتا ہے، امریکہ کیساتھ بھارت کے تعلقات درحقیقت اُس وقت بگڑنے لگے جب صدر ٹرمپ نے روسی تیل کے مسئلے پر توجہ دینا شروع بھی نہیں کی تھی۔

بقیہ 67 — منظوری

3 سالہ منصوبے کی تکمیل سے گلگت بلتستان میں بجلی کی کمی دور کرنے اور عوامی سہولیات میں نمایاں بہتری کی توقع ہے۔

بقیہ 68 — وزیر اعظم

ٹیوں سے تنازعات اور انسانی المیوں کا شکار رہا ہے، تاریخی معاہدے پر صدر الہام علیوف اور آذربائیجان کے عوام کو مبارکباد پیش کرتا ہوں، پاکستان ہمیشہ برادر ملک آذربائیجان کے شانہ بشانہ کھڑا رہا ہے، پاکستان امن کیلئے امریکہ کے سہولت کاری کردار کو سراہتا ہے۔

بقیہ 69 — پشتونخوا میپ

کے ذریعے عوام کے حقوق پر ڈاکہ اور قبضہ گیری کو دوام دیا جا رہا ہے۔ کوئٹہ شہر میں امن و امان نام کی کوئی شے موجود نہیں، شہری جرائم پیشہ عناصر کے رحم و کرم پر ہے، دن رات سٹریٹ کرائم، گن پوائنٹ پر شہریوں کو لوٹا جا رہا ہے، موٹر سائیکل، گاڑی، موبائل، نقدی چھینا جاتا ہے اور فائرنگ کر کے انہیں زدوکوب، زخمی کر دیا جاتا ہے اور جان لینے سے بھی گریز نہیں کیا جاتا۔ کسی بھی واردات کے ملزمان کو پولیس گرفتار کرنے میں کامیاب نہیں ہو سکی بلکہ پولیس کی جانب سے متاثرین کو مشکلات سے دوچار کیا جاتا ہے، شہر میں ٹریفک پولیس کی بھرمار ہے لیکن ٹریفک نظام درہم برہم ہے، اکثریت اہلکار چوراہوں، سڑکوں پر لوٹ کھسوٹ میں مصروف ہے جن کی سوشل میڈیا پر ویڈیوز تک وائرل ہو چکے ہیں، شہریوں کے ساتھ بدتمیزی، بداخلاقی، انہیں زدوکوب کرنے کے واقعات کا ڈی آئی جی پولیس کو نوٹس لینا چاہیے، قانون کے نام پر غریب عوام کو تنگ کیا جا رہا ہے اور ہزاروں روپے چالان و دیگر ٹھکانہ آمدنی بڑھائی جاری ہے جبکہ یہ کرایوں میں اضافے کی وجہ اور دوسری جانب غریب مزدوروں، رکشہ والوں و دیگر عوام کی ذہنی کوفت کا باعث بنے ہوئے ہیں۔ ٹریفک پولیس اہلکار جس انداز میں لوٹ میں مصروف ہے اس سے نہ صرف ٹریفک پولیس پر سے عوام کا اعتماد ختم ہوتا جا رہا ہے بلکہ یہ عوام اور فورس کے مابین نفرت کو بھی جنم دے رہا ہے۔ کوئٹہ شہر میں پینے کے صاف پانی کی شدید قلت پر نااہل حکومت خاموش اور غیر سنجیدہ ہے

بقیہ 70 — گوشوارے

ہدایت کی گئی، اعلامیے کے مطابق سیاسی جماعتیں مالی سال 25-2024 کے گوشوارے 29 اگست تک جمع کرائیں، پارٹی سربراہ کی جانب سے ممنوعہ فنڈنگ وصول نہ کرنے کی تصدیق کرانا ہوگی، فارم میں آمدنی، اخراجات، فنڈنگ ذرائع، اثاثے اور واجبات کی تفصیل لکھنا لازم ہے، فارم صرف بااختیار پارٹی عہدیدار خود الیکشن کمیشن میں جمع کرائے گا۔

بلوچستان اسمبلی میں موبائل انٹرنیٹ بندش کیخلاف تحریک التواء جمع

موبائل انٹرنیٹ سروس کی بندش سے صوبے میں لوگوں کی زندگی مفلوج، تمام کاروباری سرگرمیاں ٹھپ ہو کر رہ گئیں' رحمت صالح بلوچ

صوبے میں تعلیمی سلسلہ رک گیا' آن لائن کلاسز لینے والے طلباء و طالبات کی پڑھائی متاثر اور کاروباری حضرات پریشان ہیں

عوام میں بے چینی کی کیفیت ہے اس لئے اسمبلی کی کارروائی روک کر اس اہم مسئلے پر بحث کی جائے' ڈپٹی پارلیمانی سیکرٹری

بلوچستان میں بدامنی لاقانونیت و کرفیو کا سماں ہے، مولانا ہدایت الرحمان

حقوق کے حصول کیلئے بلوچستان کے حقیقی قائدین کو متحد ہونا ہوگا، صوبائی امیر جماعت اسلامی

... بلوچستان کے حقوق کے حصول، عوام کی جان و مال اور معدنیات بچانے، لاقانونیت بدامنی ... کے اصل ذمہ دار ہیں۔ لاپتہ افراد کی بازیابی ضروری .... بقیہ 61 صفحہ نمبر 7 پر

شہریوں سے فراڈ روکنے کیلئے پی ٹی اے و دیگر اداروں کو مراسلہ

ایف آئی اے، پی ٹی اے ناکام ہوگئے، جوڈیشل ایکٹوازم پینل کا موقف

لاہور (بیورو رپورٹ) جوڈیشل ایکٹوازم پینل نے پاکستان میں موبائل میسجز کے ذریعے شہریوں سے فراڈ روکنے کیلئے پی ٹی اے سمیت دیگر اداروں کو مراسلہ جاری کردیا، مراسلے میں کہا گیا جعلساز موبائل میسجز بھیج کر معصوم شہریوں کو لوٹ رہے ہیں، ایف آئی اے، نیلی کیوٹی کمیشن اور سیکرٹری انفارمیشن جعلسازوں کو روکنے میں ناکام ہیں، میسجز میں .... بقیہ 62 صفحہ نمبر 7 پر

دہشت گردی ہمارے ملک کیلئے ایک سنگین مسئلہ ہے، خوشحال خان

دہشت گردی، سیلاب، زلزلہ اور قحط کی طرح یہ ایک قدرتی آفت نہیں ہے

مقاصد کے تحت 50 سالوں میں پشتون افغان وطن پر دہشتگردی کو مسلط کیا گیا ہے

کوئٹہ (آن لائن) پشتونخوا ملی نیشنل عوامی پارٹی کے چیئرمین خوشحال خان کاکڑ نے عوامی نیشنل پارٹی کے صدر ایمل ولی خان کے زیر صدارت منعقدہ آل پارٹیز کانفرنس/قومی جرگہ سے خطاب کرتے ہوئے ایمل ولی خان کا شکریہ ادا کیا کہ آپ نے ہماری صوبے کے تمام سیاسی و جمہوری پارٹیوں کو اکٹھا کرنے اور مل کر جدوجہد کرنے کے لئے دوسری بار آل پا........ بقیہ 63 صفحہ نمبر 7 پر

استہ محمد، سابق وزیراعلیٰ بلوچستان میر جان محمد خان جمالی سے بخت محمد کاکڑ ملاقات کر رہے ہیں

شہباز سے سعودی سفیر کی ملاقات، فیوچر انویسٹمنٹ انیشی ایٹو کا دعوت نامہ دیا

وزیراعظم نے دعوت قبول کرلی، ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان کیلئے نیک تمنائیں

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیراعظم شہباز شریف سے پاکستان میں تعینات سعودی عرب کے سفیر نواف بن سعید المالکی نے ملاقات کی، خطے کی حالیہ پیشرفت پر تبادلہ خیال کیا گیا، ملاقات میں سعودی سفیر نے ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان بن عبدالعزیز آل سعود کی جانب سے 27 سے 30 اکتوبر 2025 کو ریاض میں منعقد ہونیوالے نویں فیوچر انویسٹمنٹ .... بقیہ 36 صفحہ نمبر 7 پر

ڈیگاری واقعہ' سردار شیر باز ساتکزئی نے ضمانت کی درخواست دائر کردی

درخواست ایڈیشنل سیشن جج کی عدالت میں دائر' سماعت 11 اگست ہوگی

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان میں خاتون اور مرد کے قتل کا حکم دینے والے سردار شیر باز خان ساتکزئی نے ضمانت کی درخواست دائر کردی، تفصیلات کے مطابق ڈیگاری میں غیرت کے نام پر دہرے قتل کیس میں گرفتار قبائلی سردار شیر باز خان ساتکزئی نے ضمانت کی درخواست دائر کر دی درخواست ضمانت ایڈیشنل سیشن جج کی عدالت میں دائر کی گئی، عدالت میں........ بقیہ 37 صفحہ نمبر 7 پر

ڈیرہ اللہ یار: بین الصوبائی جرائم پیشہ گروہ گرفتار

چار رکنی گروہ کے قبضے سے پانچ گاڑیاں اور بھاری اسلحہ برآمد

ملزمان کیخلاف اینٹی کار لفٹنگ سیل کراچی میں بھی مقدمات درج ہیں

ڈیرہ اللہ یار (رپورٹ دھنی بخش مگسی) ڈیرہ اللہ یار پولیس نے سندھ، پنجاب اور بلوچستان سے گاڑیاں چھیننے اور چوری میں ملوث بین الصوبائی گروہ کو گرفتار کر کے ان کے قبضے سے پانچ گاڑیاں اور بھاری اسلحہ برآمد کرلیا ہے ایس ایس پی جعفرآباد کامران نواز پنجوتھا نے پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ ڈیرہ اللہ یار کنٹیل فارم سی آئی اے اور........ بقیہ 38 صفحہ نمبر 7 پر

شادی شدہ خاتون کے قتل کیس میں نامزد 6 ملزموں کو جوڈیشل بھیج دیا گیا

... سول جج ذیشان بٹ نے پیر وحانی میں غیرت کے نام پر شادی شدہ خاتون کے قتل کیس پر سماعت کی، پولیس نے ملزموں کو 4 روز کا جسمانی ریمانڈ مکمل ہونے پر عدالت میں پیش کیا، دوران سماعت پولیس نے ملزموں کے مزید جسمانی ریمانڈ کی استدعا کی جسے عدالت نے مسترد کردیا، عدالت نے مقتولہ کے شوہر، والد اور جرگے کے سربراہ سمیت 6 ملزموں کو جوڈیشل ریمانڈ پر جیل بھیج دیا۔

گوادر، مقابلے کے امتحانات سی ایس ایس اور پی سی ایس کلاسز کا باضابطہ آغاز

گوادر (آن لائن) سید ظہور شاہ ہاشمی ڈیجیٹل لائبریری میں ڈپٹی کمشنر حمود الرحمان کی خصوصی کاوش سے مقابلے کے امتحانات CSS اور PCS کی کلاسز کا باضابطہ آغاز کر دیا گیا ہے۔ ڈپٹی کمشنر نہ صرف اس منصوبے کے روح رواں ہیں بلکہ خود بھی طلبہ کو تدریس فراہم کر رہے ہیں۔ اس مقصد کے لئے انہوں نے ایک ماہر اور کوالیفائیڈ ٹیم تشکیل دی ہے، جس میں CSS اور PCS پاس اساتذہ شامل ہیں

آذربائیجان، آرمینیا نے ٹرمپ کو نوبل انعام دینے کا مطالبہ کردیا

واشنگٹن (بیورو رپورٹ) آذربائیجان اور آرمینیا کے سربراہان نے امریکی صدر کو نوبل امن انعام دینے کا مطالبہ کر دیا، ڈونلڈ ٹرمپ نے آذربائیجان اور آرمینیا کے درمیان امن معاہدہ کرا دیا جس پر دونوں ممالک کے سربراہوں نے امریکی صدر کو نوبل کا امن انعام دینے کا مطالبہ کیا، آذربائیجان اور آرمینیا کے رہنماؤں نے کہا امریکی صدر ٹرمپ کی نوبل انعام کیلئے نامزدگی کی حمایت کرتے ہیں۔

پاک افغان بارڈر پر قبائل کا دہشتگردوں کو سہولت کاری و علاقہ بدر کرنے کا اعلان

لوئر دیر میں پاک افغان بارڈر سے منسلک قبائل نے علاقے میں خارجی دہشتگردوں کیخلاف اسلحہ اٹھانے کا فیصلہ کرلیا

دہشتگردوں کو کوئی سہولت کاری نہیں دی جائیگی، ...

اتیک کے اجلاس میں کوئٹہ کے پانی کا مسئلہ اجاگر کیا گیا، صادق عمرانی

کوئٹہ شہر کو پانی کی فراہمی کیلئے مجوزہ منصوبے کے بارے میں آگاہ کیا گیا

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان کے سینئر صوبائی وزیر و پیپلز پارٹی کے سینٹرل کمیٹی کے رکن و پارلیمانی لیڈر اور صوبائی وزیر آبپاشی میر محمد صادق عمرانی کہا ہے کوئٹہ شہر بلوچستان کا دارالحکومت ہونے کے ساتھ ساتھ ہم سب کا مشترکہ گھر بھی ہے لہذا کوئٹہ شہر کی بڑھتی ہوئی آبادی کے پیش نظر مختلف مسائل میں سے ایک اہم مسئلہ قلت آب کا بھی ہے لہذا اس ضمن .... بقیہ 40 صفحہ نمبر 7 پر

فلسطینی ریاست کو تسلیم کرنے کا کوئی ارادہ نہیں، امریکی نائب صدر

غزہ میں فعال حکومت کی عدم موجودگی میں ریاست کی شناخت کا تصور ہی مشکل ہے

واشنگٹن (بیورو رپورٹ) امریکی نائب صدر جے ڈی وینس نے واضح کیا ہے فلسطینی ریاست کو تسلیم کرنے کا کوئی ارادہ نہیں، عالمی خبر رساں ادارے کے مطابق امریکی نائب صدر نے کہا غزہ میں فعال حکومت کی عدم موجودگی میں ریاست کی شناخت کا تصور ہی مشکل ہے، غیر فعال و منتشر حکومت کے ہوتے ہوئے کسی ریاست کو تسلیم کرنا بے معنی ہے، بحالیو........ بقیہ 41 صفحہ نمبر 7 پر

مائنز و منرلز ایکٹ میں صوبائی خودمختاری کو ختم کردیا گیا ہے، عبدالرحیم زیارتوال

زیارت و ہرنائی میں قیمتی زمینوں کا انتقال کر کے عوام کو حق ملکیت سے غیر آئینی طور پر محروم کیا جارہا ہے

ملک جن بحرانوں میں گھر چکا ہے اس کا حل سیاسی استحکام ہے، کوئٹہ میں اے پی سی سے خطاب

کوئٹہ (این این آئی) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے مرکزی جنرل سیکرٹری عبدالرحیم زیارتوال نے کوئٹہ میں عوامی نیشنل پارٹی کے زیر اہتمام آل پارٹیز کانفرنس/قومی جرگہ سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ 11 تا 14 مارچ 2022ء کو پشتون قومی جرگہ میں........ بقیہ 42 صفحہ نمبر 7 پر

اسلام آباد، وزیراعظم شہباز شریف سے نواف بن سعید المالکی ملاقات کر رہے ہیں

غزہ اسرائیلی جارحیت مزید 36 فلسطینی شہید امداد کا بحران لندن میں ہزاروں افراد کا احتجاج

اسرائیلی کابینہ کی جانب سے غزہ پر مکمل قبضے کے فیصلے کے بعد شدید حملے، معصوم شہریوں کی بڑی تعداد نشانہ بنی

لندن میں پارلیمنٹ اسکوائر پر فلسطین ایکشن کے حامیوں کا احتجاج، 365 مظاہرین گرفتار، مظاہرین و پولیس میں جھڑپیں

شہید ہونیوالوں میں امداد کے منتظر 21 افراد بھی شامل، بھوک و غذائی قلت کے باعث مزید 4 فلسطینی دم توڑ گئے

غزہ، لندن (م ڈ) غزہ میں اسرائیلی فوج کی بمباری سے مزید 36 فلسطینی شہید، امداد کے منتظر 21 افراد بھی شامل ہیں، غیر ملکی ذرائع کے مطابق اسرائیلی کابینہ کی جانب سے غزہ پر مکمل قبضے کے فیصلے کے بعد شدید حملے کیے گئے، معصوم شہریوں کی بڑی تعداد نشانہ بنی، غزہ کی وزارت صحت نے کہا 24 گھنٹوں کے دوران بھوک اور غذائی قلت کے باعث مزید 4 فلسطینی دم توڑ گئے، اسرائیلی جارحیت .... بقیہ 43 صفحہ نمبر 7 پر

وزیراعظم کا اکتوبر میں دورہ جاپان پاکستان کیلئے مفید ہوگا، سینیٹر محمد عبدالقادر

ہم جاپانیوں کے تجربات سے سیکھ کر ترقی و خوشحالی کی جانب گامزن ہو سکتے ہیں

کوئٹہ (این این آئی) چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے دفاعی پیداوار سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا ہے کہ وزیراعظم پاکستان میاں شہباز شریف اکتوبر کے پہلے ہفتے میں جاپان کے سرکاری دورے پر روانہ ہوں گے دورے میں بڑے معاشی پیکج اور اہم معاہدوں کا اعلان متوقع ہیں یہ دورہ حکومت جاپان کی خصوصی دعوت پر عمل میں آ رہا ہے اور بیس سال بعد کسی .... بقیہ 44 صفحہ نمبر 7 پر

جرمنی نے اسرائیل کو اسلحہ کی فراہمی بند کرنے کا اعلان کردیا

فیصلے کے بعد اب اسرائیل کو جاری خودکار اسلحہ کی فروخت بند ہوجائے گی

فرینکفرٹ (بیورو رپورٹ) اسرائیلی وزیراعظم نیتن یاہو کے غزہ پر مکمل قبضے کے منصوبے کے اعلان پر جرمنی نے شدید تنقید کرتے ہوئے اہم اقدام کا فیصلہ کرلیا، عالمی خبر رساں ادارے کے مطابق جرمن چانسلر فریڈرک مرز نے کہا حکومت اب غزہ میں استعمال ہونے والا کوئی بھی فوجی سامان اسرائیل کو فروخت کی منظوری نہیں دے گی، جرمن حکومت کے .... بقیہ 45 صفحہ نمبر 7 پر

ملتان، زمین کے تنازع پر بیٹی اور 3 نواسے نواسیوں کو قتل کردیا

ملتان (بیورو رپورٹ) ملتان میں ظالم باپ نے بیٹی اور 3 کمسن بچوں کو قتل کردیا، پولیس کے مطابق واقعہ ملتان کے علاقے ملوک بستی میں پیش آیا، شخص نے بیٹی کو 3 بچوں سمیت قتل کر دیا، زمین اور رشتے کے تنازع پر باپ نے بیٹی اور نواسے نواسیوں کو قتل کیا، مقتول بچوں کی عمریں 2 ماہ سے 3 سال کے درمیان ہیں

پاکستان ریفائنری لمیٹڈ کا وٹول سے تیل درآمد کرنے کا معاہدہ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان ریفائنری لمیٹڈ (پی آر ایل) ستمبر میں وٹول سے نائیجیرین بونی لائٹ کروڈ آئل کا اپنا پہلا کارگو درآمد کرے گا کیونکہ ایشیائی ریفائنرز مشرق وسطی کے تیل کے مقابلے میں سستے متبادل کی طرف منتقل ہو رہے ہیں، ذرائع کے مطابق 5 لاکھ بیرل پر مشتمل ملنے والے کروڈ کارگو کی رواں ماہ کے آخر میں لوڈ ہونے اور ستمبر کے آخر تک کراچی پہنچنے کی توقع ہے

حکومت بلوچستان کی جانب سے موتی گہرام قلعہ جھل مگسی کی تزئین و آرائش کا فیصلہ

لائی دم قلعہ پنجگور، حرمائی قلعہ واشک اور خاران قلعہ کی بحالی پر بھی کام شروع، 35 کروڑ روپے فنڈ مختص

صوبے کے قدیم قلعوں کی بحالی، تزئین و آرائش سے ٹورازم کو بھرپور فروغ ملے گا، سیکرٹری سہیل الرحمن بلوچ

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان حکومت نے ضلع جھل مگسی میں قائم موتی گہرام قلعے کی تزئین و آرائش کا فیصلہ کرلیا یہ قلعہ بلوچستان کا تاج محل کہلایا جاتا ہے صوبائی حکومت نے پنجگور کے لائی دم قلعہ، واشک کے حرمائی قلعہ اور خاران قلعے کی بحالی پر کام شروع کردیا۔ سیکرٹری کلچر اینڈ ٹورازم سہیل الرحمن بلوچ نے بتایا کہ بلوچستان کے رواں سال کے .... بقیہ 46 صفحہ نمبر 7 پر

نیب نے ملک بھر سے چھ ماہ میں 547.31 ارب روپے ریکور کیے

ریکوری میں 532.33 ارب مالیت کی جائیدادیں، وفاقی و صوبائی وزارتوں، محکموں اور مالیاتی اداروں کے حوالے کی گئیں

دھوکہ دہی کے مختلف مقدمات میں 12,611 متاثرین کو انکی لوٹی ہوئی رقوم واپس دلوائی گئی، یہ کامیابیاں نیب عملے کی محنت کا مظہر ہیں

اسلام آباد (زاہد احمد خان) قومی احتساب بیورو (نیب) نے قومی اثاثوں، عوامی مفاد اور ملکی خزانے سے لوٹی ہوئی رقوم کی بازیابی کے لیے اپنی بھرپور کوششیں جاری رکھنے کے عزم کا اعادہ کیا ہے۔ سال 2025 کی دوسری سہ ماہی (اپریل تا جون) میں نیب نے 456.3 ارب روپے کی ریکارڈ بازیابی کی، جو کہ پہلی سہ ماہی میں کی گئی 91.01 ارب روپے کی ریکوری کے مقابلے میں 365.29 ارب روپے زیادہ ہے۔ سال 2025 کی پہلی دو سہ ماہیوں میں مجموعی طور پر 547.31 ارب روپے کی ریکوری کی گئی، جن میں سے .... بقیہ 64 صفحہ نمبر 7 پر

سابق وفاقی وزیر خلیل جارج اقلیتی برادری کی جشن آزادی کے سلسلے میں ریلی سے خطاب کر رہے ہیں

ایوان میں ایک رکن بھی زیادہ ہوا تو خیبر پختونخوا حکومت گرا دینگے، گورنر

کسی کی بھی حکومت گرانے کے حق میں نہیں لیکن ملک میں سزا اور جزا کا نظام ہونا چاہیے، فیصل کریم کنڈی

پی ٹی آئی والے عدالتوں سے ریلیف لیں، این آر او نہیں ملے گا، 9 مئی کے ذمہ داروں کو سزا ملنی چاہیے، گفتگو

بھٹ شاہ (بیورو رپورٹ) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے کہا ہے ایوان میں ایک رکن کی بھی اکثریت حاصل ہوئی تو کے پی حکومت گرا دیں گے تاہم اس وقت کسی حکومت کو گرانے کی سازش نہیں کر رہے، گورنر خیبر پختونخوا نے بھٹ شاہ میں حضرت شاہ عبداللطیف بھٹائی کے 282 ویں عرس کی تقریبات کے افتتاح کے موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا جب چاہیں خیبر پختونخوا حکومت کیخلاف تحریک عدم اعتماد لاسکتے ہیں جو خیبر پختونخوا میں امن لائے گا شانہ بشانہ کھڑے ہوں گے، فیصل کریم کنڈی نے طنز کرتے ہوئے کہا کیا 9 مئی کو........ بقیہ 48 صفحہ نمبر 7 پر

گوادر، کمشنر مکران قادر بخش پرکانی کو ایکسین پی ایچ ای مومن بلوچ پانی کی موجودہ بحران پر بریفنگ دے رہے ہیں

ژوب پولیس نے اسلحہ اسمگل کرنے کی کوشش ناکام بنا دی

بھاری تعداد میں اسلحہ برآمد کر کے 2 ملزمان کو گرفتار کر لیا

ژوب (آئی این پی) بلوچستان کے ضلع ژوب میں پولیس کی کامیاب کارروائی میں اندرون بلوچستان اسلحہ اسمگل کرنے کی کوشش ناکام بنا دی گئی ہے بھاری تعداد میں اسلحہ برآمد کر کے 2 ملزمان کو گرفتار کر لیا گیا ہے۔ ایس ایچ او سٹی پولیس شیخ محمد ایوب ڈی آئی خان قومی شاہراہ پر پشاور سے کوئٹہ جانیوالی پجارو گاڑی سے دوران چیکنگ .... بقیہ 47 صفحہ نمبر 7 پر

عمران نے تحفے میں ملا سونے کا لوٹا پیتل سے تبدیل کیا، فیاض چوہان

لوٹے پر سونے کا پانی چڑھوا کر توشہ خانہ میں جمع کرا دیا، سابق صوبائی وزیر

لاہور (بیورو رپورٹ) تحریک انصاف کے سابق رہنما اور عمران خان کے سابق میڈیا ایڈوائزر فیاض الحسن چوہان نے انکشاف کیا ہے کرتار پور راہداری کے افتتاح کے موقع پر سابق وزیراعظم عمران خان کو ملنے والا سونے کا لوٹا پیتل کے لوٹے میں تبدیل کرایا گیا اور لوٹے پر سونے کا پانی چڑھوا کر توشہ خانہ میں جمع کرا دیا، انٹرویو کے دوران فیاض الحسن چوہان نے........ بقیہ 49 صفحہ نمبر 7 پر

پشین ڈاکوؤں کی فائرنگ سے ایک لیویز اہلکار زخمی، 2 ڈاکو گرفتار

شہری سے موٹرسائیکل چھیننے کی اطلاع پر فورس نے ڈاکوؤں کا پیچھا کیا

پشین (آئی این پی) بلوچستان کے ضلع پشین میں لیویز فورس نے فائرنگ کے تبادلے کے بعد 2 ڈاکوؤں کو گرفتار کر لیا ہے جبکہ ڈاکوؤں کی فائرنگ سے ایک لیویز اہلکار زخمی ہو گیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق بفتہ کو پشین بازار کے قریب بنے زئی کے مقام پر مسلح افراد نے گن پوائنٹ پر ایک شہری سے موٹرسائیکل چھین لی اور فرار ہو گئے واردات کی اطلاع .... بقیہ 50 صفحہ نمبر 7 پر

عامر خان نے مجھے ایک سال تک گھر میں بند رکھا، بھائی فیصل

پوری فیملی مجھے پاگل سمجھ رہی تھی، والد کی جانب سے مدد کا منتظر رہا، انکشاف

نئی دہلی (بیورو رپورٹ) فیصل خان نے انکشاف کیا ہے بھائی بالی ووڈ سٹار عامر خان نے مجھے ایک سال تک گھر میں بند کیے رکھا، بھارتی میڈیا کے مطابق انٹرویو میں اداکار فیصل خان نے ماضی کو یاد کرتے ہوئے بتایا کچھ سالوں قبل عامر خان نے ایک سال تک ممبئی میں اپنے گھر میں بند کر دیا تھا، فیملی کی جانب سے بتایا گیا مجھے دماغی بیماری .... بقیہ 51 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ، پشتونخوا میپ کے مرکزی جنرل سیکرٹری عبدالرحیم زیارتوال قومی جرگہ سے خطاب کر رہے ہیں

دہشتگردی کی آڑ میں عام عوام کو تنگ نہ کیا جائے، سیاسی جماعتیں

حکومت سیکورٹی کی مد میں اربوں روپے خرچ کر رہی لیکن کارکردگی نہ ہونے کے برابر ہے' مولانا عبدالواسع' مولانا ہدایت الرحمان بلوچ

ایسا معلوم ہوتا ہے حکمران خود امن و امان کی بحالی اور حکومتی رٹ برقرار رکھنے میں سنجیدہ نہیں' کبیر احمد محمد شہی

معاملات میں سیاسی جماعتوں کو اعتماد میں لیا جائے تاکہ عوام کو انصاف کی فراہمی ممکن ہوسکے' آغا حسن بلوچ

کوئٹہ (اے این این) سیاسی و مذہبی جماعتوں کے رہنماؤں نے حکومتی رٹ ناکام قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ موبائل اور نیٹ ورکنگ بند کرنا مسئلے کا حل نہیں حکومت اگر واقعی دہشت گردی کے خلاف کارروائی کرنا چاہتی ہے تو رٹ برقرار رکھتے ہوئے معصوم لوگوں کی بجائے وہ لوگ جو دہشت گردی میں ملوث ہیں ان کے خلاف کارروائی کرے دہشتگردوں اور افغان مہاجرین کی آڑ میں عام عوام کو تنگ نہ .... بقیہ 65 صفحہ نمبر 7 پر

ایس پی انویسٹی گیشن صدر لاہور میاں معظم علی کی آئی جی پنجاب سے ملاقات

لاہور (آن لائن) انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور سے ایس پی انویسٹی گیشن صدر لاہور میاں معظم علی نے اہل خانہ کے ہمراہ سنٹرل پولیس آفس میں ملاقات کی۔ ترجمان پنجاب پولیس نے بتایا کہ ایس پی انویسٹی گیشن صدر معظم علی کی بیٹی اریبہ نے میٹرک کے امتحان میں اعلی کارکردگی کا مظاہرہ کیا۔ آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے ایس پی معظم علی کی بیٹی اریبہ کو تعلیمی میدان میں نمایاں کارکردگی پر شاباش دی اور بھرپور حوصلہ افزائی کی۔

آذربائیجان، آرمینیا معاہدہ، ٹرمپ کا کردار قابل تعریف ہے، وزیراعظم

پاکستان امن کیلئے امریکہ کے سہولت کاری کردار کو سراہتا ہے، شہباز شریف

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے پاکستان آذربائیجان اور آرمینیا کے درمیان تاریخی امن معاہدے کا خیر مقدم کرتا ہے، ڈونلڈ ٹرمپ نے آذربائیجان اور آرمینیا کے رہنماؤں کو قریب لانے کیلئے معاہدہ کرانے میں مدد دی، معاہدہ جنوبی قفقاز میں امن، استحکام اور تعاون کے نئے دور کا آغاز ہے، شہباز شریف نے کہا ایسا خطہ جو دہا........ بقیہ 68 صفحہ نمبر 7 پر

امریکی جریدے نے ٹرمپ، مودی کے بگڑتے تعلقات کی وجوہات بتا دیں

ٹرمپ نے پاکستان کو بھارت کے برابر کھڑا کر کے مودی کو عالمی سطح پر تنہائی میں دھکیل دیا

واشنگٹن (بیورو رپورٹ) نامور امریکی جریدے نے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ اور بھارتی وزیراعظم نریندر مودی کے بگڑتے تعلقات کی وجوہات بتا دیں، نیویارک ٹائمز کی رپورٹ کے مطابق امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے پاک بھارت جنگ کے بعد پاکستان کو بھارت کے برابر کھڑا کر کے بھارت کو ایک ایسے مقام پر پہنچا دیا جہاں اسے اپنی عالمی حیثیت کی........ بقیہ 66 صفحہ نمبر 7 پر

گلگت بلتستان میں 100 میگاواٹ سولر پاور منصوبے کی منظوری

وزیراعظم شہباز شریف نے گلگت کے عوام سے کیا گیا ایک اور وعدہ پورا کر دیا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیراعظم شہباز شریف نے گلگت بلتستان کے عوام سے کیا گیا ایک اور وعدہ پورا کر دیا، ایکنک نے گلگت بلتستان میں 100 میگاواٹ سولر پاور منصوبے کی منظوری دیدی، وزیراعظم کے اعلان کے محض 2 دن بعد ایگزیکٹو کمیٹی آف نیشنل اکنامک کونسل (ایکنک) نے گلگت بلتستان کے مختلف علاقوں میں 100 میگاواٹ سولر فوٹو وولٹیک پاور پلانٹ منصوبے کی منظوری دی، منصوبے پر کام کا باضابطہ آغاز ہو جائے گا........ بقیہ 67 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ، ایم پی اے زرک خان مندوخیل سابق کونسلر پیر جان بلوچ بخاری روڈ کا دورہ کر رہے ہیں

ایران کے سرمایہ کار پاکستان کیساتھ جوائنٹ وینچر کیلئے ہمہ وقت تیار ہیں، علی رضا جائی

پاکستان اور ایران کے مابین مقررہ تجارتی اہداف 10 ارب ڈالر کا حصول باہمی تعاون میں پنہاں ہے' ایرانی قونصل جنرل

پاکستان، ایران اور افغانستان کے جغرافیہ الگ مگر مفادات ایک ہیں ہم سب کو مل کر تجارت کی راہ میں حائل رکاوٹوں کا خاتمہ کرنا ہوگا' ایوب مریانی

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ میں متعین قونصل ایران کے قونصل جنرل علی رضا رجائی اور زاہدان چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر عبدالحکیم ریگی نے بلوچستان کے صنعتکاروں اور بزنس کمیونٹی کو میرجاوہ کے بازارچہ فری ٹریڈ زون میں سرمایہ کاری کی دعوت دیتے ہوئے کہا ہے کہ اس بابت ایران کے سرمایہ کار و صنعتکار پاکستانی سرمایہ کاروں کے ساتھ جوائنٹ وینچر کے لئے بھی ہمہ وقت تیار ہیں پاکستان اور ایران کے مابین مقررہ تجارتی اہداف 10 ارب ڈالر کا حصول باہمی تعاون میں پنہاں ہے۔ کوئٹہ سے براستہ مشہد زاہدان تک فلائی سروس کی .... بقیہ 52 صفحہ نمبر 7 پر

ڈونلڈ ٹرمپ نے امبانی کی ریفائنریز کو ہدف بنالیا، امریکی جریدہ

تمام اشارے ارب پتی مکیش امبانی، کمپنی ریلائنس انڈسٹریز کی طرف جاتے ہیں

واشنگٹن (بیورو رپورٹ) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے بھارت کیخلاف نئی تجارتی جنگ میں جس شعبے کو ہدف بنایا وہ تیل صاف کرنے والی 2 بڑی ریفائنریز ہیں، امریکی جریدے کے مطابق اگرچہ صدر ٹرمپ نے کسی کمپنی کا نام نہیں لیا لیکن تمام اشارے بھارتی ارب پتی مکیش امبانی اور کمپنی ریلائنس انڈسٹریز کی طرف جاتے ہیں، گجرات کے شہر جام نگر میں واقع ریلائنس ریفائنری دنیا کی سب سے بڑی ریفائنری ہے اور اس کا ایک تہائی تیل روس........ بقیہ 53 صفحہ نمبر 7 پر

روسی صدر سے ملاقات 15 اگست کو الاسکا میں ہوگی، ٹرمپ

واشنگٹن (بیورو رپورٹ) امریکی صدر ٹرمپ نے کہا ہے روسی صدر پیوٹن سے ملاقات 15 اگست کو الاسکا میں ہوگی، روسی حکومت کے مرکز کریملن نے بھی باضابطہ اعلان کر دیا، بیان میں کہا گیا روسی صدر ولادی میر پیوٹن اور سابق امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ 15 اگست کو امریکی ریاست الاسکا میں تاریخی سربراہی ملاقات میں شریک ہوں گے، ملاقات کے ایجنڈے میں عالمی سلامتی، سٹریٹجک ہتھیاروں میں کمی، توانائی وسائل کا استحکام اور دوطرفہ تجارتی تعلقات کی بحالی جیسے اہم موضوعات شامل ہیں، سب سے اہم نکتہ یوکرین میں جاری جنگ اور حل کے امکانات ہوں گے

عمران کے بیٹوں کیلئے سیاست، تحریک کی سربراہی آسان کام نہیں، رانا ثناء

اتحادی حکومت کی کارکردگی سے مطمئن، 2، 3 سال میں ملک کے کئی مسائل حل ہوجائینگے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیراعظم کے مشیر رانا ثناء نے عمران خان کے بیٹوں کیلئے سیاست مشکل کام قرار دیدیا، اپنے بیان میں رانا ثناء نے کہا پی ٹی آئی کی 5 اگست کی کال پر لوگوں نے رسپانس نہیں دیا، میرے خیال میں عمران خان کے بیٹوں نے ویزہ نہیں مانگا وہ مانگیں تو دے دینا چاہیے، عمران خان کے بیٹے سیاست اور ان حالات میں تحریک کی سربراہی کرنا چاہتے ہیں تو آسان کام نہیں، اتحادی حکومت کی کارکردگی سے مطمئن ہیں، آئندہ 2، 3 سال میں ملک کے کئی مسائل حل ہوجائیں گے۔

کینیڈا کے شہر سرے میں خالصتان ایمبیسی قائم

اوٹاوا (بیورو رپورٹ) سکھوں کی عالمی تنظیم سکھ فار جسٹس نے گرونانک سکھ گوردوارہ ٹیمپل کے تعاون سے کینیڈا کے شہر سرے میں خالصتان ایمبیسی قائم کر دی، کینیڈا میں مقیم سکھ کمیونٹی کے رہنماؤں نے کہا اقدام خالصتان ریفرنڈم کی تیاریوں کا حصہ اور سکھ عوام کی خود ارادیت کے حق کو اجاگر کرتا ہے۔

سٹاک ایکسچینج میں تاریخ ساز کاروباری ہفتہ، ہر دن نئی بلند ترین سطح بنی

پی ایس ایکس 100 انڈیکس 4347 پوائنٹس اضافے سے 145382 پر بند ہوا

کراچی (بیورو رپورٹ) پاکستان سٹاک ایکسچینج میں تاریخ ساز کاروباری ہفتہ رہا، 100 انڈیکس نے ہر دن نئی بلند ترین سطح بنائی، پی ایس ایکس 100 انڈیکس ہفتہ بھر میں 4347 پوائنٹس اضافے سے 145382 پر بند ہوا اور انڈیکس 5372 پوائنٹس کے بینڈ میں رہا، 100 انڈیکس کی ہفتہ وار بلند ترین سطح 146813 رہی جبکہ انڈیکس کی ہفتہ وار کم ترین سطح 141440 رہی، حصص بازار میں کاروباری ہفتے کے دوران 3.26 ارب شیئرز کے .... بقیہ 54 صفحہ نمبر 7 پر

پارلیمانی سیکرٹری سماجی بہبود حاجی ولی محمد نورزئی ایک بزرگ شخص کے مسائل سن رہے ہیں

تھرپارکر، آر او پلانٹس فنڈز میں 15 کروڑ سے زائد کی خورد برد، 2 ایگزیکٹو انجینئرز برطرف

کراچی (بیورو رپورٹ) تھرپارکر میں آر او پلانٹس کی مرمت و دیکھ بھال کے فنڈز میں 15 کروڑ سے زائد کی خورد برد سامنے آگئی، ترجمان چیف سیکرٹری کے مطابق محکمہ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ کے 2 ایگزیکٹو انجینئرز کو الزامات ثابت ہونے پر ملازمت سے برطرف کر دیا گیا، چیف سیکرٹری آصف حیدر شاہ نے دونوں افسروں کی برطرفی کی منظوری دیدی، انکوائری میں دونوں افسروں پر فنڈز کے ناجائز استعمال کے الزامات ثابت ہوئے، چیف سیکرٹری نے خورد برد شدہ رقم واپس لینے کی ہدایت کردی۔

ڈیجیٹل تجارت کے فروغ کیلئے جدید منصوبوں کا اعلان

منصوبے سے ٹیکسٹائل، گارمنٹس، سرجیکل، خوراک سمیت دیگر شعبے مستفید ہوں گے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) ایس آئی ایف سی کی کاوشوں سے ڈیجیٹل تجارت کے فروغ و معاشی ترقی کیلئے موثر پلیٹ فارم کی تیاری کا آغاز ہوگیا، پاکستان کا ڈی پی ورلڈ کے اشتراک سے دبئی میں "زیرو کوسٹ ایکسپورٹ مارٹ" کے قیام کا بھی اعلان کیا گیا جبکہ دبئی کی بندرگاہ جبل علی کے قریب "پاکستان مارٹ" کے نام سے تجارتی مرکز قائم کیا جائے گا .... بقیہ 55 صفحہ نمبر 7 پر

حکومت کا صنعتوں کے فروغ کیلئے نئی پالیسی متعارف کروانے کا فیصلہ

نئی صنعتی پالیسی کے مسودے کو جلد حتمی شکل دے کر وفاقی کابینہ سے اس کی منظوری لی جائے گی

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی حکومت نے ملک میں صنعتوں کے فروغ کے لیے نئی صنعتی پالیسی متعارف کروانے کا فیصلہ کیا ہے جس کے تحت مینوفیکچرنگ سیکٹر کے لیے سپر ٹیکس ریٹ میں کمی کے ساتھ ساتھ نئی صنعتیں لگانے اور بیمار صنعتی یونٹس کی بحالی کیلئے مراعات اور سہولیات دی جائیں گی۔ ذرائع کے مطابق وفاقی حکومت کی جانب سے جلد نئی صنعتی پالیسی کے مسودے کو حتمی شکل دے کر وفاقی کابینہ سے اس کی منظوری لی جائے گی، اس پالیسی........ بقیہ 56 صفحہ نمبر 7 پر

پشتونخوا میپ کے رہنماؤں کا اظہار تعزیت

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا میپ کے مرکزی جنرل سیکرٹری عبدالرحیم زیارتوال، مرکزی ایگزیکٹوز، جنوبی پشتونخوا کے صوبائی صدر عبدالقہار خان ودان و دیگر نے خیبر پشتونخوا کے صوبائی ڈپٹی سیکرٹری ابرار خان کے والد ملک حاجی روح نیاز خان کی وفات پر گہرے رنج و غم کا اظہار کرتے ہوئے مرحوم کی مغفرت اور سوگوار خاندان کو صبر جمیل عطا فرمانے کی دعا کی ہے۔

سیاسی جماعتوں کو گوشوارے 29 اگست تک جمع کرانے کی ہدایت

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) الیکشن کمیشن نے سیاسی جماعتوں کو مالی سال 25-2024 کے گوشوارے 29 اگست تک جمع کرانے کی ہدایت کر دی، تمام سیاسی جماعتوں کے سربراہان کو الیکشن ایکٹ 2017 کی دفعہ 210204 اور الیکشن رولز 2017 کے قاعدہ 160159 کے تحت جون 2025 میں ختم ہونے والے مالی سال 25-2024 کیلئے اپنے اکاؤنٹس کے مربوط گوشوارے 29 اگست تک جمع کرانے کی........ بقیہ 70 صفحہ نمبر 7 پر

ماحول دوست الیکٹرک ٹرام سروس شروع کرنے کا فیصلہ

پہلے مرحلے میں ٹرام کا روٹ ہربنس پورہ سے ٹھوکر نیاز بیگ تک مقرر کیا گیا

لاہور (آئی این پی) پنجاب حکومت نے شہر میں جدید اور ماحول دوست ٹرانسپورٹ متعارف کرانے کے لیے الیکٹرک ٹرام سروس شروع کرنے کا فیصلہ کرلیا ہے۔ پہلے مرحلے میں ٹرام کا روٹ ہربنس پورہ سے ٹھوکر نیاز بیگ تک مقرر کیا گیا جو کینال روڈ کے بائیں کنارے پر بنایا جائے گا تاکہ ٹریفک میں کم سے کم رکاوٹ پیش آئے۔ تفصیلات کے مطابق مسافروں کی سہولت کے لیے ٹرام اسٹاپس کے قریب سڑک کو وسیع کیا جائے گا جبکہ ٹریفک کے بہاؤ کو بہتر........ بقیہ 57 صفحہ نمبر 7 پر

ڈیرہ بگٹی میں صحت کی سہولیات میں نمایاں بہتری، دس نئے بی ایچ یوز فعال

وزیراعلیٰ بلوچستان کے وژن کے مطابق نئے اسٹاف کی تقرری سو فیصد میرٹ پر ہوئی

ڈیرہ بگٹی (یو این اے) ڈی ایس ایم پی پی ایچ آئی ڈیرہ بگٹی سید علی خان بگٹی نے کہا ہے کہ وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی کے خصوصی احکامات کی روشنی میں ضلع ڈیرہ بگٹی میں صحت کی سہولیات میں نمایاں بہتری لائی گئی ہے اس سلسلے میں پی پی ایچ آئی نے ضلع بھر میں دس نئے بی ایچ یوز مکمل طور پر فعال کر دی ہیں جبکہ نئے بی ایچ یوز کے نئے اسٹاف کی تقرری بھی وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے وژن کے عین مطابق سو فیصد میرٹ پر کر دی گئی ہے پی پی ایچ آ........ بقیہ 58 صفحہ نمبر 7 پر

حکمرانوں نے عوام کے سر پر کبھی شفقت کا ہاتھ نہیں رکھا، جمعیت نظریاتی

بلوچستان بھر میں نیٹ سروس بند ہونے کے باعث طلبہ' تاجر برادری پریشانی سے دوچار ہیں' مولانا عبدالقادر لونی' عبدالستار شاہ چشتی

پاک افغان و ایران بارڈرز بند' ڈیزل پٹرول سے منسلک لاکھوں نوجوانوں کے منہ سے نوالہ بھی چھین لیا گیا' تاجروں سے ملاقات میں گفتگو

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام نظریاتی پاکستان کے مرکزی قائم مقام امیر مولانا عبدالقادر لونی سیکرٹری اطلاعات سید عبدالستار شاہ چشتی نے کوئٹہ سٹی میکانگی روڈ، مالی باغ اور کاسی روڈ کے دورے کے دوران تاجروں اور مختلف وفود سے ملاقاتوں کے دوران گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان رقبے، قدرتی معدنیات سمیت ذخائر کے لحاظ سے ملک کے تمام صوبوں سے بڑا اور پسماندگی کے لحاظ تمام دنیا بھر میں پسماندہ ہے ریاست ماں کی حیثیت رکھتی ہے لیکن بلوچستان کے عوام کے سر پر ریاست نے شفقت .... بقیہ 59 صفحہ نمبر 7 پر

عوام کو انصاف نہیں ملا، حقوق پر ڈاکہ ڈالنے کی اجازت نہیں دینگے، پشتونخوا میپ

پارلیمنٹ اور دیگر اداروں کی بے توقیری جاری ہے، فارم 47 کی حکومت مسلط کر کے عوام کو مہنگائی، بیروزگاری، بدامنی کا تحفہ دیا گیا

آئین کی دھجیاں اڑا کر 26 ویں آئینی ترمیم کے ذریعے عدلیہ کا گلا گھونٹا گیا، پیکا ایکٹ کے ذریعے آزادی صحافت سلب کی گئی

مائنز و منرلز ایکٹ جیسے قوانین کے ذریعے عوام کے حقوق پر ڈاکہ اور قبضہ گیری کو دوام دیا جارہا ہے، کوئٹہ شہر کے امن کو تباہ کیا گیا

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے رہنماؤں نے کہا ہے کہ ملک میں اس وقت غیر اعلانیہ مارشل لاء نافذ ہے، تمام اداروں بالخصوص پارلیمنٹ کی بے توقیری جاری ہے، فارم 47 کی حکومت مسلط کر کے عوام کو مہنگائی، بیروزگاری، بدامنی کا تحفہ دیا گیا، آئین کی دھجیاں اڑا کر 26 ویں آئینی ترمیم کے ذریعے عدلیہ کا گلا گھونٹے، پیکا ایکٹ کے ذریعے آزادی صحافت سلب کرتے، مائنز و منرلز جیسے قوانین........ بقیہ 69 صفحہ نمبر 7 پر